# اردو شاعری میں قرآنی تلمیحات



زیر نگرانی

صدر شعبۂ اردو جناب الحاج ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب
ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ،
سندھ یونیورسٹی

پیش کردہ

کشور سلطانہ

پی ایچ ڈی، اردو، سندھ یونیورسٹی

Ghulam Mustafa Khan
25/2/72

نمبر شمار　　　عنوان

حصہ اوّل


۱ پیش لفظ

۲ ہمارے شعراء پر دینی اثرات اور
اُن کے مختصر حالات زندگی

۳ تلمیحات

۴ شعراء اور اُن کی تلمیحات

۵ تلمیحات بلحاظ حروف تہجی


حصہ دوم


۶ اردو شاعری میں قرآنی تلمیحات

۷ اردو ادب پر مذہب کے اثرات (ضمیمہ)

۸ ماخذات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

میرے محترم استادِ گرامی قبلہ و کعبہ الحاج جناب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب نے میرے مقالے کا عنوان "اردو شاعری میں قرآنی تلمیحات" تجویز فرمایا۔ ہر چند کہ اس پر قلم اٹھانا میری بساط سے باہر تھا لیکن توکلِ خداوندی پر میں نے یہ کام شروع کر دیا۔ مجھے اس سلسلے میں جس قدر مشکلات پیش آئیں وہ میں ہی جانتی ہوں ان مشکلات میں اگر استادِ محترم کی رہنمائی نہ ہوتی تو شاید یہ مقالہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچتا۔ اللہ کا بڑا احسان ہے اور قبلہ ڈاکٹر صاحب مدظلہٗ کی پدرانہ شفقت و محبت کا نتیجہ ہے کہ آج میں اس قابل ہو گئی ہوں کہ یہ مقالہ پیش کر سکوں۔

اللہ تعالےٰ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے فضل سے اس کٹھن منزل کو با آسانی طے کر دیا۔ میں یہ دعوٰی تو نہیں کر سکتی کہ میں نے مقالے کے تمام پہلوؤں پر کما حقہٗ روشنی ڈالی ہے

(ب)

لیکن اتنا ضرور کہہ سکتی ہوں کہ میں نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی اگر اس میں کوئی خامی نظر آئے تو اسے میری کمزوری خیال کیجیے لیکن اگر کوئی خوبی دکھائی دے تو اسے استاد محترم کا عطیہ تصور کیجیے۔

احقر:-

کشور سلطانہ

پی۔ ایچ۔ ڈی۔ اردو

سندھ یونیورسٹی

۲۵۔۱۲۔۷۲

(حصہ اوّل)

# ہمارے شعرائے پر دینی اثرات

اور

# اُن کے مختصر حالاتِ زندگی

اردو کی شاعری پر قرآن کے اثرات کو واضح طور پر
بیان کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہندوستان کی اردو شاعری کا پس منظر
بیان کیا جائے۔ کیونکہ اردو زبان ہندوستان کی پیداوار ہے اور
جو زبان جس علاقہ میں وجود میں آتی ہے اس میں اس علاقے کے
ماحول اور معاشرے کے تمام جزوی وکلی مسائل کے اثرات کا
بہت گہرا اثر پڑتا ہے

جب ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم ہوئی تو وہاں
کے ماحول اور معاشرے نے بھی اپنا رخ بدلا۔ ہندوستان میں جو مسلمان
فاتح آیا وہ اپنے ساتھ اسلامی ماحول و معاشرت کے اثرات
لے کر آیا۔ جس سے ہندوستان کی اقوام پر اثر پڑنا ضروری
تھا۔ اور الناس علی دین ملوکھم کے مصداق لوگوں نے بادشاہ
کے دین کو اپنایا جس کی وجہ سے یہاں اسلام کی بنیادیں
از خود قائم ہونی شروع ہوگئیں پھر ان سلاطین کے ساتھ

علماء و مشائخ کا ایک طبقہ آیا جس کا بنیادی مقصد ہندوستان میں اسلامی اصولوں کو پھیلانا تھا۔ اور بلا شبہ اُنہی کی کوششوں سے ہندوستان میں اسلام کی کرنیں پھیلیں جس نے پورے ہندوستان میں روشنی پھیلائی۔ اردو زبان جس کی سرپرستی صوفیائے کرام اور علماء نے کی اپنے دامن میں قرآن کے وسیع مضامین رکھتی ہے۔ ہندوستان میں جس قدر علماء و مشائخ گزرے سب ہی نے شعر گوئی کو اپنا شعار بنایا ان میں امیر خسرو سے لے کر آخر تک برابر ایسے لوگ ہوئے جنہوں نے نہ صرف فارسی میں قرآن کے مضامین کو نظم کیا بلکہ اردو شاعری کے ذریعہ بھی ان خیالات و افکار کو عام کرنے کی پوری کوشش کی۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم نے اسی سلسلہ میں ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام "اردو کی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا حصہ" ہے اس کتاب کے

مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صوفیائے کرام نے کیسے کیسے اعلیٰ
خیالات کو تصوف کی چاشنی میں ڈبو کر عام مسلمانوں تک
پہنچائے۔ بلاشبہ ان بزرگوں کی خدمات کو اردو سے محبت
رکھنے والے افراد کبھی نہیں بھلا سکتے۔

جس زمانے میں اردو وجود میں آئی اس وقت
ہندوستان میں شاعری کا عام رواج تھا۔ اور یہاں کے باشندے
اس کو پوری طرح سمجھتے تھے اسی صورت میں صوفیائے کرام اور علماء
وغیرہ کے لیے تبلیغ کا ایک ذریعہ اردو شاعری بھی تھا۔
چنانچہ انہوں نے اسے اختیار کیا اور اس کے ذریعہ اپنے
خیالات کو عوام و خواص غرض ہر طبقہ تک پہنچایا۔
بقول مولانا عبد السلام ندوی " اردو شاعری کا آغاز مذہبی
حیثیت سے ہوا اور ایک مدت تک مذہبی خیالات شاعری
کا جزو غالب رہے۔" (شعر الہند جلد دوم ص ۷۲)

اگرچہ اردو میں اور بھی بہت سے ایسے شعرا ہوئے جنہوں نے رندی اور سرمستی کو اپنا مذہب بنایا ۔ نقادانِ فن نے شعر کی تعریف یوں کی ہے۔ کہ " وہ کلام موزوں جو اپنے تاثرات کو عام کرنے میں ممدو و معاون ثابت ہو صحیح معنی میں شاعری ہے اور جس کا کلام اس معیار پر نہیں اترتا وہ شاعر ہی شاعر کہلانے کا مستحق نہیں "

اردو شاعری چونکہ صوفیاء اور علماء کے دامن تربیت میں پلی بڑھی اور جوان ہوئی تو اس میں اپنے بزرگوں کی تمام باتیں قدرتی طور پر ودیعت ہو گئیں ۔

# ولی

ولی کا اصلی نام محمد ولی اللہ تھا وہ گجرات کے شہر احمد آباد کے رہنے والے تھے بعد میں گجرات سے آکر اورنگ آباد میں مقیم ہو گئے تھے اس لیے انہیں ولی اورنگ آبادی بھی کہہ دیا جاتا ہے خود ولی نے شاہ سعد اللہ گلشن کے شاگرد ہونے کا اعتراف کیا ہے۔

ولی نے اپنی شاعری کا آغاز دکنی زبان میں کیا پھر جب آپ دہلی تشریف لے گئے وہاں آپ کے استاد شاہ صاحب نے آپ کے شاعری کو دیکھ کر کے غور اردو معلی یا ریختہ میں شعر کہنے کا مشورہ دیا۔ اس کے بعد ولی نے جو کچھ کہا وہ شمالی ہند کے محاورہ کے مطابق ہے آپ کے کلام میں حقائق و معارف اور تصوف کے مسائل اور اخلاقی درس بھی ملتا ہے ولی نے اردو غزل کو پہلی مرتبہ احساس کمتری سے نکال کر فارسی غزل کے مقابل لا کھڑا کر دیا۔ ۱۱۱۹ھ میں وفات پائی۔

# سید سراج الدین سراج

پورا نام سراج الدین تھا تخلص بھی سراج تھا وہ اورنگ آباد کے رہنے والے اور درویش منش انسان تھے ۱۱۲۷ھ ۱۷۱۴ء میں پیدا ہوئے۔ بہت پُر گو شاعر تھے چنانچہ صرف چار سال میں اپنا ضخیم دیوان مرتب کر ڈالا جس میں پانچ ہزار اشعار ہیں۔ ردیف وار غزلوں کے علاوہ مثنویاں۔ مخمس۔ ترجیع بند رباعیات سب ہی کچھ شامل ہیں۔ آپ کی زبان صاف، سادہ اور دل نشیں ہے خیالات بلند اور مضامین شگفتہ ہیں

سراج نے ایک طویل مثنوی بوستان خیال بھی مرتب کی تھی جس میں ۱۱۶۰ اشعار ہیں یہ طویل مثنوی دو دن میں لکھی گئی لیکن زبان کی صفائی و روانی اور زور بیان میں کہیں کمی محسوس نہیں ہوتی۔ ان کی اس زود گوئی کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے۔ ۱۱۷۷ھ ۱۷۶۳ء میں فوت ہو گئے۔

# مرزا جانِ جاں مظہر

پورا نام مرزا جان جان تھا تخلص مظہر اختیار کیا۔ بعد میں نام میں تھوڑی سی تبدیلی ہوکر جان جان سے جانِ جاناں ہوگیا۔ ان کے والد کا نام مرزا جان تھا اسی کی مناسبت سے اورنگ زیب نے ان کا نام جانِ جاں رکھا تھا۔ ان کا سلسلۂ نسب حضرت محمد بن الحنفیہ کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مل جاتا ہے مظہر کا وطن تو آگرہ تھا لیکن والد بسلسلہ ملازمت دکن میں مقیم تھے۔ وہیں ۱۱۱۳ھ — ۱۷۰۳ء میں آپ کی ولادت ہوئی۔ آپ سولہ سال کے تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ پھر آپ دہلی میں جا بسے۔ وہیں نور محمد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی اور کچھ عرصہ بعد مشائخ میں شمار ہونے لگے جب اردو میں ایہام گوئی کا رواج دیکھا تو انہوں نے اس کو ایک عیب سمجھ کر بدلنا چاہا اپنے شاگرد یقین کے ذریعے اس تحریک کو بدل دیا ۱۱۹۵ھ — ۱۷۸۱ء کو ایک انگریز کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

## یقین

ان کا نام انعام اللہ خاں اور تخلص یقین تھا حضرت مجدد
الف ثانی کی اولاد میں تھے محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں تقریباً
۱۱۴۰ھ – ۱۷۲۸ء میں پیدا ہوئے – مرزا مظہر کے
عزیز ترین شاگرد تھے اور اتنے ذہین تھے کہ ۱۳ یا ۱۴ سال کی عمر سے ہی
کلام میں پختگی پیدا ہوگئی تھی ان کی غزلوں کا ایک مختصر دیوان ہے
لیکن خواجہ میر درد کی طرح ان کی غزلیں بھی انتخاب ہوتی ہے
۱۱۶۹ھ – ۱۷۵۵ء میں اپنے والد مظہر الدین کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔

## بیاں

ان کا نام احسن اللہ اور تخلص بیاں تھا ان کے بزرگوں کا
وطن آگرہ تھا لیکن وہ خود دہلی میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش
پائی – یقین کے ہم عصر تھے سن پیدائش ۱۱۴۰ھ – ۱۷۲۷ء کے

قریب ہوگا۔ شاعری میں مرزا مظہر کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا
یقین کی طرح ان کے کلام میں بھی بلاغت ہے فصاحت۔ روانی۔ سلاست
بدرجہ اتم موجود ہے شیفتہ نے ان کے کلام کو دل آویز۔ شیریں اور
رنگیں و شور انگیز کہا ہے

## میر عبدالحی تاباں

میر عبدالحی نام اور تاباں تخلص تھا غالباً فرخ سیر کے دور میں
۱۱۳۰ھ ـ ۱۷۱۸ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ نہایت حسین و جمیل
تھے اسی لیے لوگ ان کو یوسف ثانی کہتے تھے شاعری میں محمد علی حشمت
کے شاگرد تھے لیکن مظہر اور یقین کا تتبع کرتے تھے کلام
میں حلاوت اور پختگی ہے شراب نوشی نے ان کی صحت
کو تباہ کردیا اور وہ جوانی میں ہی ۱۱۶۳ھ ـ ۱۷۵۰ء
میں احمد شاہ کے زمانے میں وفات پاگئے۔

## مرزا محمد رفیع سوداؔ

مرزا محمد رفیع متخلص بہ سوداؔ اقلیم سخن وری کے شہنشاہ۔ اردو کے خاقانی و الوری سپہر شاعری کے درخشندہ تارے بلکہ آفتاب اور بقول اپنے حریف اور معاصر خدائے سخن میرؔ کے ریختہ گویوں کے انتخاب تھے۔

ان کے آباؤ اجداد معزز خاندان کے لوگ کابل کے باشندے تھے مرزا صاحب کے والد محمد شفیع ایک تجارت پیشہ بزرگ تھے جو کابل سے ہندوستان آئے اور دہلی میں قیام کیا۔ خاکِ دہلی ہی کو یہ فخر حاصل ہے کہ سر آمد شعرائے ہندوستان مرزا رفیع سوداؔ وہاں پیدا ہوئے۔ تاریخ ولادت ۱۱۲۵ھ ہے

مرزا صاحب کی پرورش اور تعلیم دہلی میں ہوئی۔ آپ کا کلام اس قدر مقبول اور ہر دلعزیز ہوا کہ گھر گھر اور کوچہ بازار تک پھیل گیا۔ مرزا کی زندگی میں ہی ان کا کلام مشہور ہوگیا تھا

اس پر مرزا کو فخر تھا۔ مرزا کا انتقال لکھنؤ میں ۱۱۹۵ھ مطابق ۱۷۸۱ء میں ہوا۔ بہت سے معاصرین اور نیز مابعد کے شاعروں نے وفات کی تاریخیں کہی ہیں۔ مصحفی ناسخ وغیرہ کی تاریخیں مشہور ہیں۔

## خواجہ میر درد

سید خواجہ میر نام تخلص درد تھا خواجہ محمد ناصر عندلیب کے خلف الصدق تھے سلسلۂ نسب خواجہ بہاؤ الدین نقشبند سے ملتا ہے۔ ماں کی طرف سے حضرت غوث الاعظمؒ تک پہنچتا ہے۔ خواجہ صاحب کا سنہ ولادت ۱۱۳۳ھ ہے انہوں نے اپنے ہی والد کی آغوش میں تحصیل علوم سے فراغت حاصل کی۔ قرآن۔ حدیث۔ تفسیر فقہ اور تصوف میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ طبیعت میں آزادی خود داری اور استغنا اس درجہ تھا کہ کسی کی مدح وثنا

سے اپنے قلم کو آلودہ نہیں کیا۔ خواجہ صاحب کو تصنیف و تالیف کا شوق شروع ہی سے تھا نالۂ درد ۔ آہ سرد ۔ دردِ دل ۔ شمع محفل ۔ دیوانِ اردو وغیرہ مشہور تصانیف ہیں

خواجہ صاحب کی زبان و عبارت صاف سلیس فصیح ہر شخص کی سمجھ میں آسانی سے آتی ہے درد واثر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے تصوف کو ان سے بہتر کسی نے نہیں کیا عرفان اور تصوف کے پیچیدہ اور مشکل مضامین اس خوبصورتی اور صفائی سے بیان کیے ہیں کہ دل وجد کرتا ہے

چھیاسٹھ ۶۶ برس کی عمر میں ۱۱۹۹ھ اور مطابق ۱۷۸۵ء میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

## میر تقی میر

شہنشاہ متغزلین میر تقی میر کے والد محمد علی متقی

آگرہ کے ایک تارک الدنیا بزرگ تھے وہیں میر ۱۱۳۵ھ یا
۱۱۳۶ھ میں پیدا ہوئے - انہوں نے اپنے والد کے ایک مرید سید امان اللہ
سے قرآن مجید پڑھا اور کچھ ابتدائی تعلیم حاصل کی - ابھی ان کی عمر
گیارہ، بارہ سال کی تھی کہ ان کے والد فوت ہو گئے اور گھر کی ذمہ داریاں
ان کے سر آ پڑیں - اسی پریشانی میں دہلی کا سفر کیا وہاں اپنے سوتیلے
ماموں خانِ آرزو کے مکان پر ٹھہرے - ان کی صحبت سے بہت فیض اٹھایا
لیکن پھر ناچاقی ہو گئی۔ اس کے بعد مختلف رئیسوں کے ساتھ لیکن کہیں
چین نہ ملا تو آصف الدولہ کی طلبی پر لکھنؤ چلے گئے لیکن وہاں بھی
سکون نصیب نہ ہوا -

آلام و مصائب نے ان کی طبیعت میں جو سوز و گداز پیدا
کر دیا تھا وہ ان کی شاعری کا بھی ایک جزو بن گیا۔ ان کے کلام میں
سوز و گداز اور درد و الم کی کیفیتیں بہت شدت سے محسوس ہوتی ہیں
ان کی زبان سادہ - سلیس شیریں اور فصیح ہے ان کا اکثر کلام سہل ممتنع

کی حدود میں آتا ہے ان کے کلام کی تاثیر تیر و نشتر کا کام دیتی ہے
آخرکار ایک طویل مدت تک رہین ستم ہائے روزگار رہ کر
۱۲۲۵ھ مطابق ۱۸۱۰ء میں انتقال کر گئے

## محمد میر سوز

محمد میر سوز ۱۷۲۰ء کے قریب دہلی میں پیدا ہوئے وہیں تعلیم و
تربیت پائی۔ کتابی تعلیم کے علاوہ انہیں تیر اندازی اور گھوڑے کی
سواری میں بھی مہارت حاصل تھی۔ بہترین خوش نویس تھے۔ پہلے
میر تخلص کرتے تھے بعد میں سوز ہو گئے محمد شاہ اور احمد شاہ کے
دورِ حکومت میں دہلی میں قیام کیا اس کے بعد فرخ آباد چلے گئے۔ ۱۱۹۱ھ
۱۷۷۷ء میں فیض آباد اور لکھنؤ چلے گئے۔ لیکن وہاں بھی سکون و
اطمینان کی کوئی صورت نظر نہیں آئی ۱۷۹۷ء میں مرشد آباد
گئے وہاں بھی ناکامی سے دوچار ہوئے مجبوراً پھر لکھنؤ آ گئے

سوز نہایت ظریف - خندہ رو اور جوہر شناس انسان تھے اس دور کے صفِ اوّل کے شاعروں میں ان کا شمار ہوتا ہے - ان کی زبان نہایت صاف - سادہ اور بے تکلف ہے صفائی اور محاورہ بندی کا انہیں خاص خیال رہتا ہے کلام میں ہر جگہ بے ساختہ پن دکھائی دیتا ہے ۱۲۱۲ھ ۱۷۹۷ء میں فوت ہو گئے -

## میر حسن

اردو کی بہترین عشقیہ مثنوی "سحر البیان" کے مصنف میر حسن ۱۱۴۰ھ ۱۷۲۸ء کے لگ بھگ دہلی میں پیدا ہوئے - میر حسن ایک قدیم اور مہذب سید خاندان کے چشم و چراغ تھے - ان کے گھر میں کئی پشت سے زبان دانی اور شعر و شاعری کا چرچا تھا - اس طرح شوقِ شعر ان کو ورثہ میں ملا تھا زبان و بیان کی تمام خوبیاں موجود ہیں اگرچہ ان کی شہرت ان کی مثنوی "بے نظیر و بدر منیر" کی وجہ

سے ہے لیکن غزل میں بھی ان کا مقام کافی بلند ہے ان کے کلام میں
صداقت و اصلیت کی پوری جھلک موجود ہے ان کی زندگی بھی مصائب
و آلام سے بھری ہوئی تھی اس لیے کلام میں بھی سوز و گداز۔ محرومی و حرماں
نصیبی بہت ہے۔ کلام میں سنجیدگی وقار اور گہرائی ہے ۱۲۰۱ھ
۱۷۸۶ء میں رحلت کر گئے۔

## سید انشاء اللہ خاں انشاؔ

سید انشاء اللہ خاں مرشد آباد میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی
اور ہندوستان کی تمام زبانوں سے واقف تھے ان سب زبانوں میں
شعر بھی کہہ لیتے تھے انشاء پہلے دہلی گئے پھر وہاں سے لکھنؤ آئے۔ جہاں
ان کو مرزا سلیمان شکوہ کی مصاحبت مل گئی۔

انشاء کے کلام میں شوخی۔ طراری۔ لطیفہ سنجی۔
برجستگی آورد اور صنعت گری پائی جاتی ہے ان کے کلام کا

جوہر ان کی فکر رسا اور زبان پر پوری قدرت ہے - الفاظ کی تراشش خراشش اور بندشوں کی انوکھی ترکیبیں سینکڑوں پائی جاتی ہیں - ہندی الفاظ - ہندوستانی تلمیحات مقامی رنگ اور مقامی رسم و رواج کی بھی جھلک ان کے کلام میں ملتی ہے

۱۲۳۱ھ ۱۸۱۷ء میں لکھنؤ میں فوت ہوئے -

## شیخ غلام ہمدانی مصحفی

غلام ہمدانی نام مصحفی تخلص تھا ۱۱۶۲ھ ۱۷۵۱ء میں امروہہ میں پیدا ہوئے - اوائل شباب میں دہلی چلے گئے اور جب وہاں سکون نہ ملا تو لکھنؤ کا رخ کیا اور سلیمان شکوہ کے استاد بن گئے -

مصحفی زود گو اور پُر گو شاعر تھے - پُرگوئی کی وجہ سے ان کے کلام میں ناہمواری اور بے رنگی آگئی لیکن وہ مسلم

عاشقانہ مضامین ہم عصر شعراء سے کم تر نہیں باندھے ہیں۔ کلام میں صفائی اور روانی اور محاوروں میں برجستگی ملتی ہے۔ معمولی معمولی غلطیوں کا انہوں نے کوئی لحاظ نہ کیا۔ اور سنجیدہ مضامین پر بھی غور نہیں کر سکے۔ انہوں نے اپنے کلام کے ذریعے زبان کو سنوارنے کی کوشش کی۔

۱۲۲۵ھ ۱۸۱۰ء میں لکھنؤ میں فوت ہوئے۔

## شیخ امام بخش ناسخ

ناسخ کا سنِ ولادت ۱۱۸۹ھ ۱۷۷۵ء میں فیض آباد میں پیدا ہوئے۔ ناسخ کی غزلوں میں شکوہ الفاظ اور طرح طرح کی تشبیہات اور تصنع کی بھرمار لیکن جذبات و اثرات کی کمی ہے کہیں کہیں الفاظ کی اس قدر بہتات ہے کہ شعر کا مضمون ہی خبط ہو جاتا ہے۔ انہوں نے سنگلاخ زمینیں بھی ایجاد کیں۔ ان کی نازک خیالی اور مضمون آفرینی انہیں کی ذہنی اپج ہے جس میں نہ حقیقت

ہے اور نہ صداقت، اعلیٰ وادنیٰ دونوں قسم کے جذبات، مذہب اخلاق اور تصوف کی چاشنی بھی کہیں کہیں مل جاتی ہے ناسخ کو زبان کی اصلاح میں نمایاں کامیابی ہوئی۔ کیونکہ انہوں نے زبان سے متعلق اصول کی پورے طور پر خود بھی پابندی کی اور اپنے شاگردوں پر بھی سختی سے اس پابندی کو عائد کیا۔ اسی عہد میں دبستان لکھنؤ قائم ہوا۔ اور ناسخ اس کے مدرس اوّل ہوئے یہی طرز لکھنؤ کے موجد کہے جاتے ہیں۔

۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۳۸ء میں لکھنؤ میں وفات پائی۔

## آتش

خواجہ حیدر علی آتش خلف علی بخش دلّی کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے ان کے والد نواب شجاع الدولہ کے عہد میں دلی چھوڑ کر فیض آباد آئے۔ مغل پورہ میں سکونت اختیار کی۔ آتش کی ولادت فیض آباد میں ہوئی۔ بہت صغیر سن تھے کہ باپ

کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اسی وجہ سے تعلیم سے بھی محروم رہے۔ اور بری صحبت میں بیٹھ کر مزاج میں شوریدہ سری اور بانک پن آگیا۔ پھر لکھنؤ چلے گئے۔ لکھنؤ میں مصحفی کے شاگرد ہو گئے اور چند روز کی محنت میں ایسی مشق بہم پہنچائی کہ خود صاحبِ طرز ہو گئے۔ آتش نہایت سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ تصنع اور تکلف بالکل نہ تھا۔ ناسخ کے معاصر تھے۔ دونوں میں اکثر نوک جھونک ہوتی رہتی تھی۔ مگر اس کے باوجود وہ ناسخ کا بہت احترام کرتے تھے۔

۱۲۶۳ھ میں آتش کا انتقال ہوا۔ رشک نے تاریخ لکھی۔

"خواجہ حیدر علی اے وا مرد ند"

## شاہ نصیر الدین نصیر دہلوی

نصیر الدین نام نصیر تخلص تھا اپنے سیاہ رنگ کی وجہ سے میاں کلو کے عرف سے مشہور تھے۔ شاہ غریب کے بیٹے دلّی کے رہنے والے تھے۔

باپ ایک گوشہ نشیں فقیر تھے۔ باپ نے نصیر کی تعلیم و تربیت میں پوری کوشش کی مگر نصیر کو سوائے شاعری کے کچھ نہ آیا۔ نصیر کی شاعری کی وجہ سے شاہ عالم کے دربار میں رسائی بھی ہوئی۔ جہاں اُن کی قدر دانی خوب ہوتی تھی۔ شاہ نصیر نے سفر بہت کیے لکھنو اور حیدرآباد متعدد مرتبہ گئے۔ نصیر کا شمار زبان اور زمانہ دونوں کے اعتبار سے طبقۂ متقدمین میں کیا جاسکتا ہے مگر ان کو شہرت شعرائے متوسطین کے زمانہ میں حاصل ہوئی۔ نصیر جب چوتھی مرتبہ حیدرآباد دکن گئے تو چند روز قیام کر کے ۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۴۰ء میں انتقال ہوگیا

## میر اثر

سید محمد نام تھا۔ اثر تخلص تھا خواجہ محمد ناصر عندلیب کے بیٹے تھے خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے۔ بھائی کے نقش قدم پر چلتے تھے۔ تصوف۔ موسیقی۔ حساب اور دیگر فنون ریاضیہ میں ان کا

جواب نہ تھا۔

تصنیفات میں ایک دیوان غزلوں کا ہے ایک مثنوی خواب و خیال جو اپنے رنگ کی اردو کی پہلی مثنوی ہے ۔

۱۲۷۰ھ میں آپ کا انتقال ہوگیا ۔

## کرامت علی شہیدی

کرامت علی نام شہیدی تخلص تھا۔ عبد الرسول خاں کے بیٹے تھے۔ بانس بریلی وطن تھا۔ مگر لکھنؤ میں نشو و نما ہوئی۔ مصحفی اور شاہ نصیر سے اصلاح لی۔ شعر و سخن میں ایسی قدرت حاصل تھی۔ کہ زمین کیسی ہی سنگلاخ ہو۔ ایک طرح میں جو غزلہ و پنج غزلہ لکھتے تھے۔ اور کوئی غزل ۲۵ اور ۳۵ شعر سے کم نہ ہوتی تھی ۔ پہلے سرکاری ملازمت بھی کی۔ بعد سیر و سیاحت میں زندگی گزاری۔

۱۲۵۵ھ میں حج و زیارت کے ارادہ سے گھر سے نکلے۔ مدینہ منورہ

جا رہے تھے کہ راستہ میں بیمار پڑ گئے۔ ۷ صفر ۱۲۵۶ھ
کو طائرِ روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا۔

## سید محمد خاں رند

سید محمد خاں نام رند تخلص کرتے تھے۔ نواب غیاث الدین
نیشاپوری کے بیٹے تھے جو نواب برہان الملک صوبہ دار اودھ کے
حقیقی بھانجے تھے۔ ۱۱ ربیع الاول ۱۲۱۲ھ کو فیض آباد میں
پیدا ہوئے۔ شعر و سخن سے طبعی مناسبت تھی۔ میر شمس خلیق
سے مشقِ سخن کرتے رہے لکھنؤ آکر خواجہ آتش کے شاگرد ہوئے۔
پہلے وفا تخلص تھا۔ خواجہ صاحب نے رند بنا دیا۔ دو دیوان
مرتب کیے۔ ایک دیوان "گلدستۂ عشق" کے نام سے چھپا۔
بمبئی میں سفرِ آخرت کیا۔

# عبدالحلیم شاہ صاحب

حضرت عبدالحلیم شاہ صاحبؒ کا وطن مالوف امروہہ ضلع مراد آباد تھا۔ لیکن آپ سنِ بلوغت میں ہی بسلسلہ ملازمت جے پور تشریف لے آئے تھے۔ اور وہیں آخر عمر تک سکونت پذیر رہے۔ آپ کے والد محترم سادات امروہہ میں سے تھے اور اپنے روح پرور مواعظ کی وجہ سے بڑی شہرت کے مالک تھے۔

بقول آپ کے مریدین کے حضرت عبدالحلیم شاہ صاحب نے ۹۹ سال عمر پائی۔ اور چونکہ آپ کا وصال ۲۲ ربیع الاوّل ۱۳۵۰ھ مطابق ۷ اگست ۱۹۳۱ء کو ہوا۔ اس لحاظ سے سالِ ولادت ۱۲۵۱ھ مطابق ۱۸۳۲ء قرار پاتا ہے۔

شاہ صاحب کی ابتدائی تعلیم اپنے والد ہی کے سایۂ عاطفت میں ہوئی اور انہیں کے فیضِ صحبت سے آپ نے ظاہری علوم و تربیت خصوصاً فارسی اور عربی زبانوں پر عبور حاصل کیا۔ اور

بعد میں استعداد علمی کے آفتاب بن کر چمکے۔ آپ کا زیادہ وقت ذکر و اذکار اور عبادتِ الٰہی میں لبسر ہونے لگے۔ دنیوی مشاغل کی بہ نسبت یکسوئی اور عزلت زیادہ مرغوب خاطر رہنے لگی۔ آپ کی شخصیت ہر محفل اور ہر مجلس میں منفرد اور سب سے نمایاں ہوتی تھی۔ آپ نے تمام عمر ایک گونہ بے تعلقی سے بسر کی۔

شاہ صاحب بعورے شاہ صاحب کے تکیے بیرون گھاٹ دروازہ (جے پور) میں مدفون ہوئے۔

## شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

ذوقؔ تخلص تھا شیخ محمد ابراہیم نام تھا ذوقؔ ۱۲۰۳ھ مطابق ۱۷۸۹ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حافظ غلام رسول سے حاصل کی اور شعر و شاعری کا ذوق انہیں کے فیضِ صحبت سے ہوا۔ رفتہ رفتہ ظفرؔ کی استادی کا بھی شرف حاصل کیا۔ ذوقؔ کے

کلام میں جذبات کی ترتیب اور الفاظ و محاورات تشبیہات و استعارات اور صنائع و بدائع کے برمحل اور مناسب استعمال سے بے ساختگی اور برجستگی پیدا ہو گئی ہے ان کے اشعار میں بعض عربی فقرے اور محاورے بلا تکلف نظم ہوتے ہیں ان کے یہاں صفائی عام فہمی کے ساتھ قدامت بھی پائی جاتی ہے۔ ان کا اسلوب زیادہ دلفریب و دیدہ زیب ہے وہ لفظوں کی نشست اور بندشوں کی چستی کو بار بار غور کر کے درست کرتے رہتے تھے۔ انداز بیان اور طرز اظہار کا ان کو بادشاہ مانا گیا ہے۔

۱۲۷۰ھ ۱۸۵۴ء میں اس دار فانی سے کوچ کیا۔

## حکیم مومن خاں مومن

مومن خاں نام مومن تخلص تھا۔ مومن ۱۲۱۵ھ مطابق ۱۸۰۰ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شاہ عبدالقادر دہلوی

سے اور علمِ طب اپنے عم محترم غلام حیدر خاں سے حاصل کیا۔ علمِ نجوم

رمل اور ریاضی سے بھی واقف تھے۔ شعر و شاعری سے بچپن ہی سے

مناسبت تھی۔ مومن نازک خیال شاعر تھے اسی نازک خیالی کی وجہ سے

ان کے یہاں طنز زیادہ ملتا ہے۔ مومن اپنی جذبات نگاری معنی آفرینی،

نازک خیالی اور بلند پروازی ہی کے لیے شہرہ آفاق ہوئے۔ ان کی غزلوں

میں سماجی قدریں، تہذیبی معیار توازن اور ہم آہنگی کی فضا پائی

جاتی ہے۔

۱۲۶۸ھ مطابق ۱۸۵۲ء میں کوٹھے سے گرنے کے سبب

اس دارِ فانی سے رحلت فرما گئے۔

مولوی محمد محسنؔ

محمد محسن نام محمد محسن نام اور محسنؔ تخلص تھا۔ مولوی حسن بخش

خلف مولوی حسین بخش علوی کاکوروی کے بیٹے تھے ۱۲۴۲ھ میں

بمقام کاکوری پیدا ہوئے۔ مولوی عبد الرحیم سے تحصیل علم کی۔
مین پوری میں چند روز عہدۂ نظارت پر کام کیا اور وہیں سے وکالت
ہائی کورٹ کا امتحان دے کر کامیابی حاصل کی۔
غدر تک آگرہ میں رہے ۱۲۸۸ھ میں نعتیہ قصیدہ "گلدستۂ کلامِ رحمت"
لکھا۔ سراپائے رسولِ اکرمؐ ۱۲۹۶ھ میں تصنیف کی۔ پھر ۱۲۸۹ھ میں
"صبح تجلی" لکھی۔ اور بھی کئی چھوٹی چھوٹی مثنویاں لکھیں۔
۱۳۰۱ھ میں مشہور مثنوی چراغِ کعبہ لکھی۔ ۱۸ صفر ۱۳۲۳ھ
کو اس عالمِ فانی سے عالمِ جاودانی کو رحلت کی۔

## میر انیس

میر ببر علی انیس ۱۲۱۶ھ یا ۱۲۱۷ھ میں بمقام فیض آباد
محلۂ گلاب باڑی میں پیدا ہوئے۔ بعد میں مستقل سکونت لکھنؤ
میں اختیار کر لی۔ ابتدائی کتابیں مولوی حیدر علی صاحب سے اور

صدرا مفتی میر عباس صاحب سے پڑھی تھی - فنون سپہ گری

میر کاظم علی اور ان کے بیٹے میر امیر علی سے حاصل کیے - فن

شہسواری سے بھی واقف تھے حسنِ تناسب کے ایسے عاشق تھے کہ

خواہ وہ انسان میں ہو یا کسی دوسری شے میں اس کی دل سے قدر

کرتے تھے وضعدار بھی بہت بڑے تھے -

میر انیس لکھنؤ سے تا انتزاعِ سلطنت کبھی باہر نہیں

نکلے - جب کبھی باہر جانے کا ارادہ ہوتا تو فرماتے کہ اس کلام کو اسی

شہر کے لوگ خوب سمجھ سکتے ہیں - اور کوئی اس کی قدر کیا کرے گا

لیکن تباہی لکھنؤ کے بعد پہلی مرتبہ ۱۸۶۰ء میں نواب قاسم علی خاں

کی طلب اور اصرار سے پٹنہ عظیم آباد تشریف لے گئے اور

واپسی میں بنارس بھی ٹھہرے تھے - ۱۸۷۱ء میں دکن میں بھی

قیام کیا - سب مقامات پر اپنے معرکتہ الآرا مرثیوں سے

لوگوں کو مستفیض کیا - ۱۲۹۱ھ ۱۸۷۴ء میں انتقال ہو گیا -

## نظیر اکبر آبادی

نظیر ۱۱۴۸ھ مطابق ۱۷۳۵ء میں بمقام آگرہ پیدا ہوئے۔ پھر آگرہ سے دہلی آگئے۔ شاعری میں پرانی روش کو ترک کرکے نئی روش اختیار کی۔ آپ کی پوری شاعری میں عوامی زبان نمایاں ہے اسی کے سبب آج اُن کی عظمت ہر ایک کے دل میں ہے۔ گو کہ اس وقت کے تذکرہ نگاروں نے انہیں شاعر ہی تسلیم نہیں کیا۔

۱۸۳۰ء میں انتقال ہو گیا۔

## منیر شکوہ آبادی

سید اسمٰعیل حسین نام منیر تخلص تھا۔ والد کا نام احمد حسین تھا آپ کا وطن شکوہ آباد تھا زیادہ عرصہ لکھنؤ میں رہے وہیں تعلیم و تربیت پائی۔ پہلے ناسخ سے

پھر رشک سے اصلاح لینے لگے۔ نواب علی اصغر خاں اور نواب سید محمد ذکی کے مصاحب رہے۔ بڑے پُرگو شاعر تھے مرثیہ بھی کہتے تھے تنویر الاشعار اور دوسرے دیوان یادگار چھوڑے۔

۱۸۸۱ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

## امجد حیدر آبادی

سید امجد حسین امجد ۱۸۸۶ء میں حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ایک بہت بڑے بزرگ تھے۔ اس لیے امجد کی تربیت بھی اسی طرح ہوئی۔ عربی فارسی بھی کچھ علمائے سے پڑھی۔ تکمیل تعلیم کے بعد دارالعلوم مدرسہ میں مدرس ہو گئے۔ اس کے بعد وظیفہ حاصل کر کے حیدر آباد چلے گئے۔ یہاں آکر اپنی شعری و ادبی تخلیقات منظر عام پر لائے۔ کئی کتابیں

لکھیں اور نظم میں بھی کئی مجموعے ہیں۔ آپ کا ابھی حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔

## سید احمد علی

سید احمد علی نام تخلص صفی علی غیر معروف شاعر ہیں حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر قدس سرہ کے خلیفہ تھے۔ اور حضرت شاہ ابوالمعالی کی درگاہ کے سجادہ نشین تھے۔ قصبہ انبہٹہ ضلع سہارنپور کے رہنے والے تھے شعر و سخن سے خاص ذوق رکھتے تھے۔ ایک دیوان ۱۸۴۷ء میں لکھنؤ سے شائع ہوا۔

# امیر مینائی

منشی امیر احمد نام امیر تخلص ۱۲۴۴ھ مطابق ۱۸۲۸ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ امیر حضرت مخدوم شاہ مینا کے خاندان سے تھے اسی لیے مینائی کہلاتے ہیں درسی کتابیں مفتی سعد اللہ مرحوم اور اُن کے ہم عصر علمائے فرنگی محل سے پڑھیں۔ عربی و فارسی میں بھی دستگاہ کامل حاصل کرلی تھی۔ منکسر المزاج۔ زاہد۔ متقی اور صوفی مشرب بزرگ تھے۔ شعر و سخن کا شوق بچپن ہی سے تھا۔

نواب یوسف علی خاں والئ ریاست رام پور کے طلب کرنے پر رام پور چلے گئے۔ جہاں اُن کی شاعری نقطۂ عروج کو پہنچی۔ ان کو زبان و بیان پر قدرت حاصل تھی۔ ان کی شاعری میں زبان و بیان کا ستھرا پن اور نکھار پایا جاتا ہے۔ ان کے کلام میں فصاحت و بلاغت۔ روانی و سلاست۔ اعلیٰ خیالات۔ توازن الفاظ و ایجاز شگفتگی۔ نزاکت خیال۔ بلند پروازی اور شیرینی پائی جاتی ہے ۱۲۱۸ھ ۱۹۰۰ء میں دکن میں انتقال کیا۔

# نواب مرزا داغ دہلوی

داغ ۱۲۴۷ھ ۱۸۳۱ء میں دلی میں پیدا ہوئے۔ لال قلعہ میں تعلیم و تربیت پائی اور وہیں شعر و سخن سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ استاد ذوق کے شاگرد ہوئے۔ فارسی اور عربی سے واقف تھے۔ جب ۱۸۵۷ء کا عالم آشوب ہنگامہ ہوا تو مع اہل خاندان رام پور چلے گئے۔ پھر بعد میں حیدر آباد دکن چلے گئے۔

داغ اپنے دور کے مسلم الثبوت استاد تھے۔ داغ کی زبان میں فصاحت و سادگی اور بیان میں چاشنی۔ چٹخارہ شوخی اور بانکپن ہے ان کا کلام تصنع اور تکلف سے خالی ہے۔ داغ کے اشعار بالکل بنے تلے زور دار اور موثر ہیں۔ داغ کے یہاں محاوروں کی کثرت ہے۔

۱۳۲۳ھ مطابق ۱۹۰۵ء میں آپ کا انتقال حیدر آباد دکن میں ہوا۔

# خواجہ الطاف حسین حالی

خواجہ الطاف حسین نام اور حالی تخلص تھا۔ ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ آپ کو علم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ جوانی میں دہلی آکر مرزا غالب کے شاگردوں میں شامل ہوئے۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کی صحبت بھی حالی کو ملی۔ یہ صحبت ان کی طبیعت میں ادبی جلا پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی۔

جب سر سید نے تحریک شروع کی۔ حالی اس میں بھی شامل ہوئے۔ اسی تحریک کے ذریعے انہوں نے قدیم شاعری کا رخ بدلا اور "مسدس حالی" لکھ کر اردو شاعری میں ایک حیرت انگیز انقلاب پیدا کر دیا۔ ۱۹۰۴ء میں انہیں شمس العلماء کا خطاب ملا۔ حالی بڑے نیک نفس اور پاک طینت بزرگ تھے۔ مسلمانوں کو بیدار کرنے کے لیے انہوں نے اپنی زندگی وقف کر دی۔ دسمبر ۱۹۱۴ء کو پانی پت میں انتقال فرمایا۔

## مولانا شبلی نعمانی

شبلی ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں بندول میں ۱۸۵۷ء میں
پیدا ہوئے۔ ان کے والد شیخ حبیب اللہ ایک نامی گرامی وکیل اور تاجر
تھے بچپن بہت ناز و نعم میں گزرا۔ ابتدائی تعلیم مولوی شکر اللہ سے حاصل
کی۔ غازی پور جاکر مولانا محمد فاروق چڑیا کوٹی سے علم حاصل کیا۔
مولانا فاروق کی تعلیم کا شبلی پر خاص اثر ہوا۔ ۱۸۸۳ء میں علی گڑھ کالج
میں کام کرنا شروع کر دیا۔ یہاں سرسید کی صحبت میں ان پر جدید رنگ
چڑھنا شروع ہوا۔ سرسید کی وفات کے بعد پھر اعظم گڑھ آگئے اور
ندوہ سے دلچسپی زیادہ ہو گئی۔ ۱۹۱۲ء میں اس سے بھی دستکش ہو گئے۔
شبلی سیمابی شخصیت کے مالک تھے۔ اس لیے انہیں ایک جگہ
قرار نہ تھا۔ ان کی زبان دانی اور اُن کے تبحر علمی کا ہر شخص معترف
ہے دار المصنفین کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔ آخر زمانے میں
سیرۃ النبی مرتب کر رہے تھے اُسے نامکمل چھوڑ کر نومبر ۱۹۱۴ء میں وفات پائی۔

## اکبر الٰہ آبادی

سید اکبر حسین نام اکبر تخلص تھا۔ ۱۶ نومبر ۱۸۴۶ء تاریخ ولادت ہے ابتدائی تعلیم مدارس اور سرکاری اسکولوں میں پائی۔ اکبر اپنے زمانے کی ایک بہت بڑی ہستی تھے۔ انہوں نے ایک نئے طرز کی بنا ڈالی۔ جس کے وہ خود ہی موجد اور خود ہی خاتم ہیں۔ اور اس طرزِ خاص میں ان کی نقل بالکل محال ہے ان کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ یہ ایک بے مثل شاعر ہونے کے علاوہ ناصح قوم اور بلند پایہ صوفی بھی تھے۔ ادب سوسائٹی اور حکومت کے زبردست نقاد تھے۔ مذاق و ظرافت میں بھی یکتائے روزگار تھے۔ طبعاً نہایت خلیق اور منکسر المزاج تھے اکبر فطری شاعر تھے۔ ایک عرصہ تک وکالت کے پیشے میں رہے۔ ۱۸۹۴ء میں عدالت خفیہ کے جج مقرر ہوئے۔ اس کے بعد خان بہادر کا خطاب گورنمنٹ سے حاصل کر کے ملازمت سے کنارہ کش ہو گئے۔ الٰہ آباد یونیورسٹی کے فیلو تھے۔ ستمبر ۱۹۲۱ء میں انتقال فرمایا۔

# علامہ اقبالؒ

اقبال کی پیدائش سیالکوٹ میں ہوئی۔ آپ کا سالِ ولادت ۱۸۷۰ء ہے ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں حاصل کی۔ اُس کے بعد لاہور مزید تعلیم کے لیے چلے گئے۔ ۱۹۰۵ء میں اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلینڈ گئے۔ فلسفے میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی۔ ۱۹۰۸ء میں بیرسٹری کا امتحان بھی پاس کر لیا۔

اقبال نے اردو شاعری میں نہ صرف خیالات کا اضافہ کیا ہے۔ بلکہ نئی اور نادر تشبیہات سے بھی مالا مال کیا۔ اقبال کی شاعری تین ادوار میں تقسیم ہے پہلا دور جس میں آپ کی شاعری پر داغ کا رنگ جھلکتا ہے دوسرے دور میں آپ کی تمام نظموں پر حب الوطنی کا جذبہ نمایاں ہے۔ تیسرا دور جو کہ مکمل دور ہے۔ آپ نے اپنے کلام میں فلسفیانہ خیالات کو اس طرح سمو دیا ہے کہ وہ شاعری کا ایک جزو محسوس ہوتے ہیں۔ ۱۹۳۸ء میں اردو کے اس مایہ ناز شاعر کا انتقال ہو گیا۔

# حسرت موہانی

سید فضل حسین نام اور حسرت تخلص تھا۔ ۱۸۷۵ء میں قصبۂ موہان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پہ ہوئی۔ لیکن علم و ادب کی آخری منزل کے لیے علی گڑھ میں قیام کرنا پڑا۔ آپ لکھنؤ کے مشہور شاعر تسلیم کے شاگرد تھے حسرت کو قدیم استادوں کے کلام سے فطری شغف تھا۔ آپ کی ادبی زندگی کا آغاز علی گڑھ میں بی۔ اے کرنے کے بعد ہوا۔ ایک رسالہ "اردو معلی" جاری کیا۔ سیاسی دلچسپی بھی کالج کے زمانے میں شروع ہو گئی تھی۔ ۱۹۴۷ء تک کئی بار جیل گئے۔ جیل میں بھی برابر مشق سخن جاری رکھی۔ آپ نے اپنے اشعار میں درد و اثر کے ساتھ پاکیزگیٔ خیال کا زیادہ لحاظ رکھا ہے۔ حسرت نے ابتذال اور مکروہات کو اپنی شاعری کے بالکل قریب نہیں آنے دیا۔ حسرت بڑے زندہ دل انسان تھے۔ ان کے مزاج میں قناعت اور سادگی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ ان کا انتقال ۱۳ مئی ۱۹۵۱ء کو ۷۵ برس کی عمر میں لکھنؤ میں ہوا۔

# مولانا ظفر علی خان

مولانا ظفر علی خان ۱۸۷۳ء میں موضع کوٹ مرتھ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مشن اسکول وزیرآباد میں پائی۔ پھر علی گڑھ چلے گئے۔ یہاں سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد نواب محسن الملک مرحوم کے سیکرٹری مقرر ہو گئے۔ اس کے بعد حیدرآباد چلے گئے اور ایک مترجم کی حیثیت سے کام شروع کیا۔ اور ترقی کرتے کرتے اسٹنٹ سیکرٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ کے عہدے تک پہنچے۔ حیدرآباد سے قطع تعلق کے بعد آپ نے لاہور سے روزنامہ "زمیندار" جاری کیا۔ جو اب تک کامیابی سے جاری ہے۔

مولانا کی زندگی کا بیشتر حصہ سیاسیات میں گزرا۔ آپ بہت بڑے شاعر زبردست مقرر اور بلا کے انشاء پرداز ہیں آپ کی تحریر میں زور اور روانی ہے۔ ۱۹۵۶ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

# مولانا سید سلیمان ندوی

سید سلیمان ندوی ۱۸۸۴ء میں پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام حکیم ابو اسحاق تھا۔ ابتدائی تعلیم گھر سے حاصل کرنے کے بعد دار العلوم ندوہ میں داخل ہو گئے۔ ۱۹۰۶ء میں آپ ماہ نامہ "ندوہ" کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ اور پھر پٹنہ کالج میں عربی اور فارسی کے معلم مقرر ہوئے۔ دوسری جنگِ عظیم کے دوران برطانیہ گئے۔ پھر حجاز میں اسلامی کانفرنس میں شرکت کی۔ ۱۹۱۴ء میں دار المصنفین اعظم گڑھ کی بنیاد رکھی اور ایک ماہ نامہ جاری کیا۔

۱۹۴۱ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کی جانب سے ڈی۔ لٹ کی اعزازی ڈگری ملی۔ تقسیم ہند و پاک کے بعد کراچی میں مقیم ہو گئے۔ آپ کا سب سے بڑا کارنامہ "سیرۃ النبی" کی تکمیل ہے۔ جسے آپ کے استاد مولانا شبلی نامکمل چھوڑ کر وفات پا گئے۔ ۲ نومبر ۱۹۵۳ء کو کراچی میں وفات پائی۔

## حفیظ جالندھری

۱۹۰۰ء میں حفیظ جالندھر میں پیدا ہوئے۔ بہت قلیل عرصہ میں اپنی شاعری کا سکہ ملک میں رواں کر دیا۔ شاہنامہ اسلام لکھ کر ایک خاص شہرت کے مالک ہو گئے۔ حفیظ نے اس میں اپنے مذہبی جذبات سے متاثر ہو کر اسلام کی گذشتہ عظمت و خدمات کو از سر نو دنیا کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس میں شاعرانہ حیثیت سے بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ تمام کلام میں شعریت نمایاں ہے اسلامی جوش جا بجا ذور و فخر کی لہر دوڑا دیتا ہے۔ جس سے کلام میں ایک عظمت و دلکشی پیدا ہو جاتی ہے۔ شاہنامہ اسلام کے علاوہ ان کی نظموں کے اور مجموعے بھی شائع ہو چکے ہیں

حفیظ کی غزلوں کی زبان نہایت نرم اور صاف ہے۔ حفیظ کے گیت بھی بڑے موثر ہیں۔ "ٹوٹی ہوئی کشتی کا ملاح" شہسوار کربلا۔ تین لکھے ایسی نظمیں ہیں۔ جن کو پڑھ کر حفیظ کی صلاحیتوں کا قائل ہونا پڑتا ہے۔

# ذھین شاہ تاجی

نام محمد طاسین ہے خود ہی فرماتے ہیں " پہلے طاسین تخلص
کرتا تھا۔ والد مہربان نے پہلے پہل میرا کلام دیکھا تو تعریف کی۔ اور فرمایا
تم ذہین ہو۔ یہی تمہارا تخلص ہے

کہتے ہیں کوئی ۶۵ سال پہلے میں ایک نومولود کی حیثیت
سے دنیا میں آیا۔ سات سال کی عمر میں قرآن پاک ختم کیا۔ اور ۱۱
۱۲ برس کی عمر تک فارسی کی معروف و متداول کتابیں پڑھیں۔
نو سال کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا۔ والد بزرگوار بھی اردو فارسی
اور عربی میں بہت اچھے اشعار کہتے تھے۔

ذہین کے کلام میں شوکت الفاظ فارسی تراکیب۔ تشبیہات
و استعارات کا اہتمام مبالغے کے ساتھ کرتے ہیں۔ اور اپنی شاعری
میں حقائق کو لباس مجاز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ آیات جمال
اردو کلام ہے۔

# مولانا ماہر القادری

منظور حسین تاریخی نام ہے جس کے حساب ۱۳۲۱ھ تاریخ پیدائش ہے مولد و منشاء کیسر کلاں ضلع بلند شہر یو۔پی ہے۔ والد بھی شاعر تھے۔ مگر اُن سے اصلاح نہیں لی۔ ۱۹۲۶ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ پھر ہزاروں کتابوں کا مطالعہ کیا۔ دو سال عربی ادب بھی پڑھا۔ ۱۹۲۹ء سے ۱۹۳۲ء تک حیدر آباد دکن میں قیام کیا۔ ۱۹۳۳ء میں عراق کا سفر کیا۔ شاہ غازی الاوّل سے ملاقات کی۔ ۱۹۵۴ء میں زیارتِ حرمین شریفین کی۔ ۱۹۳۳ء میں روزنامہ "مدینہ" کے ادارتی عملہ سے بھی وابستگی رہی اور رسالہ "غنچہ" کی ایڈیٹری بھی کی۔ ۱۹۴۹ء میں ماہنامہ "فاران" نکالا۔ جو اب تک کامیابی سے شائع ہو رہا ہے۔ مشاعروں کے سلسلے میں پورے پاک و ہند کا سفر کیا۔ نام نہاد ترقی پسند شعر و ادب کے خلاف ۳۰ سال سے زبان و قلم کے ذریعہ مسلسل جہاد کر رہے ہیں۔

# عبدالعزیز خالد

عبدالعزیز خالد ۱۵ جنوری ۱۹۲۷ء کو جالندھر ضلع کے گاؤں پرجیاں کلاں میں پیدا ہوئے۔ قریبی قصبے کے ہائی اسکول سے ۱۹۴۲ء میں میٹرک کیا۔ اور فوراً لاہور آگئے۔ جہاں ۱۹۵۰ء میں معاشیات میں ایم۔اے کرلیا۔ اسی سال کراچی آکر انکم ٹیکس کے محکمے میں ملازم ہوگئے۔ اب سنٹرل بورڈ ریوینو میں ڈپٹی ڈائرکٹر ہیں۔

پانچویں جماعت سے شعر کہنا شروع کردیا۔ اسی زمانے کا مصرع ہے —

گناہوں سے مبرا پر جوانی ہو نہیں سکتا

لیکن بعد میں ان کے کلام میں عربی کا اثر ہوتا گیا۔ عبدالعزیز بڑے پرگو ہیں۔ اب تک سولہ مجموعے شائع ہوچکے ہیں۔ ۱۹۶۵ء میں۔ فارقلیط۔ پر آدم جی انعام ملا۔ اور تصانیف یہ ہیں۔ دشتِ شام۔ کفِ دریا۔ گلِ نغمہ۔ زنجیرِ رمِ آہو۔ لحنِ صریر۔ کلکِ موج۔ ورقِ ناخواندہ۔ سلویٰ۔ سرودِ رفتہ۔ منحمنا۔ برگِ خزاں۔ مزمورِ میرِ مغنّی وغیرہ ہیں —

# تلمیحات

تلمیحات سے کیا مراد ہے؟

زبان کے ابتدائی دور میں چھوٹے چھوٹے سادہ خیالات اور معمولی چیزوں کے بتانے کے لیے الفاظ بنائے گئے تھے رفتہ رفتہ انسان نے ترقی کا قدم اور آگے بڑھایا جب قصّوں اور واقعات و حالات کی طرف خاص خاص لفظوں کے ذریعے اشارے ہونے لگے جہاں وہ الفاظ زبان پر آئے فوراً وہ قصّے یا واقعے آنکھوں کے سامنے آگئے۔ جن کی طرف وہ اشارہ کرتے تھے۔ ایسا ہر اشارہ تلمیح کہلاتا ہے۔

دنیا میں جو زبانیں ترقی یافتہ ہیں ان میں تلمیحیں کثرت سے ہیں طویل قصّوں اور کہانیوں علمی مسئلوں اور اصولوں کے بار بار بیان کرنے میں جو وقت ضائع کرنا پڑتا ہے اس سے ان تلمیحوں نے بچا دیا ہے۔ تلمیح اس وقت کی ایجاد ہے جبکہ انسانی عقل کی ترقی کے ساتھ زبان بھی ترقی کی بلندی پر پہنچ گئی تھی۔

طوفانِ نوح کہتے ہی وہ تمام طوفانی واقعات آنکھوں کے سامنے آجاتے ہیں جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں پیش آئے تھے صورِ اسرافیل کا لفظ زبان پر لاتے ہی وہ تمام ہیبت انگیز واقعات دل میں پھرنے لگتے ہیں

جو آغازِ قیامت کے وقت پیش آئیں گے ان میں سے پہلا اشارہ گزرے ہوئے واقعات کے ایک خوفناک منظر کو یاد دلاتا ہے دوسرا اشارہ آنے والے واقعات کے پُرہول نظارہ کو آنکھوں کے سامنے لاتا ہے۔

بلاغت کے معنی یہ ہیں کہ کم سے کم الفاظ سے زیادہ سے زیادہ معنی پیدا ہو سکیں (سمجھے جائیں)۔ یہ بات جس قدر تلمیحات میں پائی جاتی ہے الفاظ کی دیگر اقسام میں نہیں پائی جاتی۔ جس زبان میں تلمیحات کم ہیں یا بالکل نہیں ہیں وہ بلاغت کے درجے سے گری ہوئی ہے۔

تلمیحات سے ہم کیا جان سکتے ہیں؟

اگر کسی زبان کی تلمیحات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو ان سے اس زبان کے بولنے والوں کے گزشتہ واقعات اور تاریخ پر روشنی پڑتی ہے ان کے مذہبی عقاید ان کے اوہام، ان کے معاشری حالات اور ان کی رسوم اور مشاغل معلوم ہوتے ہیں۔ کسی قوم نے جس طرح تمدنی منزلیں رفتہ رفتہ طے کی ہیں اور جو تبدیلیاں اُن کی زندگی میں یکے بعد دیگرے ہوتی رہی ہیں اُن کی زبان کی

تلمیحات کے مطالعہ سے سب نظر کے سامنے آجاتی ہیں ۔

تلمیحات کے ماخذ : ــــ

تلمیحیں کہاں سے لی جاتی ہیں اگر ہم اس پر غور کریں تو حسب ذیل ماخذ معلوم ہوں گے ۔

① مائتھالوجی ( دیو مالا ) یعنی دیوتاؤں کے قصے کہانیاں ۔

② مذہبی قصے مذہبی عقائد کی کتابیں ۔

③ تاریخی واقعات ۔

④ عام فرضی قصے اور افسانے ۔

⑤ شعراء کی نظمیں خاص کر وہ نظمیں جن میں قصے بیان کیے گئے ہیں ۔

⑥ ڈراما یا ناٹک کی کتابیں ۔

اردو زبان کی تلمیحات ــــ

اردو زبان کی تلمیحات کو ہم دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں ۔

(اوّل) ادبی تلمیحات - یعنی وہ تلمیحات جو اردو نثر و نظم
میں مستعمل ہیں —
(دوم) عام تلمیحات — یعنی وہ تلمیحات جو عام طور سے بول
چال میں داخل ہیں —

اردو زبان کی ادبی تلمیحات کہاں سے آئیں اس کا پتہ چلانے کے
لیے اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ جب اسلام نے عرب سے نکل کر گرد و پیش
کے ملکوں کو فتح کیا تھا تو انہیں میں سے ایک ملک ایران تھا جب
فاتحین کے حملوں سے ایران کو سر اٹھانے اور ہوش سنبھالنے کا موقع
ملا تو ایرانیوں نے اپنے مٹے ہوئے ادب کو زندہ کرنا چاہا —
تمام ایران مذہب اسلام قبول کر چکا تھا آتش پرستی نابید ہو چکی
تھی اس لیے ایران کے جدید ادب میں عربی کی مذہبی روح دوڑنے
لگی . ایران کے جغرافیہ و تاریخ اور عرب کی مذہبیت نے مل
کر ایک نیا ادب پیدا کیا - جس کو نہ ہم خالص ایرانی ادب

کہہ سکتے ہیں نہ عربی ادب ۔ یہی جدید ایرانی ادب جو نہ عربی ادب ہے نہ ایرانی ادب بلکہ ایک نئے نام غیر ایرانی کہلانے کا مستحق ہے ۔

مغلوں نے ہندوستان پر حکومت کی ان کی زبان فارسی تھی ان زبانوں میں بھی یہی غیر ایرانی ادب جاری تھا ۔ جب فارسی شاعری کو چھوڑ کر یہاں کے شعرائے اردو زبان میں طبع آزمائی شروع کی تو قدرتی طور سے اسی غیر ایرانی ادب سے آئیں ان تلمیحات کی بھی دو قسمیں ہیں ۔

(اوّل) وہ تلمیحات جو عربی اثر سے داخل ہوئیں ۔

(دوّم) وہ تلمیحات جن میں خالص ایرانی اثر ہے ۔

اردو ادبی تلمیحات ۔

قسم اوّل ۔

ادبی تلمیحات کی قسم اوّل میں سب سے پہلے انبیاء کے متعلق عربی تلمیحات ہیں جن کو تمام اہل اسلام عظمت کی

نگاہ سے دیکھتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں ۔

آدم کی پیدائش :-

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو دنیا میں بھیج کر یہاں اپنا خلیفہ اور نائب مقرر کرنے کا ارادہ کیا فرشتوں نے کہا کہ آدم دنیا میں فساد کا باعث ہوگا۔ یہ حق تو فرشتوں کو پہنچتا ہے کہ وہ نافرمان نہیں اور ہر وقت خدا کی حمد و ثنا میں مصروف رہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے ۔

اس کے خدا آدم کو بنایا اور ان تمام روحوں کو جو دنیا میں قیامت تک پیدا ہونے والی تھیں بلایا اور ان سے پوچھا ۔ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ ۔ (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) روحوں نے جواب دیا ۔ قَالُوْا بَلٰی ۔ (بے شک تو ہمارا رب ہے) یہ تمام روحوں کا اپنے رب سے وعدہ تھا کہ وہ ہر حال میں اس کی فرماں بردار رہیں گی اس وعدے کو تکمیل کے

طور پر استعمال کیا جاتا ہے چنانچہ الست، عہدِ الست، بارِ الست، روزِ الست، مستِ الست، قالو بلیٰ اور بلیٰ وغیرہ ادب اور شاعری میں مستعمل ہے۔

آدم کو بہشت میں رہنے کے لیے بھیجا گیا اور اُن کی فرمائش پر رفاقت کی خاطر حضرت حوّا پیدا کی گئیں۔ اُنہیں جنت کی تمام نعمتوں سے منتفع یاب ہونے کی اجازت تھی سوائے گیہوں کے پودے کے۔ جسے تلمیح میں شجرِ ممنوعہ اور میوۂ ممنوعہ کہا جاتا ہے۔ شیطان کے ایما پر سانپ اور مور نے آدم کو گیہوں کھلا دیا۔ چنانچہ شیطان کی تلمیح کے ساتھ سانپ اور مور کا ذکر بھی آجاتا ہے۔

آدم کے بیٹوں میں ہابیل اور قابیل کا ذکر کشت و خون کے سلسلے میں تلمیح کے طور پر آتا ہے۔ شیطان بھی تلمیح ہے معتوب قرار پانے سے پہلے اس کا شمار بزرگ فرشتوں میں تھا اور معلّم الملکوت بھی تھا نافرمانی کی سزا کی وجہ سے اُسے ہمیشہ

کے لیے شیطان کے طور پر آزاد کر دیا گیا۔

حضرت لوطؑ کا ذکر بھی تلمیحاً آتا ہے جن کی بیوی کافر تھی۔ ان کی قوم پر عذاب آیا آگ اور پتھر برسائے گئے۔

حضرت زکریا کو آرے سے کاٹا گیا کسی واقعہ میں ایسی مشابہت پر اس تلمیح کا ذکر بھی آ جاتا ہے۔

حضرت نوحؑ نے عمر دراز پائی۔ اس کی تلمیح میں عمر نوح کا لفظ آتا ہے کنعان کی تلمیح میں جو حضرت نوح کا ناخلف بیٹا تھا فرزند نوح اور پسرِ نوح کے الفاظ آتے ہیں۔ آدم کے بعد حضرت نوح سے دوبارہ نسلِ انسانی چلی اس لیے ان کو آدم ثانی کہتے ہیں۔ حضرت نوحؑ نے اپنی نافرمان قوم کے لیے بد دعا کی۔ خدا نے پانی کا طوفان بھیجا۔ حضرت نوحؑ نے اپنی نافرمان قوم کے لیے بد دعا کی۔ خدا نے پانی کا طوفان بھیجا۔ حضرت نوحؑ نے خدا کی ہدایت کے مطابق ایک کشتی تیار کی۔ جو اسی ۸۰ آدمی ایمان لائے تھے وہ اس میں بیٹھ گئے۔

با دو باراں کا زبردست طوفان آیا اور صرف کشتی اور اس کے سواروں کے سوا پوری قوم ڈوب گئی۔ اس قصے کی طرف جب اشارہ کیا جاتا ہے تو کشتیٔ نوح اور طوفانِ نوح کی تلمیح استعمال ہوتی ہے۔ حضرت نوحؑ نے نسلِ انسانی کو برقرار رکھا لہٰذا ان کے لیے "آدمِ ثانی" کی تلمیح بھی آتی ہے۔

عاد عرب کی ایک قوم تھی جو اپنے کو عاد بن سام بن نوح کی نسل بتاتی ہے حضرت ہودؑ ان کی ہدایت کے لیے بھیجے گئے تھے۔ مگر انہوں نے نافرمانی کی اور آندھی کا عذاب ان پر بھیجا گیا اور سب ہلاک ہو گئے۔ اس قصہ کی تلمیح میں طوفانِ عاد یا صرصرِ عاد کا لفظ آتا ہے۔

ثمود عرب کی ایک اور قوم تھی جو چار واسطوں سے اپنے کو حضرت نوحؑ کی اولاد بتاتی تھی ان کی ہدایت کے لیے حضرت صالحؑ کو بھیجا گیا تھا۔ انہوں نے بھی سرکشی کی اور حضرت صالحؑ کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ

ڈالیں ۔ نافرمانی کے سبب یہ بھی ہلاک کر دیے گئے ۔ اُس قصّہ کی تلمیح میں
ناقۂ صالح کی تلمیح اسی کے لیے وضع ہوئی ہے ۔

حضرت یونسؑ کو ایک مچھلی نگل گئی تھی وہ مچھلی کے پیٹ کے اندر
بھی خدا کی حمد و ثنا میں مشغول رہے۔ آخر مچھلی نے ان کو دریا کے کنارے پر
اگل دیا ۔ یونسؑ کے لفظ سے اس قصّہ کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔

حضرت ایوبؑ پر امتحاناً خدا کی طرف سے طرح طرح کی تکلیفیں
نازل ہوئیں مگر وہ ہر حال میں خدا کا شکر ادا کرتے رہے ۔ اسی سے صبرِ ایوب
کی تلمیح ہے ۔

حضرت داؤدؑ نہایت خوش الحان تھے وہ جب خدا کی حمد و ثنا
کے راگ گاتے تو پرند ان کے گرد جمع ہو جاتے تھے ۔ مزامیرِ داؤد ۔
نغمۂ داؤد ، لحنِ داؤدی کے الفاظ سے یہی مراد ہے ۔

حضرت داؤدؑ کے بیٹے حضرت سلیمانؑ ایک بڑی سلطنت
کے مالک تھے ۔ ان کی حکومت دور دور تک پھیلی ہوئی تھی تمام مخلوقات

ان کے زیر فرمان تھی ان کے پاس ایک انگشتری تھی ۔ جس کی کرامت سے

ان کی حکومت اتنی وسیع تھی ایک دیو ان کی انگشتری چرا کر لے گیا اور

حکومت سلیمانؑ کے ہاتھ سے جاتی رہی ۔ مگر دریا پر سے گزرتے انگشتری

دیو کے ہاتھ سے نکل کر پانی میں جا گری اُسے ایک مچھلی نگل گئی ۔ کچھ عرصہ کے

بعد خدا کی مرضی سے وہ مچھلی ایک ماہی گیر کے جال میں پھنس گئی ۔ اور

شاہی محل میں پہنچی چاک کرنے پر انگشتری برآمد ہوئی ۔ اور حضرت سلیمانؑ

کی حکومت بحال ہو گئی ۔ اس انگشتری کا ذکر خاتم سلیمان یا انگشتری سلیمان

کے نام سے تلمیحاً آتا ہے ۔

حضرت سلیمانؑ کے پاس ایک جواہر نگار تخت تھا جس پر

بیٹھ کر وہ جہاں چاہتے پہنچ جاتے تھے ۔ تختِ سلیمان کا تذکرہ اسی

کے لیے کیا جاتا ہے ۔

حضرت سلیمانؑ کا محل بہت شاندار تھا صحن شیشے کا تھا

جس کے نیچے پانی کی نہر بہتی تھی اور اتنا شفاف آئینہ تھا کہ صحن پر

بینر بینی کا دھوکا ہوتا تھا۔ اس شیش محل کو شعرائے اور ادبائے تلمیحاً لاتے ہیں ۔

حضرت سلیمانؑ تمام جانوروں کی بولیاں سمجھتے تھے لہذا اس خوبی کے لیے منطق الطیر کا لفظ مستعمل ہے ۔

حضرت یعقوبؑ ایک پیغمبر گزرے ہیں ان کے گیارہ بیٹے تھے جن میں وہ حضرت یوسفؑ ( جنہیں پیغمبری بھی ملی ) کو بہت عزیز رکھتے تھے ۔ باپ کی اس خصوصی توجہ کی بنا پر باقی بھائی یوسف سے عناد رکھتے تھے ایک روز حضرت یوسفؑ کے بھائی باپ سے اجازت لے کر انہیں اپنے ساتھ بھیڑیں چرانے لے گئے اور دھوکے سے انہیں کنویں میں دھکیل دیا ۔ اور ان کا کرتا خون میں ڈبو کر گھر لے آئے ۔ باپ کو دکھا کر ایک فرضی قصہ سنایا کہ یوسفؑ کو بھیڑیا اٹھا لے گیا ۔ حضرت یعقوبؑ پر بیٹے کی جدائی بہت شاق گزری ۔ وہ بیٹے کی یاد میں دن رات رویا کرتے ۔ روتے روتے ان کی بینائی جاتی رہی ۔ اس واقعہ میں تلمیحات کی کثرت ہے ۔

بیت الحزن ، یا غم خانۂ یعقوب ، استعمال ہوا ہے ۔ حضرت یوسفؑ کو

ان کی خوبصورتی کی وجہ سے ماہِ کنعاں ، اور حضرت یعقوب کو تلمیحاً

پیرِ کنعان اور برادرانِ یوسف ۔ جس کنویں میں حضرت یوسفؑ

کو گرایا تھا اُسے چاہِ یوسفؑ کہا جاتا ہے ۔

حضرت یوسفؑ حسن و جمال میں لاثانی تھے عزیزِ مصر کی اہلیہ

زلیخا اُن پر عاشق ہوگئیں مصر کی عورتیں زلیخا کو طعنہ دیتی تھیں ۔

زلیخا نے ایک بار مصری عورتوں کو جمع کیا حضرت یوسفؑ کو پردے کے

پیچھے چھپا دیا ۔ اور ایک ایک چھری اور ایک ایک لیموں ہر عورت کو دیدیا ۔

اور اُن سے کہا کہ جب یوسفؑ پردہ کے پیچھے سے باہر آمد ہوں تو ہر عورت

اپنا لیموں چھری سے تراشے ۔ جب حضرت یوسفؑ باہر آئے تو مصری

عورتوں کے ہوش و حواس گم ہوگئے ۔ اور انہوں نے بجائے لیموں کے

اپنے ہاتھ کاٹ لیے ۔ یہ واقعہ اکثر و بیشتر تلمیح کے طور پر دہرایا

جاتا ہے زلیخا اور عزیزِ مصر کا ذکر بھی ہوتا ہے ——

حضرت ابراہیمؑ کے والد بت تراش تھے۔ تلمیحاً آذر بت تراش کا ذکر ہوتا ہے۔ آپ کی مہمان نوازی مشہور ہے۔ "خوانِ خلیل" کی تلمیح اسی طرف اشارہ کرتی ہے۔ نمرود نے عقائد کی مخالفت کی بنا پر ان کو آگ کے الاؤ میں ڈلواکر مارنے کی کوشش کی۔ مگر انگارے حضرت ابراہیمؑ پر گلزار ہو گئے۔ اور وہ زندہ سلامت اس الاؤ میں سے نکل آئے۔ "آتشِ نمرود" "گلزارِ خلیل" (خلیل اللہ حضرت ابراہیمؑ کا لقب تھا) یا گلزارِ ابراہیم کی تلمیحات اس سلسلہ میں مصروف ہیں۔

خدا نے حضرت ابراہیمؑ کا امتحان لینے کے لیے ان سے قربانی چاہی اور ان کو اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح کرنے کی بشارت دی۔ حضرت ابراہیمؑ نے اللہ کی مرضی کے مطابق ایسا ہی کیا۔ ذبحِ عظیم کی تلمیح اسی امر کی طرف اشارہ ہے۔

حضرت ابراہیمؑ نے خدا کی عبادت کے لیے کعبہ بنایا سنگِ اسود اب تک اس تعمیر کی یادگار ہے۔ کعبہ، بیت الحرام۔

بیت اللہ، بیت العتیق اور مسجد الحرام کے الفاظ اس کے لیے مستعمل ہیں۔

حضرت ابراہیمؑ دین کی تبلیغ کرنے کی غرض سے اپنی بیوی ہاجرہ اور بیٹے اسمٰعیل کو مکہ چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ حضرت اسمٰعیلؑ پیاس کی شدت سے بیقرار تھے اور بہت رو رہے تھے حضرت ہاجرہ بیٹے کی بے چینی دیکھ کر پانی کی تلاش میں اِدھر سے اُدھر دوڑتی تھیں صفا اور مروہ کے درمیان حج کے دوران دوڑنا اسی واقعہ کی یاد تازہ کرتا ہے حضرت اسمٰعیلؑ نے روتے ہوئے جس پہاڑی پر ایڑیاں رگڑیں وہاں خدا کی قدرت سے ایک چشمہ برآمد ہو گیا۔ جسے زم زم کہتے ہیں اس کا پانی بہت متبرک خیال کیا جاتا ہے اُسے آبِ زم زم کہتے ہیں۔

خضر اور سکندر ایک ساتھ آبِ حیات کے چشمے کی تلاش میں نکلتے ہیں سکندر تھک کر واپس آجاتے ہیں اور خضر کامیاب ہو جاتے ہیں اور طویل عمر پاتے ہیں ——

آبِ حیات — چشمۂ حیواں — چشمۂ خضر — آبِ بقا۔

آبِ خضر۔ چشمۂ زندگی۔ ظلمات وغیرہ اسی بات کی طرف متوجہ کرتے ہیں حضرت خضر کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ بھولے بھٹکوں کو راستہ بتاتے ہیں بحر و بر میں وہ اسی کام پر مامور ہیں چنانچہ ان کے لیے رہنما کی تلمیح مشہور ہے ۔

حضرت لقمان کو بعض نے حکماء کے گروہ میں اور بعض نے پیغمبروں کے زمرہ میں شامل سمجھا مگر ان کی حکمت کے سوا کوئی چیز مشہور نہیں ۔

حضرت موسیٰؑ بھی نہایت جلیل القدر پیغمبر تھے ان پر توریت نازل ہوئی ان کا لقب کلیم اللہ ہے ۔ ان کے زمانہ میں جو فرعون مصر پر حکمراں تھا وہ خدائی کا دعویٰ کرتا تھا ۔ حضرت موسیٰؑ نے اسی فرعون کے گھر پرورش پائی ۔ فرعون کو نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل سے ہی ایک شخص اس کے لیے تباہی و بربادی کا ذمہ دار ہوگا لہذا بنی اسرائیل میں جو بچہ پیدا ہوتا ۔ فرعون اُسے مروا ڈالتا ۔

حضرت موسیٰؑ بھی بنی اسرائیل سے تھے ان کی والدہ نے ان کو بعد از پیدائش

ایک لکڑی کے صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں بہا دیا۔ یہ صندوق بہتا ہوا

فرعون کے محل کے قریب پہنچا جو دریا کے کنارے تھا۔ فرعون کی بیوی کی نظر

اس صندوق پر پڑی۔ اس نے نکلوایا تو دیکھا ایک بہت خوبصورت بچہ اس کے

اندر بند ہے وہ بے اولاد تھی اس نے اُسے عطیۂ ایزدی سمجھا اور فیصلہ کیا

کہ اس بچے کی پرورش خود کرے گی۔ کسی دودھ پلانے والی عورت کی

تلاش ہوئی۔ حسنِ اتفاق سے انتخاب حضرت موسیٰؑ کی والدہ کا ہوا۔

اس طرح حضرت موسیٰؑ فرعون کے محل میں ہی اپنی حقیقی ماں کی آغوش

میں پرورش پانے لگے۔ فرعون کو جب خبر ہوئی تو اُسے وہم نے

آگھیرا کہ کہیں یہ بچہ وہی شخص نہ ہو جو میری تباہی کا سبب

بنے گا چنانچہ اس نے حضرت موسیٰؑ کا امتحان لیا۔ اُن کے سامنے

ایک تھال میں انگارے اور دوسرے میں جواہرات رکھے اور یہ

کہا کہ اگر یہ میرا قاتل ہو گا تو جواہرات لے گا ورنہ انگارے۔

مگر خدا کے حکم سے حضرت موسیٰ نے انگارے مٹھی میں لے کر منہ میں رکھ لیے۔ ان کا ہاتھ اور منہ دونوں جل گئے۔ یہی جلا ہوا ہاتھ جوان ہونے پر ید بیضا کے معجزے میں تبدیل ہو گیا۔ یعنی جب وہ اپنا ہاتھ بغل سے نکالتے تو اس میں سے روشنی نمودار ہوتی۔ تلمیحاً یہ معجزہ مستعمل ہے۔ ان کی زبان بھی جل ہوئی تھی جس کی وجہ سے تمام عمر لکنت رہی۔

فرعون کی بیوی نے حضرت موسیٰ کو مصری کاہنوں سے تمام علوم کی تعلیم دلوائی۔ ہوش سنبھالنے پر ان کو معلوم ہو گیا تھا کہ میں فرعون کا بیٹا نہیں ہوں اور نہ ہی قبطی ہوں۔ بلکہ بنی اسرائیل میں سے ہوں۔ قبطی اسرائیلیوں پر بہت ظلم کرتے تھے ایک مرتبہ ایک قبطی نے بغیر کسی قصور کے ایک اسرائیلی کو بہت مارا۔ یہ واقعہ جب آپ نے دیکھا تو بہت غصہ آیا۔ اور قبطی کو جان سے مار ڈالا۔ پھر مصر سے نکل کھڑے ہوئے اور مدین پہنچ گئے۔

وہاں ایک کنویں پر چند نوجوان لڑکیوں کو پانی بھرتے دیکھا۔ پیاس شدت کی تھی۔ پانی مانگا۔ جواب ملا کہ ہم اپنے مویشیوں کو سیراب کر لیں تو تمہاری خبر لیں۔ حضرت موسیٰؑ نے کہا تم مجھے پانی پلا دو میں تمہارے مویشیوں کو پانی کھینچ کر پلا دوں گا۔ انہوں نے اس شرط کو منظور کر لیا۔ یہ نوجوان لڑکیاں مدین کے پیغمبر حضرت شعیبؑ کی بیٹیاں تھیں انہوں نے اپنے والد سے اس نوجوان کا ذکر کیا۔ حضرت شعیبؑ نے حضرت موسیٰؑ کو بلا کر کہا کہ اگر تم بارہ برس تک ہمارے قبیلے کی بکریاں چراؤ تو ہم اپنی ایک لڑکی سے تمہاری شادی کر دیں گے۔ حضرت موسیٰؑ نے منظور کر لیا۔ بارہ برس کی خدمت کے بعد آپ کی شادی ہو گئی۔

آپ اپنی بیوی کو ساتھ لے کر چلے۔ راستے میں وادیٔ ایمن میں ٹھہر گئے۔ انہیں آگ کی ضرورت تھی کوہ طور پر کچھ چمک دکھائی دی۔ اس کی طرف بڑھے دیکھا ایک درخت سر تا پا روشن ہے مگر آگ کا نام نہیں۔ درخت میں سے آواز آئی۔ میں تیرا خدا ہوں تو

وادیٔ مقدس میں ہے اپنی جوتیاں اتار دے۔ موسیٰؑ نے کہا۔ رب ارنی۔
یعنی اے خدا تو اپنا دیدار مجھے دکھا۔ جواب ملا۔ لن ترانی۔ یعنی
تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا پھر جب تجلّیٔ ربانی کا ظہور ہوا۔ تو موسیٰؑ غشی
کھا کر گر پڑے۔ پہاڑ لرز گیا بلکہ جل کر سرمہ ہو گیا اس واقعہ کی طرف
حسب ذیل تلمیحات میں اشارہ کیا گیا ہے۔ تجلّیٔ طور۔ شعلۂ طور۔
نخلِ طور۔ شمعِ طور۔ شجرِ طور۔ نخلِ موسیٰ۔ جلوۂ طور۔
نخلِ ایمن۔ شمعِ ایمن۔ وادیٔ ایمن۔ نورِ سینا۔ وادیٔ سینا۔
شعلۂ سینا۔ طورِ سینا۔ سرمۂ طور۔ رب ارنی۔ لن ترانی۔
خرِّ موسیٰ (یعنی موسیٰؑ غش کھا کر گر پڑے)

جب حضرت موسیٰؑ ہوش میں آئے تو انہیں حکم ہوا کہ
تم اور تمہارے بھائی ہارون دونوں مل کر فرعون کو میرا پیغام پہنچاؤ۔
اسی وقت حضرت موسیٰ کو معجزہ عطا ہوا۔ ایک یہ کہ جب وہ اپنے
عصا کو زمین پر ڈال دیتے تو وہ اژدہا بن جاتا ۔۔۔ اسی سے

عصائے موسیٰ اور عصائے کلیم کی تلمیح آتی ہے۔

حضرت موسیٰ نے بہت دشواریوں کا سامنا کر کے بہزار دقت
بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نجات دلائی اور جب ان کو ساتھ لے کر مصر
سے باہر نکلنے لگے۔ تو فرعون نے اپنی فوج کے ساتھ ان کا پیچھا کیا۔ حضرت موسیٰؑ
دریا کے کنارے پہنچ گئے تھے اگر پیچھے ہٹتے ہیں تو فرعون کی فوج ہے اور
اگر آگے قدم بڑھاتے ہیں تو دریائے نیل کا ٹھاٹھیں مارتا پانی ہے۔ انہوں نے
اپنا عصا پانی پر مارا۔ دریا دو حصوں میں بٹ گیا۔ درمیان میں گذرنے
کے لیے خشک راستہ بن گیا۔ حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کے ساتھ دریا کے
پار پہنچ گئے۔ فرعون اور اُس کے ہمنوا بھی اسی راستے سے حضرت موسیٰؑ
کا تعاقب کرتے آگے بڑھ رہے تھے۔ اور ابھی آدھا راستہ باقی تھا۔
کہ دریا ہموار ہو گیا۔ فرعون اور اُس کے تمام ساتھی غرقِ آب ہو گئے۔
حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کو لے کر ایک جنگل میں جا بسے اس جنگل کو
"تیہ بنی اسرائیل" کا نام دیا گیا ہے یہاں وہ چالیس سال تک

مقیم رہے۔ گزر اوقات "من و سلویٰ" پر تھی جو اللہ تعالیٰ فرشتوں کے ذریعہ انہیں بھیجتا تھا۔

حضرت موسیٰ اکثر کوہ طور پر عبادت کے لیے جایا کرتے تھے یہیں ان پر توریت کا نزول ہوا۔ ایک مرتبہ آپ حسب معمول کوہ طور پر گئے ہوئے تھے۔ ایک شخص سامری سونے کا بچھڑا جس کے منہ سے آواز نکلتی تھی لے کر ان کی قوم کے پاس گئے اور انہیں گمراہ کر دیا۔ حضرت موسیٰ واپس آکر اپنی قوم سے بہت ناراض ہوئے اور بچھڑے کو جلا کر خاک کر ڈالا تلمیح میں سامری اور گوسالۂ سامری آتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ کی والدہ حضرت مریمؑ بڑی عابدہ اور زاہدہ تھیں۔ رات کو نیت کرکے دن بھر کسی سے کلام نہیں کرتی تھیں اور خدا کی یاد میں مشغول رہتی تھیں۔ اس کو "صوم مریم" اور "روزۂ مریم" کہتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ کو "ابن مریمؑ" اور "روح اللہ" کے

لقب سے یاد کیے جاتے ہیں گدھا جو ان کی سواری میں رہتا تھا وہ

خرِ عیسیٰؑ کے نام سے مذکور ہوتا ہے مسیح و مسیحا بھی حضرت عیسیٰؑ ہی

کے نام ہیں وہ قُم باذنی ۔ (یعنی کھڑا ہو میرے حکم سے)

کہہ کر مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے اس معجزے کا ذکر ‘‘اعجازِ عیسوی‘‘

دمِ عیسیٰ ۔ اعجاز عیسیٰ ۔ قُم اور قُم باذنی کے الفاظ سے یاد

کیا جاتا ہے ۔

حضرت عیسیٰؑ مٹی کے جانور بنا کر ان میں روح پھونکتے اور

اُن کو اُڑا دیا کرتے تھے ۔ چمگادڑ اسی معجزہ کی یادگار ہے جسے مرغِ عیسیٰ

اور مرغِ مسیحا کہتے تھے ۔ بیماروں کو اچھا کرنا بھی آپ کا ایک معجزہ

تھا اس کا ذکر بھی شاعری میں آتا ہے ۔

عیسائی حضرت عیسیٰؑ کو ابن اللہ کہتے ہیں آپ پر انجیل

نازل ہوئی ۔ یہودیوں نے آپؑ کو صلیب پر چڑھا دیا ۔ مگر خدا نے آپ

کو زندہ اُٹھا لیا قیامت کے قریب دوبارہ زمین پر تشریف لائیں گے

اور ایک کافر کا مقابلہ کریں گے جس کا نام دجال ہوگا خرِ دجال —
اسی آنے والے واقعہ کی تلمیح سمجھی جاتی ہے۔ آسمان پر چڑھتے وقت
ایک سوئی آپ کے پیر میں اٹکی رہ گئی۔ چونکہ دنیوی چیز تھی اس لیے ممدوح
چوتھے آسمان سے آگے نہ بڑھ سکے۔ سوزنِ عیسیٰ اسی خیال کی تلمیح ہے —

ایک تلمیح ہاروت وماروت کی ہے یہ دو فرشتوں کا نام ہے
جنہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ انسان جس طرح نفسانی خواہشوں میں مبتلا ہو
جاتے ہیں اسی طرح ہم اگر دنیا میں جائیں تو کبھی نہیں ہو سکتے۔ خدا نے
ان کو امتحاناً بھیجا اور وہ شروع میں تو وعظ و عبادت میں
مشغول رہے۔ پھر ایک رنڈی پر جس کا نام زہرہ تھا عاشق ہو گئے۔
یہ عورت نہایت حسین اور جادوگرنی تھی اس نے ان فرشتوں سے آسمان پر
جانے کا علم سیکھا۔ اور ان کو جادو کا علم سکھایا۔ خدا نے ان
فرشتوں کو بطور سزا کے بابل کے ایک کنویں میں لٹکنے کی سزا دی —
کہتے ہیں تمام دنیا کا دھواں وہیں جاتا اور ان کے نتھنوں میں داخل ہوتا

اور ان کو ایذا دیتا ہے اگر کوئی ان سے جادو سیکھنا چاہے تو وہ سکھا دیتے ہیں ۔ رنڈی اس واقعہ کے بعد آسمان پر چلی گئی اور زہرہ تارہ بن گئی ۔ زہرہ اور چاہِ بابل کے ساتھ یہ تلمیح وابستہ ہے ۔

ایک قصّہ ذوالقرنین کا ہے جس کو عام لوگوں نے سکندر سمجھا ہے کہتے ہیں کہ دو پہاڑوں کے پیچھے ایک قوم یاجوج ماجوج آباد ہے ان دونوں پہاڑوں کے درمیان ایک گھاٹی ہے جس سے یہ قوم باہر نکل کر لوگوں کو ستاتی تھی ۔ اس قوم کی شکل و صورت اور قد و قامت کی نسبت عجیب و غریب روائتیں ہیں ۔ مشہور ہے کہ سکندر ذوالقرنین نے لوہے اور تانبے کو گلا کر ایک دیوار ان پہاڑوں کے درمیان بنادی ۔ جس سے یہ لوگ باہر نہ نکل سکیں کہتے ہیں کہ ہر روز یہ لوگ اس دیوار کو چاٹ کر پتلا کر دیتے ہیں شام کو جتنی باقی رہ جاتی ہے چھوڑ دیتے ہیں رات بھر میں یہ دیوار اتنی ہی دبیز ہو جاتی ہے ۔ قیامت کے قریب یہ لوگ اس دیوار سے نکل آئیں گے دیوارِ مذکور سدِ سکندری کے نام سے مشہور ہے ۔

پارہ - ۲۵ - رکوع - ۲۰

بانگِ درا میں علامہ اقبالؒ اس ارشادِ باری کو اس طریقے

سے لاتے ہیں ۔

یہ لسان العصر کا پیغام ہے

اِنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ یاد رکھ

واقف ہوں کہ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ

اخبار وہاں کے کیا خرید وں

کلیاتِ اکبر ۔ اکبر الہ آبادی

پوری آیت قرآن پاک میں ایسے ہے ۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا

ترجمہ ۔ تحقیق وہ مکر کرتے ہیں ایک مکر

پارہ ۔ ۳۰ ۔ رکوع ۔ ۱۱

اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی جس کی شان میں آیا ہے

رحمتِ عالم ہو کے اِک اُمّی اس مکتوب کو لایا ہے

خیالستان ۔ مولانا ظفر علی خان

آیت ۔ اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

ترجمہ ۔ نہیں وہ مگر وحی کہ بھیجی جاتی ہے ۔ پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۵

چل ماں کے پاس وہ بھی کہیں غم کو کم کرے
اور اِن یکاد پڑھ کے ترے سر پہ دم کرے

آبِ بقا ۔ خان احمد حسین خان

پوری آیت ۔ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِہِمْ
لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ

ترجمہ ۔ اور تحقیق نزدیک ہیں وہ لوگ کہ کافر ہوئے کہ البتہ پھسلا دیں تجھ کو
ساتھ نظروں اپنی کے جب سنتے ہیں ذکر اور کہتے ہیں کہ تحقیق یہ البتہ دیوانہ ہے

پارہ ۔ ۲۹ ۔ رکوع ۔ ۴

خدا کی طرف سے ہے جس چیز کا
اُنہیں حکم اَنْ یُّوْصَلَ یَصِلُوْنَ

مزدور میرِ صحنی ۔ عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے ۔ وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰہُ بِہٖٓ
اَنْ یُّوْصَلَ وَیَخْشَوْنَ رَبَّہُمْ وَیَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۔

ترجمہ - اور وہ لوگ کہ ملاتے ہیں اس چیز کو کہ حکم کیا ہے اللہ تعالیٰ
نے ساتھ اس کے یہ کہ ملائی جاوے اور ڈرتے ہیں پروردگار اپنے
اور ڈرتے ہیں برائی حساب کی سے.

پارہ - ۱۳ - رکوع - ۹

کریں گے دوبارہ فنا ہو کے ہم
ظہور آدابائے نا الاوّلون ؟

منظوم ترجمہ - عبدالعزیز خالد

آیت - آوَ آبَاؤُنَا الاَوَّلُوْن

ترجمہ - یا باپ ہمارے پہلے

پارہ - ۲۳ - رکوع - ۵

قصاص میں ہے حیات تو اے اُولِی الاَلبَاب
جو رائیگاں ہے کہتے ہیں اُس لہو کو مقدم

منظوما - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں یہ آیت یوں ہے۔ فَاتَّقُوا اللّٰہَ اُولِي الْاَلْبَاب

ترجمہ ۔ پس ڈرو اللہ سے اے عقل مندو

پارہ ۔ ۲۸ ۔ رکوع ۔ ۱۸

یادِ احمدؐ میں جو رویا تو اُولِي الْاَبْصَارِ

میرے اشکوں کو عقیق یمنی کہتے ہیں

باغِ کلامِ اکبرؔ ۔ اکبرؔ وارثی

قرآن پاک میں اس طرح سے ارشادِ باری ہے

پوری آیت ۔ فَاعْتَبِرُوْا یٰاُولِي الْاَبْصَارِ

ترجمہ ۔ پس عبرت پکڑو اے آنکھوں والو ۔

پارہ ۔ ۲۸ ۔ رکوع ۔ ۴

اسی آیت کو کلیاتِ اکبرؔ میں اکبرؔ الہ آبادی ایسے کہتے ہیں

آرزو دنیا میں کب نکلی اُولِي الْاَبْصَارِ کی

چشمِ موسیٰ کو بھی حسرت رہ گئی دیدار کی

کیفیت اپنی بھی ہو جاتی جہاں میں روشن

وائے تقدیر نہ پہنچا اُولی الْاَبْصار کے پاس

شبستانِ عالمگیری۔ بے نظیر میاں عالمگیر محمد خاں

اُولِی الْاَبْصار کو تصویر نے بالکل مٹا ڈالا

کرے گی موزوں تقدیر کن آنکھوں کی مژگانی

ایک اور شعر ہے۔ دیوان منیر۔ منیر شکوہ آبادی

؎ اسیر طوطی خوش لہجہ دام آفت میں

مقام فاعتبروا ہے اے اُولِی الْاَبْصار

دیوان منیر - منیر شکوہ آبادی

ان کو سیدھا راستہ ملتا ہے حق کا جو بشر

پڑھتے ہیں دن رات اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم

باغ کلام اکبر۔ اکبر وارثی

آیت ہے۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم ۔

ترجمہ:- دکھا ہم کو راہ سیدھی -

پارہ -۱- سورۃ الفاتحہ

؎ عطا توفیق ہے تیری، تری بخشش ہدایت کا
ہے انعام طاعت کا ہے خلعت ہدایت کا

دیوان صفی علی - صفی علی

اس شعر میں بھی اوپر کی آیت کی طرف اشارہ ملتا ہے-

؎ نظر میں آیۂ اِیَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بھی رہے
صنم کے پاؤں بھی پہ لیکن سری جبیں بھی رہے

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

آیت ہے - اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

ترجمہ - تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں -

پارہ - سورۃ الفاتحہ

فنونِ بلاغت کی تفصیل سے

تمہیں کیا پتہ ، اَیُّھَا الْجَاھِلُوْن

مزمورِ میرِ مغنّی - عبدالعزیز خالد

یہ آیت قرآن پاک میں اس طرح آئی ہے - قُلْ اَفَغَیْرَ اللّٰہِ تَاْمُرُوْنِّیْ اَعْبُدُ اَیُّھَا الْجٰھِلُوْنَ -

ترجمہ - کہہ کیا پس سوا خدا کے حکم کرتے ہو تم مجھ کو کہ عبادت کروں اے جاہلو -

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۳

طلب کی مدد کرتے ہیں ان سے جو ہیں خود محتاج

طلب مدد کی ہے بِالصَّبرِ وَالصَّلٰوۃ اے دوست

قطعات و رباعیات ۔ اکبر آلہ آبادی

قرآن شریف میں پوری آیت یوں ہے۔ وَاسْتَعِینُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃ

ترجمہ ۔ اور مدد چاہو ساتھ صبر کے اور نماز کے

پارہ ۔ ۱ ۔ رکوع ۔ ۵

سرور آشنائے شعور و صبوح

ہمیشہ بالاسحار یستغفرون

مزمور سبز عشق ۔ عبدالعزیز خالد

ارشادِ باری قرآن پاک میں اس طرح ہے ۔ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ

ترجمہ ۔ اور وقت صبح کے وہی استغفار کرتے تھے۔

پارہ ۔ ۲۶ ۔ رکوع ۔ ۱۸

عبادت ہمہ کہ کریں کلام کو مصی امکانی
کہ ان کسکہ بالغیب ھم یومنون

ہزمور میری مفتی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت - الذین یؤمنون بالغیب (بقرہ رکوع - ۱)

ترجمہ - وہ جو ایمان لاتے ہیں ساتھ غیب کے
جو کہتے ہیں کرتے ہیں اس پر عمل
ہیں مقسط و بالقسط ھم یامرون

ہزمور میری مفتی - عبدالعزیز خالد

قرآن مجید میں پوری آیت اس طرح آئی ہے - و یقتلون الذین
یامرون بالقسط من الناس -

ترجمہ - اور مار ڈالتے ہیں ان لوگوں کو جو حکم کرتے ہیں
ساتھ انصاف کے لوگوں میں سے -

پارہ - ۳ - رکوع - ۱۱

بحمد اللہ بس از عمر دعا و سعی امکانی

بر آئی آرزوئے حضرت شبلی نعمانیؒ

نوائے حیات - یحییٰ اعظمی

آیت - وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ

ترجمہ - اور پاکی بیان کرتا ساتھ تعریف رب اپنے کے جس وقت

کھڑا ہوتا ہو تو - پارہ - ۲۷ - رکوع - ۴

کیا درد دل کا جوش ہے باہوش بھی بے ہوش ہے

اُف یہ تیرا کیف نظر بسم اللہ اے عین الیقین

دیوانِ درد - میر درد

یہ آیت قرآن پاک میں ہر سورۃ کے شروع میں آتی ہے پوری

آیت اس طرح سے آتی ہے - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ - شروع ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

پارہ - ۱ - رکوع - ۱۱

اسی کی آیت کو شہیدی کرامت علی اپنے دیوانِ شہیدی میں اس طرح

کہتے ہیں کہ ؎ رقم پیدا کیا کیا طرفہ بسم اللہ کی مد کی

سرِ دیوان لکھا ہے میں نے مطلع نعتِ احمدؐ کا

سید محمد اثر اپنی مثنوی "خواب و خیال" میں یوں کہتے ہیں کہ

سر یہ حاضر ہے کیجے بسم اللہ

آن کر قتل کیجئے بسم اللہ

شاہ نصیر دہلوی "چمنستانِ سخن" میں گویا ہیں

خم کی سطرِ ابرو کاتبِ قدرت نے لکھی ہے

کلیدِ علمِ معنی ہے یہ بسم اللہ صورت میں

حفیظ جالندھری بھی "شاہنامہ اسلام" میں اس آیت کو یوں لائے ہیں

کماندارانِ اسلامی نے تاکا جب نشانوں کو

تو چھوڑا ناوکوں نے کہہ کے بسم اللہ کمانوں کو

"تنزیل" میں سید اختر حسین اختر اس آیت کے لیے کہتے ہیں

سلام اُس پر کہ جس پر خود سلام اللہ آتا ہے

مگر تفسیر بسم اللہ مجھے آنسو رُلاتی ہے

داغ کہتے ہیں ؎

جب کہا میں نے کہ لو مرتا ہوں میں

بولے بسم اللہ، اچھی بات ہے

حسرت پوری آیت اس طرح لائے ہیں۔

حق کو ہوا حکم رسولِ کریمؐ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فارسی کے بہت سے شعراء نے اس آیت کریمہ کو اپنی مثنوی میں استعمال کیا ہے

مثلاً نظامی گنجوی کہتے ہیں۔ ؎ ہست کلید درِ گنجِ حکیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

؎ جو منظور خالق ہوئی رہنمائی

محمدؐ کو بھیجا بشیراً نذیراً

باغِ کلامِ اکبر - اکبر وارثی

پوری آیت ہے۔ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّ بَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۔

ترجمہ:۔ نہیں ہوں مگر ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا واسطے اُس قوم کے کہ ایمان لاتے ہیں ۔

پارہ ۔ ۹ ۔ رکوع ۔ ۱۳

اسلام اے شبیہ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا

داعی و شاہد و سراج منیر

کلیاتِ حسرت ۔ حسرت موہانی

آیت ہے۔ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ۙ وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا

ترجمہ:۔ تحقیق ہم نے بھیجا ہے تجھ کو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور پکارنے والا طرف اللہ کی ساتھ حکم اس کے کے اور چراغ روشن ۔

پارہ ۔ ۲۲ ۔ رکوع ۔ ۳

اسی آیت کو

اسی آیت کو سید امجد حسین امجد نے یوں استعمال کیا ہے ۔

لاریب ذات ان کی سراج منیر
پُر نور جس کے عکس سے ہر دوسرا ہوا

؎ اُس کی ہیبت سے لرز جو ہے بَصِیرٌ بِالْعِبَاد
جاگزیں جس میں خدا کا ڈر نہیں وہ دل نہیں

گردِ کارواں ۔ حکیم احمد شجاع

آیت ہے :- وَاللّٰہُ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۔

ترجمہ :- اور اللہ دیکھنے والا ہے بندوں کا ۔

پارہ ۔ ۳ ۔ رکوع ۔ ۱۰

؎ کریں اہلِ دل آنسوؤں سے وضو
بِفَضْلٍ مِنَ اللّٰہِ یَسْتَبْشِرُوْنَ

نزولِ میرِ مشتی ۔ عبدالعزیز خالد

آیت ہے ۔ بِفَضْلٍ مِنَ اللّٰہِ یَسْتَبْشِرُوْنَ ۔

ترجمہ ۔ ساتھ فضل اپنے کے اللہ کے سے خوش ہیں ۔

ہر ایک پنتھ میں ملتے ہیں ایسے نیک نہاد

نہ کیوں ملیں کہ یہ نص ہے لِکُلِّ قَوْمٍ ھَادٍ

جلوۂ احسن ـ احسن مارہروی

آیت ـ وَلِکُلِّ قَوْمٍ ھَادٍ ـ

ترجمہ ـ واسطے ہر ایک قوم کے ہدایت کرنے والا ہے

پارہ ـ ۱۳ ـ رکوع ـ ۷

کریں ذہن و دل کے افق کو وسیع

بِمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ یُؤْمِنُوْنَ

منزہ ومبریٰ عظمتی ـ عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں یہ آیت یوں آئی ہے ـ بِمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ یُؤْمِنُوْنَ

ترجمہ ـ ساتھ اس دین کے کہ بھیجا گیا ہے ساتھ اس کے ایمان لاتے ہیں

پارہ ـ ۸ ـ رکوع ـ ۱۷

بخوبی ہیں لیکن آگاہ ہوں

بما تاکلون و تدخرون

منصور میر مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے ۔ بما تاکلون و تدخرون

ترجمہ ۔ ساتھ اس چیز کے کہ کھاتے ہو تم اور جو کچھ ذخیرہ کرتے ہو تم

پارہ - ۳ - رکوع - ۱۳

میرے شعر میں میرے پیغامبر

ہوں ناظر بما یرجع المرسلون

منصور میر مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

یہ آیت قرآن پاک میں اس طرح آئی ہے کہ

آیت - بما یرجع المرسلون

ترجمہ ۔ ساتھ کس چیز کے پھر آتے ہیں بھیجے ہوئے .

پارہ - ۱۹ - رکوع - ۱۸

ت

تم اسرارِ کوئی کے محرم نہیں
اے اہلِ زمیں ! ھل تتفکرون

منزمور میرِ مغنّی - عبد العزیز خالد

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں اس آیت کو یوں فرماتے ہیں
کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ
ترجمہ - اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں تو کہ تم فکر کرو
پارہ - ۲ - رکوع - ۴

جس کی نومیدی سے ہو سوزِ درونِ کائنات
اُس کے حق میں تقنطوا اچھا ہے یا لا تقنطوا

بالِ جبریل - علامہ اقبالؒ

قرآن مجید میں یہ آیت بہت مقام پر آئی ہے ایک جگہ اس طرح سے
لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ
ترجمہ - مت ناامید ہو رحمت اللہ کی سے -
پارہ - ۲۴ - رکوع - ۳

بنہ رسیما یاں ضمیر السبیل

فضیلت ما بان تِلْكَ الرُّسُلُ

کلیات نعت - مولوی محمد محسن

پوری آیت کے بارے میں ارشاد باری ہے

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ

ترجمہ - یہ پیغمبر بزرگی دی ہم نے بعضے ان کے کو اوپر بعض کے

پارہ - ۳ - رکوع - ۱

میں تو اٹھتا ہوں تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ کہہ کر

نہیں ہوتا جو کوئی میرا مددگار نہ ہو

کلیات اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت اس طرح سے آتی ہے

إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّي وَرَبِّكُم

ترجمہ - تحقیق میں نے توکل کیا اوپر اللہ کے پروردگار اپنے کے

اور پروردگار عیار ہے

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۵

اسی آیت کو حفیظ جالندھری "شاہنامہ اسلام" میں کہتے ہیں کہ

خدائے پاک کا ارشاد تھا ارشادِ پیغمبرؐ

صحابہ نے مگر کھولی تو مخالفت علی اللہ پر

قیامت کا دربار ہیبت فزا

بموجب منعقد ثُمَّ لَا یُنظَرُونَ

مزمور میر مصطفیٰ ۔ عبد العزیز خالد

یہ آیت قرآن پاک میں اس طرح سے فرمائی گئی ہے۔

آیت ۔ ثُمَّ لَا یُنظَرُونَ

ترجمہ ۔ پھر نہ ڈھیل دیے جائیں گے

پارہ ۔ ۔ رکوع ۔

دکھاتے ہیں ان کو ہم اپنے نشاں

مگر دیکھ کر ثُمَّ هُمْ یَصْدِفُونَ

مزمور میر مصطفیٰ ۔ عبد العزیز خالد

پوری آیت ۔ ثُمَّ هُمْ یَصْدِفُونَ

ترجمہ ۔ پھر وہ پھیر رہتے ہیں

پارہ ۔ ۸ ۔ رکوع ۔ ۱۱۸

ہر سبق ہیں تشریح میں سینہ کی طرح

ثَمَنًا قَلِيلًا بِهٖ يَشْتَرُوْنَ

منزور میر مصطفیٰ - عبد العزیز خالد

پوری آیت - ثَمَنًا قَلِيلًا بِهٖ يَشْتَرُوْنَ

ترجمہ - مول تھوڑا ہوئے اُن کے مول لیتے ہیں

پارہ - ۲ - رکوع - ۱۵

# ج

گھروں کی بیبیاں طاری حیاتی قوم قوم جن پر

وہ معذور ہیں عاید تھا نہ حکم جاھدوا جن پر

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

پوری آیت اس طرح سے آتی ہے - وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

ترجمہ = اور محنت کرو بیچ راہ اس کی کے تو کہ تم فلاح پاؤ

پارہ - ۶ - رکوع - ۱۰

آیتِ قرآں کہ جَاءَ الْحَقُّ مصدق ہو گئی

مجلس آئین ہماری مظہرِ حق ہو گئی

ارمغانِ سلیمان - سید سلیمان ندوی

اللہ تعالیٰ اس آیت کو قرآن پاک میں اس طرح فرماتے ہیں

بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ

ترجمہ - بلکہ لایا ہے حق کو اور سچا کیا ہے پیغمبروں کو

پارہ - ۲۳ - رکوع - ۵

جَآءَ الحقُّ وَزَهَقَ الباطِلُ اُس کی زباں پر آتے ہی
کفر کے برج سر بفلک پر پرچم حمد لہرایا ہے

خیالستان - ظفر علی خاں

آیت - جَآءَ الحَقُّ وَزَهَقَ البَاطِلُ

ترجمہ - آیا حق اور گم ہوا باطل

پارہ - ۱۵ - رکوع - ۹

جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ اللہ

یہ جبریل نے کس سے آ کے کہا ہے

کہکشِ موج - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں اس آیت کے لیے ارشادِ خدا یوں ہے

وَلِلّٰہِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ

ترجمہ - اور واسطے اللہ کے ہیں لشکر آسمانوں اور زمین کے

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۹

کیا جھکا کعبے کی جانب کو ہے قبلہ بادل
سجدے کرتا ہے سوئے یثرب و بطحا بادل

محسن کاکوروی

پوری آیت ہے :- جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس۔
ترجمہ- اللہ نے کر دیا کعبہ کو جو کہ ہے بزرگی والا قیام کا باعث لوگوں کے لیے -

پارہ -۷- رکوع- ۳

# ح

زنار ہے گلے میں برہمن بچہ کا یا

وہ تار ہے شہید کی حبل الورید کا

دیوانِ عامل ۔ عامل دہلوی

پوری آیت ۔ وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ

ترجمہ ۔ اور ہم بہت نزدیک ہیں طرف اس کی

پارہ ۔ ۲۶ ۔ رکوع ۔ ۱۶

نغماتِ ماہر، میں ماہر القادری اسی آیت کو اس طرح کہتے ہیں

تجھ کو جمالِ مستتر، حَبْلُ الْوَرِیْد کی قسم[۱]

قیدِ حجاب توڑ دے صورتِ حال میں بھی آ

فقر سے شیطان ڈرتا ہے اگر

تو حسبنا اللہ سے نڈر ہو جائیے

کلیاتِ اکبر ۔ اکبر الہ آبادی

یہ پوری آیت قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس طرح سے فرماتے ہیں

[۱] گیا مشتبہ سمجھ میں آئینہ حبل الورید آیا — امیر مینائی

وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰہُ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَرَسُوْلُہٗ

ترجمہ : اور کہتے کفایت ہے ہم کو اللہ شتاب دیوے گا ہم کو اللہ فضل اپنے سے
اور رسول اس کا ۔

پارہ - ۱۰ - رکوع - ۱۳

اسی آیت کو حفیظ جالندھری "شاہنامہ اسلام" میں اس طرح کہتے ہیں کہ

یہ سن کر مطلقاً اسلام کا ہادی نہ گھبرایا
زباں سے حسبنا اللہ کہہ کے یوں حضرت نے فرمایا

# خ

صفت مہر نبوت کا بیاں ہو کیونکر
خامشی مہر دہن اور سخن ہے ششدر

محسن کاکوروی

یہ آیت ہے اشارہ کرتی اس شعر کی طرف –

خَتَمَ اللّٰہ علیٰ قلوبھم وَ علیٰ سمعھم وَ عَلیٰ ابصارھم غشاوۃ –

ترجمہ – مہر لگادی اللہ نے ان کے دلوں کانوں اور آنکھوں پر –

پارہ – ۱ – رکوع – ۱

اللہ اللہ ہم سے اتنا شکوہ

کیا یاد نہیں ہے خَرَّ مُوسٰی صَعِقًا

پیامِ امجد - سید امجد حسین امجد

پوری آیت - فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا

ترجمہ - پس جب تجلی کی پروردگار اس کے نے طرف پہاڑ کی کیا اس کو ریزہ ریزہ اور گر پڑے موسٰی بے ہوش ہو کر -

پارہ - ۹ - رکوع - ۷

وہی ان کی عنایت وہی آرزو

وَہُم مِّنْ خَشْیَتِہٖ مُشْفِقُوْن

مزدور منیر مضطر - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں یہ پوری اس طرح آئی ہے کہ

اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ

ترجمہ - مگر واسطے اس کے جو پسند کرے اور وہ ڈر اس کے سے ڈرنے والے ہیں

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۲

اسی آیت کو درد کاکوروی نے اپنی "صوفیانہ نظمیں" میں یوں کہا ہے

کبھی خَشیَۃِ اللّٰہ کبھی رحمۃ اللّٰہ

ہوئی سیر الی اللّٰہ فی اللّٰہ مع اللّٰہ

پوری آیت - وَ اِنَّ مِنْھَا لَمَا یَھْبِطُ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ

ترجمہ - اور تحقیق ان میں سے البتہ وہ ہے کہ گر پڑتا ہے ڈر اللّٰہ کے سے

پارہ - ۱ - رکوع - ۹

درد حکم خلقتہٗ سے در اصل

مرکز کائنات ہے انسان

دیوان درد - ~~شبیر~~ درد کاکوروی

پوری آیت قرآن پاک میں یوں فرمائی گئی ہے - قَالَ لَمْ اَکُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ

خَلَقْتَہٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ -

ترجمہ - کہا کہ میں نہیں لائق اس بات کے کہ سجدہ کروں واسطے بشر کے کہ

پیدا کیا اُس کو مٹی بجنے والی سے جو بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے ۔

پارہ - ۱۴ - رکوع - ۳

مجاہد تھے کہ جوش و ضبط کی خاموش تصویریں

مجاہد تھے کہ دِینِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا کی تفسیریں

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

پوری آیت - وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا

ترجمہ - اور دیکھے تو لوگوں کو داخل ہوتے ہیں بیچ دین اللہ کے فوج فوج

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۳۵

# ذ

لطف سے تیری ہوئی شوکتِ ایماں محکم
قہر سے سلطنتِ کفر ہوئی مستاصل

محسن کاکوروی

اس شعر میں اس آیت کی طرف اشارہ ملتا ہے ۔

ذالک ھدی اللہ یہدی بہ من یشآء و من
عبادہ ولو اشرکو لحبط عنھم ما کانو یعملون ۔

ترجمہ :- یہ اللہ کی ہدایت ہے اس پر چلاتا ہے جس کو چاہتا
ہے اپنے بندوں میں سے اگر یہ لوگ شرک کرتے تو البتہ
ضائع ہو جاتا جو کچھ انہوں نے کیا تھا ۔

پارہ ۔ ۷ ۔ رکوع ۔ ۱۶

دیکھتا تھا میں جدھر سر بسجدہ تھے شجر

ڈال ڈال اور پات پات ذکر ذوالجلال تھا

خیالستان ۔ مولانا ظفر علی خاں

پوری آیت قرآن پاک میں یوں اللہ پاک نے فرمائی ہے

وَيَبْقَىٰ وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

ترجمہ ۔ اور باقی رہے گی ذات پروردگار تیرے صاحب بزرگی اور

صاحبِ انعام کی ۔

پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۱۲

ماہر القادری نغماتِ ماہر میں اسی شعر کو اس طرح کہتے ہیں کہ

اے خداوندِ کریم و مہ اے خدائے ذوالجلال

اہلِ دولت کر رہے ہیں مفلسوں کو پائمال

قبلۂ عاشق وصالِ بے زوال

قبلۂ صوفی جمالِ ذوالجلال

صوفیانہ نظمیں ۔ درد کاکوروی

مرزا انیس نے ~~رباعی~~ مرثیے میں اسی آیت کو اس طرح ادا کیا ہے کہ

کیسا تھا ڈگمگا کے فرس پر وہ خوش خصال

فرزند کو سنبھالیے یا شبیر ذوالجلال

---

جو موسیٰ نے دیکھا یہی انوار

ملی رَبِّ اَرِنِیْ کی آخر کو داد

مترجم — سید اختر حسین اختر

پوری آیت — قَالَ رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْکَ

ترجمہ: — کہا اے رب میرے دکھلا دے تو مجھ کو دیکھوں میں طرف تیری —

پارہ — ۹ — رکوع — ۷

اصغر حسین گونڈوی "منشاطِ روح" میں اسی آیت کے لیے یوں

کہتے ہیں کہ ؂ لب پہ موجِ حسن جب چمکے تبسم نا کہو

قربِ آرزی کیہ کے چیخ اٹھوں تو برقِ طور ہے

حیاتِ جاوداں بخشی ہے پیغمبر نے اُمت کو

سنائی ہے یہی پیغام رَبّ العٰلمین ہم کو

چمنستان — مولانا ظفر علی خاں

پہ پوری آیت قرآن پاک کے شروع میں ایسے آئی ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

ترجمہ — سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کے

پارہ — ۱ — رکوع — ۰۰

مصلّی کی صفیں ہیں یا ہے برپا محفلِ رنداں

ہے کیفِ رتیلِ القرآن ہے یا گردش میں جام آیا

نوائے حیات — یحییٰ اعظمی

پوری آیت ۔ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا

ترجمہ ۔ یا ذیادہ کرے اوپر اس کے اور آہستہ آہستہ یعنی واضح پڑھ قرآن آہستہ پڑھنا ۔

پارہ ۔ ۲۹ ۔ رکوع ۔ ۱۳

خیابان میں مولانا ظفر علی خان اسی آیت کے فرماتے ہیں

مسجدوں میں غلغلہ ہے رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ کا

مشہور افسانوں میں ہے داؤد کے الحان کا

جلتا ہے طاقِ سینہ میں شب بھر چراغ دل

ناآشنائے خواب ہیں چشمانِ رَاجِعُوْنَ

ملک موج ۔ عبد العزیز خالد

پوری آیت ۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

ترجمہ ۔ تحقیق ہم واسطے اللہ کے ہیں اور تحقیق ہم طرف اس کے پھر جانے والے ہیں ۔

پارہ ۔ ۲ ۔ رکوع ۔ ۱۸

ٹھکرا گیا جو قبر کو میری وہ سنگ دل

غل پڑ گیا جہاں میں رَجْعٌ بَعِیْدٌ کا

دیوان عامل - عامل دہلوی

ارشادِ باری اس آیت کے ہے قرآن پاک میں یوں ہے کہ

ءَ اِذَا کُنَّا مِتْنَا وَ کُنَّا تُرَابًا ذٰلِکَ رَجْعٌ بَعِیْدٌ

ترجمہ - کیا جب مر جاویں گے اور ہو جاویں گے ہم مٹی یہ پھر آنا

ہے دُور عقل سے -

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۱۸

رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ پر رکھو نظر ہمیشہ

ہر چند یہ طریقہ ہے سخت مشکلوں میں

کلیاتِ اکبر - اکبر آلہ آبادی

پوری آیت - وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ

ترجمہ - اور جو لوگ کہ ساتھ اس کے ہیں سخت ہیں اوپر کفار کے رحم دل ہیں درمیان اپنے

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم

رزمِ حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن - اقبال

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۱۲

مقدر ہے اسی کو آخری پیغام دیں ہونا

مقدر ہے اسی کو رَحْمَۃٌ لِلْعٰلَمِیْن ہونا

شاہنامۂ اسلام - حفیظ جالندھری

قرآن پاک میں یہ آیت ایک جگہ یوں فرمائی گئی ہے۔

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْن

ترجمہ - اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر رحمت واسطے عالموں کے

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۷

یہ آیت بہت شعراء اپنے کلام میں لائے ہیں

حاضرِ دربار ہے حسرت یہ امید قبول

یا شفیع المذنبین یا رَحْمَۃٌ لِلْعٰلَمِیْن

کلیاتِ حسرت - حسرت موہانی

دہر کا آقا، غلام رَحْمَۃٌ لِلْعٰلَمِیْن

پیکرِ خلق و مہر و مروت، واقفِ اسرارِ جمیل

نغماتِ ماہر - ماہر القادری

قبلۂ اہلِ یقیں ہو یا محمدؐ مصطفیٰ

رحمت العالمین ہو یا محمدؐ مصطفیٰ

۔ نظیر اکبر آبادی

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

مسدس حالی ۔ مولانا حالی

الٰہی فضل ہے تیرا یہ ہے احسان رحمت کا

کہ مشفق رحمۃ للعالمین ہے اپنی امت کا

صفی علی

رحمۃ للعالمین آفت میں ہوں کیسی کروں

میرے مولیٰ میں تو اس دل سے بلا میں گھر گیا

احمد رضا خاں

عرب کے واسطے رحمت عجم کے واسطے رحمت

وہ آیا لیکن آیا رحمۃٌ للعالمین ہو کر

خیالستان - مولانا ظفر علی خاں

مبارک ہو کہ دینِ مبیں تشریف لے آئے

مبارک رحمۃٌ للعالمین تشریف لے آئے

ذکرِ جمیل - ماہر القادری

سلام اس پر جو بن کر رحمۃٌ للعالمین آیا

سلام اس پر جو از سر تا قدم لطف آفریں آیا

نوائے حیات - یحییٰ اعظمی

سنا تھا آج سے پہلے بھی اس وحیِ الٰہی کو

رسولٌ قد خلت من قبلہ کی روشن گواہی کو

شاہنامہ اسلام جدید - عامر عثمانی

پوری آیت - قد خلت من قبلہ الرسل

ترجمہ - تحقیق گزرے ہیں پہلے اس سے پیغمبر

پارہ - ۲۶ - ۱۲

چشم اقوام یہ نظارہ ابد تک دیکھے

رفعتِ شان رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ لے

بانگ درا - علامہؒ اقبال[2]

قرآن پاک میں پوری آیت اس طرح آتی ہے کہ

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

ترجمہ - اور بلند کیا ہم نے واسطے تیرے ذکر تیرا

پارہ - ۳۰ - رکوع - 19

اس آیت کو کلیاتِ اکبر میں اکبر آلہ آبادی یوں لائے ہیں کہ

حضرت کی نبوت میں ہو کس طرح تجھے شک

ہر ذرہ کو ہے ورد وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

لے اس آیت کی طرف حالیؔ کے
اس شعر کا اشارہ ملتا ہے

سے خدا مداح ہو جس کا ہے وہ عالی رتبہ ہے اس کا
زبان کا میری منہ کیا ہے کرے جو وصف احمد کا

درود اُن پر رَمَیتَ کا رام جن کا کام ہے گویا

سلام اُن پر درود اُن پر یداللہ[ف] جن کا ہاتھ ہے جن کا

صوفیانہ نظمیں ۔ رزرد کاکوروی

پوری آیت ۔ وَمَا رَمَیتَ اِذْ رَمَیتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی

ترجمہ ۔ اور نہ پھینکا تھا تو نے جس وقت کہ پھینکا تھا و لیکن اللہ نے پھینکا تھا ۔

پارہ ۔ ۹ ۔ رکوع ۔ ۱۶

محو ذب وہ بہیں رَءُوفٌ الرَّحِیمٌ

معالج ہیں تشتیت کے یہ حکیم

ترتیل ۔ سید اختر حسین اختر

قرآن پاک میں اس آیت کے لیے ارشاد باری یوں ادا ہے

اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ الرَّحِیمٌ

ترجمہ ۔ تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے

پارہ ۔ ۲ ۔ رکوع ۔ ۱

[ف] یہ آیت پہلے آچکی ہے

یہ آیت ایک جگہ یوں استعمال ہوئی ہے -

ـــ مومن ہیں مومنوں پہ رؤف رحیم ہو

سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا تنھر کی ہے

احمد رضا خاں

# سس

رات کو آئیں اگر تیری گلی میں اے حبیب
زیور لب ذکر سبحان الذی اسری کردں

قرآن دیکھئے

پوری آیت ہے :- سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ ~~الذی~~

ترجمہ :- پاکی ہے اس شخص کو کہ لے گیا بندے اپنے کو رات کو مسجد حرام سے طرف مسجد اقصیٰ کی - پارہ - ۱۵ - رکوع - ۱

اس آیت اور رسالہ  مترشیں شب اسریٰ دیکھی تو ملک بولے
شعراً یوں کہا ہے :- کیا آج خدا کے گھر مہمان نرالا ہے
بیدم وارثی

اک ہاتف غیب داں خبر دہ
اسری سبحانہ بعبدہ
مثنوی چراغ کعبہ - محسن کاکوروی

سُبْحَانَکَ مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا

ہر شے ہے موجب بہ وجوہ احسن

کلکِ موج - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں یہ آیت ہے :- رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ -

ترجمہ - اے پروردگار ہمارے نہیں پیدا کیا تو نے یہ بے فائدہ پاک ہے تجھ کو پس بچالے ہم کو عذاب آگ کے سے

پارہ - ۴ - رکوع - ۱۱

بولی کیا آپ میں صفت ہے کہ سُبْحَانَ اللّٰہِ

لب جبکہ ہیں اس پر کہ ہیں مشکر اشعار

دیوانِ سودا - مرزا سودا

ارشاد باری قرآن پاک میں ہے کہ :- وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ -

مترجمہ :- پاکی بیان کرتا ہوں واسطے اللہ کے اور نہیں میں شریک

لانے والوں سے - پارہ - ۱۴ - رکوع - ۶

اس آیت کو اکبر آلہ آبادی اپنے کلیات اکبر میں اس طرح لکھتے ہیں

یہ جلوۂ حق سبحان اللہ یہ نور ہدایت کیا کہنا

جبریل بھی ہیں شیدا اُن کے یہ شانِ نبوت کیا کہنا

اس آیت کو دوسرے شعراء اس طرح کہتے ہیں کہ

اے شاہِ ہدیٰ سبحان اللہ جب نام تمہارا آتا ہے

اک روح کو تسکیں ملتی ہے اک کیف سا دل پر چھاتا ہے

کفر و ایمان - بہزاد لکھنوی

آٹھوں دو پہر تیرے کرتے ہیں فرشتے سجدہ

اے تری شان تو انسان ہے سبحان اللہ

باغِ کلامِ اکبر - اکبر آلہ آبادی

اُڑے جاتے ہیں ابر دے ایک ایک کرکے
یہ ملوہی ہے وہ سدرۃ المنتہیٰ ہے

فلکِ عروج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت قرآن پاک یہ ہے :- عِندَ سِدرَةِ المُنتَهىٰ
ترجمہ - نزدیک سدرۃ المنتہیٰ کے

پارہ - ۲۷ - رکوع - ۵

ہے جسم محمد سِرَاجاً مُّنِیراً
کہ ہے شان میں جس کی ذکرِ کثیرا

باغِ کلامِ اکبر - اکبر وارثی

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- وَدَاعِياً إِلَى اللهِ بِإِذنِهِ
وَسِرَاجاً مُّنِيراً -

ترجمہ - اور پکارنے والا طرف اللہ کی ساتھ حکم اس کے کے
اور چراغ روشن - پارہ - ۲۲ - رکوع - ۳

خدا دانا بینا ہے ہر نیک و بد کا
کہ ذات اس کی سمیعاً بصیرا

بانیٔ کلام اکبر - اکبر وارثی

پوری آیت قرآن پاک میں اس طرح فرمائی گئی ہے کہ
اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیعاً بَصِیراً
ترجمہ - تحقیق اللہ ہے سننے والا دیکھنے والا
پارہ - ۵ - رکوع - ۵

سدا بیٹھیں کر تسوف تعطیت کی
مقترضی کی ہے میر حسن بہر لگی

کلیات نعت - محمد محسن

پوری آیت - وَلَسَوْفَ یُعْطِیکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی
ترجمہ - اور البتہ شتاب دیوے گا پروردگار تیرا پس راضی ہوگا
پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۸

اس آیت کو اور شعراء نے بھی استعمال کیا ہے۔

وعدہ یعطیک ربک کر چکا ہے کردگار

یا نبی حق کو رضامندی تری منظور ہے

دیوانِ سودا — میر سودا

فترضیٰ کا ظہور جبکہ ظاہر ہو گا محشر میں

کھلے گا حال جس دن سب کو انعام محمد کا

صلی علیٰ

ہر دم رضائے یار سے نزدیک ہم رہے

امیدوار وعدۂ یعطیک ہم رہے

کلیاتِ حسرت

مولانا حسرت

اصلیت اگر نہیں تو دھوکا ہی سہی

سِیرُوا فِی الْأَرْضِ کا تماشا ہی سہی

پیامِ امجد ۔ سید امجد حسین امجد

یہ پوری آیت قرآن پاک میں یوں فرمائی گئی ہے کہ

قُلْ سِیرُوا فِی الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الْمُکَذِّبِینَ

ترجمہ ۔ کہہ کہ سیر کرو بیچ زمین کے پھر دیکھو کیونکر ہوا آخر کام جھٹلانے والوں کا ۔ پارہ ۔ ۷ ۔ رکوع ۔ ۸

# شش

خدا ہی تھا جو اک شدید القویٰ

ملی اُس سے تعلیم یاں بر ملا

ترتیل ۔ سید اختر حسین اختر

قرآن پاک میں اس طرح ارشاد باری ہے

عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی

ترجمہ ۔ سکھایا اُس کو سخت قوتوں والے نے

پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۵

شمس وصفِ رخ ولیلٰی ہے وصفِ زنداں

والضحٰی وصفِ جبین نور ہے وصفِ گردن

کلیاتِ نعت ۔ مولوی محمد محسن رح

پوری آیت ہے :۔ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا

ترجمہ ۔ قسم ہے سورج کی اور دھوپ اس کی

پارہ ۔ ۳۰ ۔ رکوع ۔ ۱۵

اسی آیت کو "ذکر جمیل" میں ماہر القادری یوں کہتے ہیں

مبارک صبح کو شمس الضحیٰ تشریف لے آئے

مبارک رات کو بدر الدجیٰ تشریف لے آئے

# ص

ہر سو عیاں ہے صبغۃ اللہ کی بہار
رونق پہ ہے خزاں میں بھی گلستانِ اولیاء

کلیاتِ حسرت - حسرت موہانی

قرآن پاک میں اس آیت کے لیے ارشادِ باری یوں ہے

صِبْغَۃَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً وَّنَحْنُ لَہٗ عٰبِدُوْنَ

ترجمہ - رنگ دیا ہے ہم کو اللہ نے اور کون ہے بہتر خدا سے رنگ میں اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں

پارہ - ۱ - رکوع - ۱۶

اس آیت کو اور بھی شعراء نے اپنے کلام میں یوں کہا ہے

ازل سے رنگ ہے اسلامیوں کا صبغۃ اللہ
مسلمانو دو رنگی چھوڑ کر ایک رنگ ہو جاؤ

نگارستان - مولانا ظفر علی خاں

صِبْغَۃَ اللہِ کا پہلا صفات کا رنگ

الٰہ اللہ محسنِ ذات کا رنگ

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

دشوار ہے تجرید و استغنا کی راہ اے دل! مگر

ہے یہ صراطِ مستقیم منزل کی روحانیاں

کلکِ موج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے کہ: - اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ

ترجمہ - دکھا ہم کو راہ سیدھی

پارہ - ۱ - رکوع - ..

خداوندانِ کعبہ بھی جنازہ پر آج بے گن ہیں

مسلماں سچ تو کہتے ہیں کہ "صُمٌّ" اور "بُکْمٌ" ہیں

شاہنامۂ اسلام - حفیظ جالندھری

پوری آیت قرآن پاک میں یوں ہے

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

ترجمہ :- بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں پھر آتے —

پارہ - ۱ - رکوع - ۲

# ض

جنت کی خدائی سے گئی تھی ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ

بال مگس سے نقشہ توحید اس نے نیا کھنچوایا ہے

خیالستان - مولانا ظفر علی خاں

پوری آیت - ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ

ترجمہ - بودا ہے مانگنے والا اور جس سے مانگتا ہے

پارہ ۱۷ - رکوع ۱۷

# ط

نام رنگیں ارم زمانہ بشگفت

طوبیٰ لک یا ابا البشر گفت

کلیات نعت - مولوی محمد محسنؒ

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں یوں فرماتے ہیں کہ

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰی لَھُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ

ترجمہ۔ جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے خوشحالی ہے واسطے
ان کے اور اچھی ہے جگہ پھر جانے کی

پارہ ۔ ۱۳ ۔ رکوع ۔ ۱۰

ظ

---

دیا ہے خطاب ظلوماً جہولاً
مجھ کو بنایا ہے تو نے خلیفہ

صوفیانہ نظمیں ۔ درد کاکوروی

پوری آیت قرآن پاک میں اس طرح فرمائی گئی ہے کہ
اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ
اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا

ترجمہ۔۔ تحقیق روبرو کیا تھا ہم نے امانت کو اوپر آسمانوں کے اور

زمین کے اور پہاڑوں کے پس انکار کیا سب نے یہ کہ اُٹھا دیں

اُس کو اور ڈر گئے اس سے اور اُٹھالیا اُس کو انسان نے

تحقیق وہ تھا بے باک نادان۔

پارہ ۔ ۲۲ ۔۔ رکوع ۔ ۶

# ع

ہیں سب ایک ہی سالک کی جستجو کے مقام

وہ جس کی شان میں آیا ہے عَلَّمَ الاَسْمَاءَ

ضربِ کلیم ۔ علامہ اقبالؒ

پوری آیت ۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الاَسْمَآءَ کُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَی الْمَلٰٓئِکَةِ

فَقَالَ اَنْبِئُوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۔

ترجمہ ۔ اور سکھا دئے آدم کو نام سارے پھر سامنے کیا ان کو اور پھر فرشتوں کے

پھر کیا بتاؤ مجھ کو نام ان کے اگر ہو تم سچے ۔

پارہ ۔ ۱ ۔ رکوع ۔ ۴

اسی خیال سے میں مولانا ظفر علی خان اس آیت کو یوں شعر بند کئے

ہیں کہ ؎ منکشف اس نے کر دئے سارے عَلَّمَ الاَسْمَاءَ کے وہ رموز

جن کو سمجھ کر خاک کے آگے قدسی نے سر جھکا دیا ہے

آخری ہچکی عَلَیْھَا فَانٍ کی تفسیر تو ہے

اے ہم آغوشِ ازل اور اے ابد سے ہم کنار

خیابستان ۔ مولانا ظفر علی خان

پوری آیت ۔ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ

ترجمہ ۔ جو کوئی اوپر زمین کے فنا ہونے والا ہے

پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۱۲

ہوں محتاج خود لیکن ایثار کو

عَلٰی اَنْفُسِھِمْ سمجھ یُؤْثِرُوْنَ

منزل سیر سخنی ۔ عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے :۔ وَالَّذِیْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِھِمْ یُحِبُّوْنَ مَنْ ھَاجَرَ اِلَیْھِمْ وَلَا یَجِدُوْنَ فِیْ صُدُوْرِھِمْ حَاجَۃً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ وَلَوْ کَانَ بِھِمْ خَصَاصَۃٌ

ترجمہ ۔ اور واسطے ان لوگوں کے کہ جگہ پکڑی ہے گھر ہجرت کے میں یعنی مدینے میں اور ایمان میں پہلے ان سے دوست رکھتے ہیں ان کو جو وطن چھوڑ کے ہیں طرف ان کی اور نہیں پاتے بیچ دلوں اپنے کے خلش اس چیز سے

کہ سب جادیں مہاجرین اور اختیار کرتے ہیں اور پھر جانوں اپنی کے
اور اگرچہ ہو ان کو تنگی

پارہ - ۲۸ - رکوع - ۴

کریں ترک اللہ و اصنام کو
عَلیٰ رَبِّہِم ھُم یَتَوَکَّلُونَ

مزمور میر مغنی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے - اَلَّذِینَ صَبَرُوا وَعَلیٰ رَبِّہِم یَتَوَکَّلُونَ -

ترجمہ! - جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں

پارہ - ۲۱ - رکوع - ۲

ہو تقویٰ کے خوگر، عادتیں پرہیز ڈالو تم
نظر اس پر رہے اکرم ہے عند اللہ اتقاکم

کلیات اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت یوں ہے کہ ۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ

ترجمہ ۔ تحقیق بہت بزرگ تمہارا نزدیک اللہ کے پرہیزگار تمہارا ہے ۔

پارہ ۔ ۲۶ ۔ رکوع ۔ ۱۴

عزیزاں کو پرہیزگاہ اپنا مقصد

ہیں بے شرم محمد اللہ یتقون

عزیز میر مفتی ۔ عبدالعزیز خالد

# غ

؎ بچا شانِ جلالی سے عطا شانِ جمالی کر
بچا راہ ضلالت سے دکھا رستہ ہدایت کا

صلی علیٰ

اِس شعر میں اُس آیت کی طرف اشارہ کرتا ہے

غیر المغضوب علیھم ولا الضالین۔

ترجمہ:۔ سوائے ان کے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر اُن کے اور نہ گمراہیوں کی۔

پارہ ۱ سورۃ الفاتحہ

ف

گیا بھول تو کب سے اپنے خدا کو
ترا فرض تھا فَاتَّخِذْہُ وَكِيلًا

چمنستان - مولانا ظفر علی خاں

پوری آیت :- رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ
فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا.

ترجمہ :- پروردگار ہے مشرق کا اور مغرب کا نہیں کوئی
معبود مگر وہ پس پکڑ اسی کو کارساز.

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱۳

مخالف جو دعوے پہ تحریر لائے
تو فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ سے ہوشیاری

کلکِ موج - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ہے :- وَإِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا
نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ

ترجمہ۔ اور اگر ہو تم بیچ شک کے اس چیز سے کہ اتاری ہے ہم نے اوپر بندے اپنے کے پس لے آؤ ایک سورت مانند اس کی

پارہ - ۱ - رکوع - ۳

زمرہ سنج نواے فادخلوھا خالدین

رنگ آمیز چمن راز جناں تو ہی تو ہے

باغ کلام اکبر - اکبر وارثی

پوری آیت:۔ حَتّٰی اِذَا جَآءُوْھَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُھَا وَقَالَ لَھُمْ خَزَنَتُھَا سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ۔

ترجمہ:۔ یہاں تک کہ جب آویں گے اس کے پاس اور کھولے جاویں گے دروازے اس کے اور کہیں گے واسطے ان کے چوکیدار اس کے سلامتی ہو جیو اوپر تمہارے خوش حال ہوئے تم پس داخل ہو اس میں ہمیشہ رہنے والے۔

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۵

سب عظمیں اُس کی نہاں - ہیں فَاذْکُرُونِی سے عیاں

جس کا اُذْکُرْکُمْ بیاں - اللہ کا میں بھید ہوں

صوفیانہ نظمیں - دردؔ کاکوروی

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ

ترجمہ - پس یاد کرو تم مجھ کو یاد کروں گا میں تم کو اور شکر کرو واسطے میرے اور مت کفر کرو۔

پارہ - ۲ - رکوع - ۲

صدائے فَارْجِعُوا سن کر نہ کیوں مدہوش ہو جائیں

شراب معرفت کی کھول دی تم نے دکاں دل میں

دیوانِ حلیم - حضور احمد سلیم

پوری آیت :- وَإِنْ قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ ۖ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ۔

مترجمہ ۔ اور اگر کیا جاوے واسطے تمہارے پھر جاؤ پس پھر جاؤ وہ پاکیزہ

ہے واسطے تمہارے اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم جاننے والا ہے

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۱۰

آیت فاعتبروا پڑھتے ہیں پر روز مگر

عقلمند کو خبر گردش ایام نہیں ہے

صبح امید - مولانا شبلی نعمانی

پوری آیت : ۔ فاعتبروا یا اولی الابصار

ترجمہ - پس عبرت پکڑو اے آنکھوں والو

پارہ - ۲۸ - رکوع - ۴

کہ جنت میں جو بے حساب و عذاب

ہوں داخل تو اولئک الصابرون

مزمور میر مغنی - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری یوں ہے : ۔ والصبرو یوم تیسیرا

الحق فمن ثقلت موازینہ فاولئک المفلحون

ترجمہ - اور تولنا اس دن حق ہے پس جو کوئی بھاری ہوئی تول اس کی پس یہ لوگ وہ ہیں فلاح پانے والے۔

پارہ - ۸ - رکوع - ۸

مدبھری راتوں کی تنہائی بیاں دیتی ہے درس
جاہلوں اور عالموں کو فانکحوا ما طاب کا

چمنستان - مولانا ظفر علی خاں

پوری آیت :- وان خفتم الا تقسطوا فی الیتمٰی فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنیٰ وثلٰث وربٰع

ترجمہ - اور اگر ڈرو تم یہ کہ نہ انصاف کروگے بیچ یتیم عورتوں کے پس نکاح کرو جو خوش لگے تم کو سوائے ان کے عورتوں سے دو دو اور تین تین اور چار چار۔

پارہ - ۴ - رکوع - ۱۲

فَلْيَعْبُدُوا کا نعرہ جب اُس نے کیا بلند
ہو ذرہ کوئی بنا کوئی مسلماں ہو گیا

نگارستان - مولانا ظفر علی خاں

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ہے :- فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ
ترجمہ - پس چاہیے کہ عبادت کریں پروردگار اس گھر کے کو۔
پارہ - ۳۰ - رکوع - ۳۱

ہر ایک مسلم پکارتا ہے وہ خواہ اِنسی ہو خواہ جِنّی
خدا کی اطاعت سے جو ہے باہر فَلَيْسَ مِنِّي فَلَيْسَ مِنِّي

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت - فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي
ترجمہ - پس جو کوئی پیئے اس میں سے پس نہیں مجھ سے
پارہ - ۲ - رکوع - ۱۷

؎ رہائی پائی تیرۂ بطن ماہی سے جو یونسؑ نے
اشارہ یہ بھی تھا اک نون آبروئے محمدؐ کا

امیر مینائی

اس اشارہ اس آیت کی طرف ہے — فالتقمہ الحوت وھو ملیم فلولا انہ کان من المسبحین للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون ٥

ترجمہ — پھر ان کو مچھلی نے نگل لیا اور یہ اپنے کو ملامت کر رہے تھے - سو اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں نہ ہوتے تو قیامت تک اسی کے پیٹ میں رہتے - سو ہم نے ان کو ایک میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت مضمحل تھے — پارہ ۲۳ - رکوع - ۹

محسن کاکوروی بھی اپنے شعر میں اس آیت کی طرف اشارہ کرتے ہیں

؎ یونسؑ سر حوت تک پہنچ کر
سکہ نہ بٹھا سکے ہر درم پر

عمل ہی سے حاصل ہو جو کچھ بھی ہو

میں عامل ہوں فَلْیَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ

منشور میر مفتی ۔ عبد العزیز خالد

ارشادِ باری قرآن پاک میں یوں ہے:۔ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ

ترجمہ:۔ واسطے ایسی ہی چیز کے پس چاہیے کہ عمل کریں عمل کرنے والے

پارہ ۔ ۲۳ ۔ رکوع ۔ ۶

رکھے گا مرا رب مری آبرو

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ لَا تَقْنَطُوْا

کلیاتِ نعت ۔ مولوی محمد محسنؒ

پوری آیت:۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۔

ترجمہ ۔ کہہ اے بندوں میرے جنہوں نے زیادتی کی اوپر جانوں اپنی کے

مت ناامید ہو رحمت اللہ کی سے ۔

پارہ ۔ ۲۴ ۔ رکوع ۔ ۳

یہ ترو یہ تگ و دو یہ لَو یہ جنون
ثُمَّا خَطْبُکُمْ اَیُّھَا الْمُرْسَلُوْن

سرِ طور ہیر مغنّی - عبد العزیز خالد

پوری آیت :- قَالَ فَمَا خَطْبُکُمْ اَیُّھَا الْمُرْسَلُوْن

ترجمہ :- کہا پس کیا مہم ہے تمہاری اے بھیجے ہوؤ

پارہ - ۲۷ - رکوع - ۱

جب آب و ہوائے دہر ناساز آئی
فِیْ اَنْفُسِکُمْ کی دل سے آواز آئی

پیامِ امجد - سید امجد حسین امجد

قرآن پاک میں ارشادِ باری یوں ہے کہ

وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ

ترجمہ :- اور بیچ نفس تمہارے کے کیا پس نہیں دیکھتے ہو تم

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۱۸

کیوں دھوم نہ میری ہو ہر سو آنکھوں میں بسا ہے تو ہی تو

فِی اَنْفُسِکُمْ کا یہ جوبن سبحان اللہ سبحان اللہ

اوپر والی آیت کو اکبر وارثی نے "ریاضِ اکبر" میں کیا ہے

فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ ساقی نے کی ہے خبر ختم

دستِ سائل میں پیالہ چاہیے بلور کا

دیوانِ آتش - آتش

پوری آیت :- هَاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

ترجمہ:- خبردار ہو تم وہ لوگ ہو کہ پکارے جاتے ہو کہ خرچ کرو بیچ راہ اللہ کے۔

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۸

اس آیت کو اور بھی شعراء نے اپنے کلام میں یوں کیا ہے کہ

اُدھر سے غازیان فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ جراُت سے

ہٹا دیتے تھے اس کثرت کو اپنے ذوقِ وحدت سے

شاہنامہ اسلام ۔ حفیظ جالندھری

یہ تیور ہیں جہاد فی سبیل اللہ کا زینہ
کشادہ کر دیا اللہ نے صدیقؓ کا سینہ

شاہنامہ اسلام جدید ۔ عامر عثمانی

سن کے حکم فِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ مَا تُوْعَدُوْن
دستِ استغناء میں اپنے رزق کا پیمانہ تھا

ریاضِ اکبر ۔ اکبر وارثی

پوری آیت :۔ وَ فِی السَّمَاءِ رِزْقُکُمْ مَا تُوْعَدُوْنَ ۔

ترجمہ :۔ اور بہیج آسمان کے ہے رزق تمہارا اور جو کچھ وعدہ دیے جاتے ہیں ۔

پارہ ۔ ۲۶ ۔ رکوع ۔ ۱۸

خوش نمی آید سجود بے حضور
فی صلوٰۃ حاشیعو کم آرزو واست

ارمغانِ سلیمان ۔ سیّد سلیمان ندوی

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ

اَلَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِھِمْ خٰشِعُوْنَ

ترجمہ:۔ وہ جو ہیچ نماز اپنی کے زاری کرنے والے ہیں

پارہ ۔ ۱۸ ۔ رکوع ۔ ۱

قرب بے غیبت نمازِ عاشقاں

فی صلوٰۃٍ دآئمو ہم آرزو است

ارمغانِ سلیمان ۔ سیّد سلیمان ندوی

پوری آیت:۔ اَلَّذِیْنَ ھُمْ عَلٰی صَلَاتِھِمْ دَآئِمُوْنَ

ترجمہ:۔ وہ جو اوپر نماز اپنی کے ہمیشہ رہنے والے ہیں

پارہ ۔ ۲۹ ۔ رکوع ۔ ۷

کہیں عیش فی عیشۃٍ راضیہ

کہیں آفت رقصہ و ہادیہ

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسنؒ

پوری آیت قرآن پاک میں ہے فَھُوَ فِی عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ

ترجمہ :- پس وہ بیچ زندگانی خوش کے ہے

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۵

حساب ان کا گو آ گیا ہے قریب

یہ وہ ہیں کہ فِی غَفْلَۃٍ مُّعْرِضُوْنَ

منشورِ سیرتِ - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں یہ آیت یوں ہے کہ

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۱

ذکر کر فی الغُدُوِّ وَ الآصَالِ

شعر کہہ بِالعَشِیِّ وَ الاِبْکَارِ

فلکِ موج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے

یُسَبِّحُ لَهٗ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ

ترجمہ :- تسبیح کرتے ہیں واسطے اس کے بیچ ان کے صبح کو اور شام کو

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۱۱

اے آہِ سرد دیکھیں تو اب تیری گرمیاں

سودا دے ہاں کہ عینِ فی النّار ہو گیا

دیوانِ عامل - عامل دہلوی

قرآنِ پاک میں ارشادِ باری ہے ۔ فِی الْحَمِیْمِ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَ

ترجمہ - بیچ پانی گرم کے پھر بیچ آگ کے جھونکے جاویں گے

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۱۳

دوسرے شعراء نے بھی اس آیت کو اپنی شاعری میں یوں کہا کہ

دیکھے مجھے جو گرم نگاہوں سے شمع رو

وہ آتشِ عتاب سے فی النّار کیوں نہ ہو

دیوانِ بشیر - بشیر الدین احمد

شعلے کی شرر میں نہیں فی النار

خاموش تھا صورت گنہگار

کلیات نصرت - مولوی محمد محسن

یہ سب آساں مگر اسلام سے انکار ناممکن

ہمیشہ کے لیے ہو جاؤں میں فی النار ناممکن

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

کرے اپنے بندوں میں تو فیصلہ

ہر اس چیز میں فیہ یختلفون

حضور سید مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

پوری آیت :- فَاللّٰہُ یَحْکُمُ بَیْنَہُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فِیْمَا کَانُوْا

فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ ۔

ترجمہ - پس اللہ تعالیٰ حکم کرے گا درمیان ان کے دن قیامت کے بیچ

اس چیز کے کہ تھے بیچ اس کے اختلاف کرتے ۔

پارہ - ۱ - رکوع - ۱۴

# ق

کچھ ایسے پڑ گئے پتھر ہماری عقلوں پر
خیالِ وعدۂ قالوا بلیٰ نہیں کرتے

دیوانِ حلیم ۔ مرتب حضور احمد سلیم

پوری آیت قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ قَالُوْا بَلٰی

ترجمہ- کیا نہیں ہوں میں رب تمہارا، کہا انہوں نے البتہ تو ہے

پارہ - ۹ - رکوع - ۱۲

لغماتِ ماہر میں ماہر القادری اس آیت کو اپنے کلام میں یوں لائے ہیں

کہیں لی سے اللہ کا ساز چھیڑا
کہیں مشر کے قالوا بلیٰ بن کے تڑپے

کلیاتِ اکبر میں اکبر الٰہ آبادی کہتے ہیں کہ

جہاں تھا قالوا بلیٰ یہاں بت پرستی
ذرا سوچو کیا کیا تھا کیا کیا

کیوں ناکام کہاں مرحوم کار

لقولہ قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ

مرحوم میر منشی - عبدالعزیز خالد

ارشاد باری ہے قرآن پاک میں - قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ

ترجمہ - تحقیق فلاح پائی ایمان والوں نے

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۱

گرچہ رنگ حسرت اس خبر سے دل پہ طاری تھا

لبوں پر قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ کا ورد جاری تھا

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

قرآن پاک میں اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ

ترجمہ:- تحقیق گذرے ہیں پہلے اس سے پیغمبر

پارہ - ۴ - رکوع - ۱۲

چاہیے سب ہیں کہ ہوں اوجِ ثریا پہ مقیم
پہلے ویسا کوئی پیدا تو کرے قلبِ سلیم

بانگِ درا ۔ علامہ اقبالؒ

پوری آیت :۔ اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ

ترجمہ :۔ جس وقت کہ آیا رب اپنے کے پاس ساتھ دل سلامت کے

پارہ ۔ ۲۳ ۔ رکوع ۔ ۷

جو حرفِ قُلِ الْعَفْوَ میں پوشیدہ ہے اب تک
اس دور میں شاید وہ حقیقت ہو نمودار

ضربِ کلیم ۔ علامہ اقبالؒ

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ :

وَیَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ

ترجمہ :۔ اور سوال کرتے ہیں تجھ سے کیا خرچ کریں کہہ زیادہ حاجت سے ۔

پارہ ۔ ۲ ۔ رکوع ۔ 11

قُلْ هُوَ اللّٰہ کی شمشیر سے خالی ہیں ہم

آہ! اس راز سے واقف ہے نہ مُلّا نہ فقیہ

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

پوری آیت :- قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ

ترجمہ :- کہہ اے محمدؐ وہ اللہ ایک ہے

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۲۷

اسی آیت کو بہت سے شعرا نے اپنی شاعری میں استعمال کیا ہے

قُلْ ھُوَاللّٰہُ باعثِ وحدت

وجہ کثرت ہے وجہ ذات کا رنگ

صوفیانہ نظمیں - رزز کاکوروی

قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدْ کے ساتھ اَللّٰہُ الصَّمَدْ

پڑھ رہی ہے ساری مخلوقات اَللّٰہُ الصَّمَدْ

باغِ کلامِ اکبر - اکبر وارثی

سکہ پتلی پہ جما جمال دلخواہ

جس طرح چمنے پہ قل ھو اللہ محسن کاکوروی

دلِ صد چاک کا اخلاص سے چھیڑ دو گرساز

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد سارے لیے آواز

آبِ بقا - خان احمد حسین خاں

جب میں نے پڑھا یا قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَد

میری بچی نے - کُل ھُوَ اللہ کیا

پیامِ امجد - سید امجد حسین امجد

رہیں محوِ سوز و گداز اہلِ دل

قَلِیْلًا مِّنَ الَّیْلِ مَا یَھْجَعُوْنَ

مزبور سپہرِ صفّی - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کَانُوْا قَلِیْلًا مِّنَ الَّیْلِ مَا

یَھْجَعُوْنَ -

ترجمہ - کہ وہ تھوڑی رات سوتے تھے

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۱۸

ہے چشمِ تصور میں قُمِ اللّیل کا منظر
نظارۂ سرکارِ مدینہ نظر آیا

نوائے حیات ۔ یحییٰ اعظمی

پوری آیت قرآن پاک میں یوں ہے قُمِ اللَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا

ترجمہ :۔ کھڑا رہا کر رات کو مگر تھوڑا

پارہ ۔ ۲۹ ۔ رکوع ۔ ۱۴

دوسرے شعراء بھی اس آیت کو اپنے کلام میں لائے ہیں

قُمِ اللَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا ندا تھی
گو وہ عرش تھا ملالِ محمدؐ

تاجِ کلامِ اکبر ۔ اکبر وارثی

نبی کی طرح اٹھ اور اللہ سے مل
سراسر قُمِ اللَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا

چمنستان ۔ مولانا ظفر علی خاں

یہ قرب تھا طالب و مطلوب میں باہم
قوسین کا جلوہ نظر آیا شبِ معراج

دیوانِ سلیم۔ مرتب شکور احمد سلیم

پوری آیت :۔ فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنیٰ

ترجمہ۔ پس تھا قدر دو کمان کے یا زیادہ نزدیک

پارہ - ۲۷ - رکوع - ۵

منزلِ سیرِ صفاتی میں عبدالعزیز خالد اسی آیت کو یوں کہتے ہیں

وہ جس نے منتہائے حسنِ معنی اس طرح دیکھا
نگاہیں روبرو اور فاصلہ قوسین اَوْ اَدْنیٰ ؎۱

مل جاؤ کھڑے کہیں جو قُوقُوا
بیٹھے جو رہیں فَلَا تَقُو قُوم

قطعات و رباعیات۔ اکبر الہ آبادی

پوری آیات میں قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں ارشاد فرماتے ہیں

؎ نہ جس کے دھیان مضمون قاب قوسین آئے

وَ قُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ

ترجمہ۔ اور کھڑے رہو واسطے اللہ کے چپکے

پارہ - ۲ - رکوع - ۱۵

فَلَا تَلُوْمُوْنِیْ وَ لُوْمُوْٓا اَنْفُسَکُمْ

ترجمہ:- پس نہ ملامت کرو مجھ کو اور ملامت کرو اپنے تئیں

پارہ - ۱۳ - رکوع - ۱۶

# ک

تمہاری شاعری یہ پھلجھڑی ہے یا بڑاتا ہے

یہ حافظ جی کی محفل ہے جہاں کاساً دِہاقاً ہے

کلیاتِ اکبر - اکبر آلہ آبادی

پوری آیت یوں ہے کہ "وَ کَاساً دِہَاقاً"

ترجمہ :- اور پیالے ہیں بھرے ہوئے

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۲

کَفٰی بِنَفْسِکَ اِقْرَأ کِتَابَکَ کے تحت

بغل میں اپنے عمل کی کتاب رکھتے ہیں

پیامِ امجد - سید احمد حسین امجد

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

کَفٰی بِنَفْسِکَ اِقْرَأ کِتَابَکَ

ترجمہ :- کفایت ہے جان تیری پڑھ کتاب اپنی

پارہ - ۱۵ - رکوع - ۲

كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ

اپنے کو سمجھتا ہے ہر ایک کامل فن

فلکِ موج ۔ عبدالعزیز خالد

پوری آیت قرآن میں یوں آتی ہے کہ کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ

ترجمہ: ہر ایک گروہ ساتھ اُس چیز کے کہ پاس ان کے ہے خوش ہیں

پارہ ۔ ۱۸ ۔ رکوع ۔ ۴

کبھی کرشمۂ قدرت پہ شیفتہ ہوں میں

کبھی خیال میں ہے کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ

دیوانِ حلیم ۔ مرتب منظور احمد سلیم

پوری آیت ۔ کُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ

ترجمہ ۔ جو کوئی اوپر زمین کے ہے فنا ہونے والا ہے

پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۱۱

اس آیت کو اور شعراء بھی اپنے کلام میں یوں کہتے ہیں کہ

تو پھیں خود آگے اب تو میدان میں

کہتی ہیں کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

کھل گیا گل بانگ کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ سے

غیرتِ ذاتِ حق یہ گلزارِ جہاں کچھ بھی نہیں

باغِ کلامِ اکبر - اکبر وارثی

کُلُوْا وَ اشْرَبُوْا آج عنوان ہے

کتاب تمدن کی تمہید کا

چمنستان - ظفر علی خاں

پوری آیت اللہ تعالےٰ قرآن پاک میں یوں فرماتے ہیں کہ

کُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰہِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ

ترجمہ :- کھاؤ اور پیو رزق اللہ کے سے اور مت پھرو بیچ زمین کے فساد کرتے ہوئے۔

پارہ - ۱ - رکوع - ۷

ذہینؔ اجزائے حسنِ دوست جب سے جمع ہیں دل میں

اشارہ ہو گئے افرادِ عالم کُلُّھُمْ اپنا

آیاتِ جمال - ذہینؔ شاہ تاجی

پوری آیت ہے کہ :- وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِی الْاَرْضِ

كُلُّهُمْ جَمِیْعًا ،

ترجمہ :- اور اگر چاہتا پروردگار تیرا البتہ ایمان لاتے جو کوئی

بیچ زمین کے ہیں سب سارے ۔

پارہ - ۱۱ - رکوع - ۱۵

رموزِ کُنْ فَیَکُوْنُ جس پہ ہو بہ ہو روشن

وہی جو ختمِ رُسل ہے وہی جو فخرِ امم

مشہمنا - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے :- اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَیْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ

نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ،

ترجمہ:- سوائے اس کے کہ کہنا ہمارا واسطے کسی چیز کے کہ جب ارادہ
کرتے ہیں ہم اس کو یہ کہ کہتے ہیں ہم اس کو ہو بس ہو جاتی ہے

پارہ - ۱۴ - رکوع - ۱۱

اسی آیت کو دوسرے اور شعراء یوں کہتے ہیں کہ

ہیں شگافِ قلم صنع اُسے کیوں نہ کہوں
جس سے ظاہر ہوا سِرِ خفی کُنْ فیکُوْن

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسن رح

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید
کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کُنْ فیکُوْن

بالِ جبریل - علامہ اقبال رح

ل

گاہ پہنچا نامِ عرشِ بریں

تیرا شعور لا اُحِبُّ الْآفِلِیْن

نوائے حیات - یحییٰ اعظمی

پوری آیت :- فَلَمَّا اَفَلَ قَالَ لَا اُحِبُّ الْآفِلِیْنَ

ترجمہ :- پس جب چھپ گیا کہا نہیں دوست رکھتا میں چھپ جانے والوں کو

پارہ - ۷ - رکوع - ۱۵

اور شعراء نے بھی اس آیت کو اپنی شاعری میں استعمال کیا ہے کہ

فروغِ روئے انسانی بھی ہے اور شمس تاباں بھی

مگر میں لَا اُحِبُّ الْآفِلِیْن تعلیم کرتا ہوں

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

کیا شیطان کو رسوا عدوئے جان و دیں کہہ کر

کیا سینوں کو روشن لَا اُحِبُّ الْآفِلِیْن

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

موحّد کیوں مجھے نسبت ہے ابراہیم آزر سے

سبق جس نے پڑھایا لَا اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ کا ہے

چمنستان - مولانا ظفر علی خاں

نہ تجھ میں لَا اِلٰہَ تیری زمینِ شور سے پھوٹا

زمانے بھر میں رسوا ہے تیری فطرت کی نازائی

بانگِ درا - علامہ اقبالؒ

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں یہ آیت بہت مقامات پر فرمائی ہے

پوری آیت: - لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

ترجمہ:- نہیں کوئی معبود مگر وہ

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۷

قلندر جز دو حرف لَا اِلٰہَ کچھ بھی نہیں رکھتا

فقیہہ شہر قارون ہے لغت ہائے حجازی کا

بالِ جبریل - علامہ اقبالؒ

خرد نے کہہ بھی دیا لَا اِلٰہ تو کیا حاصل

دل و نگاہ مسلمان نہیں تو کچھ بھی نہیں

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

تو عرب ہو یا عجم ہو ترا لَا اِلٰہ اِلّا

لغتِ غریب جب تک ترا دل نہ دے گواہی

بالِ جبریل - علامہ اقبالؒ

نے وہ کہ ہے جس کا ترجمہ لا

ہم معنیٔ لَا اِلٰہ اِلّا

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسنؒ

سکرِ حسین سے آئی تو میرے بنائے کچھ نہیں بنتا

ہوا یہ مصرعہ سر لَا اِلٰہ اِلَّا اَنْتَ

پیامِ امجد - سید احمد حسین امجد

یہ آیت قرآن پاک میں اس طرح ارشاد ہے کہ

اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ترجمہ:۔ یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو تحقیق میں تھا ظالموں سے۔

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۶

مثال: یا میرے ساقی کے عالم میں دل تو

بلا کے مجھ کو بیٹھے لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ

بالِ جبریل - علامہ اقبالؒ

پوری آیت یوں ہے کہ:۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ

ترجمہ:۔ نہیں کوئی معبود مگر وہ

پارہ - ۱۳ - رکوع - ۷

بعد میں بے لیلیٰ ندا پر ہو

نعرۂ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوْ

دیوانِ عامل - عامل دہلوی

مثلِ کلیم ہو اگر معرکہ آزما کوئی

اب بھی درختِ طور سے آتی ہے بانگ لَا تَخَفْ

بالِ جبریل - علامہ اقبال

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ

ترجمہ :- نہ ڈر اور نہ غم کر

پارہ - ۲۰ - رکوع - ۱۶

دوسرے اور شعراء نے بھی اس آیت کو استعمال کیا ہے ،

بلا دیتا تھا اک عالم کو شور لَا تَخَفْ ان کا

قیامت تھا جہادِ حق میں رہنا سر بکف ان کا

نوائے حیات - یحییٰ اعظمی

کیوں نہ اس کے حوصلے آکر بڑھائے جبرئیل

کیوں نہ پہنچے عرش سے اس کو نوید لَا تَخَفْ

نگارستان - مولانا ظفر علی خاں

کیوں یہ مژدہ ہے لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَن

ہے منزلِ احدیت کا جادہ راہِ الم          پارہ ۲۵ - رکوع ۱۶

منحنا - عبد العزیز خالد

لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا کا حکم ہے مبرهن

دیوار پھاندتے ہیں مولا دھاتیاں ہیں

فلک موج - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ہے :- یَآ اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِکُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤی اَهْلِهَا.

ترجمہ :- اے لوگوں جو ایمان لائے ہو مت داخل ہو گھروں سوائے گھروں اپنوں کے یہاں تک کہ اذن لو کہ سلام کرو اوپر رہنے والوں ان کے.

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۱۰

دلِ مردِ مومن میں پھر زندہ کر دے

وہ بجلی کہ تھی نعرۂ لا تذر میں

بالِ جبریل ۔ علامہ اقبالؒ

پوری آیت :۔ وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا

ترجمہ :۔ اور کہا نوح نے اے رب میرے مت چھوڑ اور زمین کے کافروں میں سے لینے والا۔

پارہ ۔ ۲۹ ۔ رکوع ۔ ۱۵

اے دلِ حیلہ طلب اب کیا بنے گا!
لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی

منتہا ۔ عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں یہ آیت اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :۔ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی۔

ترجمہ :۔ نہیں بوجھ اُٹھاتا کوئی بوجھ اُٹھانے والا بوجھ دوسرے کا۔

پارہ ۔ ۸ ۔ رکوع ۔ ۷

لبوں پہ ہے یہی تسبیح لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا
ہے دشتِ شوق میں ہر گام جان کا جوکھم

منبع - عبدالعزیز خالد

پوری آیت :- رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً .

ترجمہ :- اے رب ہمارے مت کج کر دلوں ہمارے کو پیچھے اس کے کہ راہ دکھائی تو نے ہم کو اور دے ڈال ہم کو پاس اپنے سے رحمت .

پارہ - ۳ - رکوع - ۹

اسی آیت کو اکبر الہ آبادی یوں اپنے ایک شعر میں کہتے ہیں کہ

صبح و شام صدق سے کرو دعا کہ رَبَّنَا
لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا

قطعات و رباعیات - اکبر الہ آبادی

مٹنے پر ہے نقشِ باطل
لَا تَسْتَعْجِلْ لَا تَعْجَلْ

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت :- فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ

ترجمہ :- پس صبر کر جیسا کہ صبر کیا صاحبِ عزم نے پیغمبروں سے اور مت شتابی کر واسطے ان کے۔

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۴

اے گوشہ نشینان خرابات الست

ہے روح طرب لَا تَفْرَحْ اِلَّا تَحْزَنْ

ملکِ موج - عبد العزیز خالد

قرآنِ پاک میں ارشاد باری ہے :- اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ،

ترجمہ :- جس وقت کہ کہا واسطے اس کے قوم اس کی نے تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا بہت خوش ہونے والوں کو۔

پارہ - ۲۰ - رکوع - ۱۱

یہی لَا تُفْسِدُوا فِی الْاَرْضِ کی تفسیر ہے گویا
یہی ہمارے ادائے فرض کی تصویر ہے گویا

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

پوری آیت :- وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ

ترجمہ :- اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے کہ مت فساد کرو بیچ زمین کے

پارہ - ۱ - رکوع - ۲

مجھے یاد آتی ہے اپنی خطا
کہ بولا تھا میں لئی لَا تَقْرَبَا

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسن ؒ

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے : وَ یٰٓاٰدَمُ اسْکُنْ اَنْتَ وَزَوْجُکَ الْجَنَّۃَ فَکُلَا مِنْ حَیْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا ھٰذِہِ الشَّجَرَۃَ فَتَکُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ،

ترجمہ :- اور اے آدم رہ تو اور بیوی تیری بہشت میں پس کھاؤ

جہاں سے چاہو تم اور مت نزدیک جاؤ اس درخت کے پس ہو جاؤ گے

تم ظالموں سے

پارہ - ۸ - رکوع - ۹

ایسی مسجد ہو جس پہ اطلاقِ ضرار

قرآن کو ماں لَا تَقُمْ فِیْهِ اکبر

قطعات و رباعیات - اکبر آلہ آبادی

قرآن پاک میں پہلی آیت کو اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ

لَا تَقُمْ فِیْهِ اَبَدًا

ترجمہ :- مت کھڑا ہو تو بیچ اس کے کبھی.

پارہ - ۱۱ - رکوع - ۲

نومید کیوں ہے دیکھ ذرا قدرتِ خدا

شائد کہ یاد آیتِ لَا تَقْنَطُوْا نہ ہو

دیوانِ بشیر - بشیر الدین احمد

پوری آیت :۔ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ

ترجمہ :۔ مت نا امید ہو رحمت اللہ کی سے

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۳

بہت سے شعرا نے اس آیت کو اپنی شاعری میں یوں کیا ہے

دوزخ ہے گر وسیع تو رحمت وسیع تر
لَا تَقْنَطُوْا جواب ہے ھل من مزید کا

دیوانِ حالی ۔ الطاف حسین حالی

فرش پر یا رب ھُلی اُٹھتی کہتے ہیں وہ
عرش سے لَا تَقْنَطُوْا کہتا ہے رحمان دیکھ کر

باغِ کلامِ اکبر ۔ اکبر وارثی

فلک سے تک صدا لَا تَقْنَطُوْا فرماتی جاتی ہے
زمیں پر دورِ اسلامی کی ساعت آتی جاتی ہے

شاہنامہ اسلام ۔ حفیظ جالندھری

نہ بھولا گھر کے اعدا میں بھی حسرت

تیرے فرمودۂ لَا تَقْنَطُوْا کو

کلیاتِ حسرت - حسرت موہانی

بھلا لَا تَقْنَطُوْا کے دائرے میں یاس کیا آتی

کہاں محکم پہاڑوں کی صلابت موم ہو جاتی

شاہنامہ اسلام جدید - عامر عثمانی

اپنے بندوں کو سنایا مژدہ لَا تَقْنَطُوْا

تو نے آباد ان سیہ بختوں کا ڈیرا کر دیا

چمنستان - مولانا ظفر علی خان

اب کہاں وہ دل میں سودائے آرزو

اب کہاں سرشاریٔ لَا تَقْنَطُوْا

نوائے حیات - یحییٰ اعظمی

تیرا ہے جو ارشاد لَا تَقنَطُوا
تو پھر ہم کو مایوس مت چھوڑ تو

صوفیانہ نظمیں ۔ ورد کاکوروی

تو ڈھونڈھے پھریں سب سے تو، مانگ ہدایت رب سے
قرآن سے یہ دل دہتا لَا تَہدِیُ مَن اَحبَبتَ

کلیاتِ اکبر ۔ اکبر الہ آبادی

یہ آیت یوں ارشاد ہے ۔ اِنَّکَ لَا تَہدِیُ مَن اَحبَبتَ وَلٰکِنَّ اللہَ
یَہدِیُ مَن یَّشَآءُ۔

ترجمہ:۔ تحقیق تو نہیں ہدایت کرتا جس کو چاہے ولیکن اللہ
راہ دکھاتا ہے جس کو چاہتا ہے

پارہ ۲۰ ۔ رکوع ۹

اہلِ ایماں رکھتے ہیں کامل بفحوائے جنوں
شانِ لَا خَوفٌ عَلَیہِم شیوۂ لَا یَحزَنُون

کلیاتِ حسرت ۔ حسرت موہانی

پوری آیت ۔ اَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ

ترجمہ:- یہ کہ نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

پارہ - ۳ - رکوع - ۸

ہوا دل پر اثر آنکھوں سے آنسو ہو گئے جاری

لاریب اللہ کی کتابیں ہیں یہ ساری

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ارشاد ہے ۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ

فِیْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ۔

ترجمہ:- یہ کتاب نہیں شک بیچ اس کے راہ دکھاتی ہے واسطے پرہیزگاروں کے

پارہ I - رکوع I

اس آیت کو مرزا سودا اپنے کلام میں یوں لائے ہیں کہ

جو صورت اوس کی ہے لاریب وہ ہی صورت ایزد

جو معنی اوس میں ہیں بے شک وہ ہیں معنی ربانی

محبت خدا لاشریک لہٗ ہے

محبت محبت بہت ہمیں ہیں

آیاتِ جمال - ذہین شاہ تاجی

پوری آیت ہے: لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ

ترجمہ: نہیں شریک واسطے اس کے اور ساتھ اسی کے حکم کیا گیا ہوں میں

اور میں اوّل مسلمانوں کا ہوں۔

پارہ - ۸ - رکوع - ۷

اس آیت کو اور شعراء نے بھی اپنے کلام میں یوں لائے ہیں۔

شرک چاہے پیارے میرا لہو

میں نہ چھوڑوں گا لاشریک لہٗ

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

رہے گا تو ہی جہاں میں یگانہ و یکتا

اتر گیا جو تیرے دل میں لاشریک لہٗ

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

سُن کے یہ نغمۂ وحدۃٗ وحدہٗ

بن کے ہم ساغر لا شریک لہٗ

صوفیانہ نظمیں ۔ وردؔ کاکوروی

لادینی و لاطینی! کس پیچ میں اُلجھا تو

دارو ہے ضعیفوں کا لَاغالِبَ اِلَّاھُوَ

ضرب کلیم ۔ علامہ اقبالؒ

پوری آیت یوں ہے کہ اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ

ترجمہ :۔ اگر مدد کرے تمہاری اللہ بس نہیں کو غالب آنے والا واسطے تمہارے

پارہ ۔ ۴ ۔ رکوع ۔ ۸

کریں گے نہ ہم حکم لیڈر کو یہ صاف

کہ قرآن میں ہے لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ

گاندھی نامہ ۔ اکبر الٰہ آبادی

قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ

ترجمہ:۔ اور اللہ نہیں دوست رکھتا فساد کرنا

پارہ ۔ ۲ ۔ رکوع ۔ ۹

داغ بیر دل از غم انجام حل

مژدہ ‌ٔ لَا يَحْزَنُونَ تم آرزو داست

ارمغان سلیمان ۔ سید سلیمان ندوی

پوری آیت ہے وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

ترجمہ:۔ اور نہیں ڈر اوپر ان کے اور نہ وہ غم کھاویں گے

پارہ ۔ ۱ ۔ رکوع ۔ ۸

اسی آیت کے لیے "بالِ جبریل" میں ایک شعر ہے کہ

عطا اسلاف کا جذبِ دروں کر

شریک زمرۂ لَا يَحْزَنُونَ کر

علامہ اقبالؒ

مسلم ہستی سینہ را از آرزو آباد دار

ہر زماں پیشِ نظر لَا یُخْلِفُ الْمِیعَادْ دار

بانگِ درا - علامہ اقبال ؒ

پوری آیت ہے :- اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادْ

ترجمہ - تحقیق تو نہیں خلاف کرتا وعدے کو

پارہ - ۴ - رکوع - ۱۱

مجاہد کا رتبہ ہے سب سے بلند

ہے تصدیق لَا یَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ

منزل میری مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- لَا یَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ وَ الْمُجٰهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ -

ترجمہ :- نہیں برابر ہوتے بیٹھ رہنے والے مسلمانوں سے سوائے ضرر والے

یعنی اندھے لنگڑے بیمار اور جہاد کرنے والے بیچ راہ خدا کے ساتھ مالوں اپنے کے اور جانوں اپنی کے۔

پارہ - ۹ - رکوع - ۱۰

کام کو اٹھو چڑھاؤ آستین

لَا یُضِیْعُ اللّٰہُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْن

کلیاتِ اکبر - اکبر الٰہ آبادی

پوری آیت ہے کہ:- اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْن

ترجمہ:- تحقیق اللہ نہیں ضائع کرتا ثواب نیکی کرنے والوں کا

پارہ - ۱۱ - رکوع - ۲

وہ اپنے کیے کی سزا پائیں گے

محقق ہے لَا یُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْن •

سرور میرِ مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

مَا لَکُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ

ترجمہ :- تحقیق بات یہ ہے کہ نہیں فلاح پاتے گنہگار

پارہ - ۱۱ - رکوع - ۷

خبر ہے تمہیں یوم احزاب تھا

شعار اپنا ختم لَا یُنْصَرُوْنَ

مزدور میر منشی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت :- وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً یَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَیَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَا یُنْصَرُوْنَ ۔

ترجمہ :- اور کیا ہم نے ان کو پیشوا کہ بلاتے تھے طرف آگ کی اور دن قیامت کے مدد نہ دیے جاویں گے

پارہ - ۲۰ - رکوع - ۷

بنا میں ہی عالم کی ہر چیز خونی

مے کہکشاں جدید آیت ہے کتنی

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

پوری آیت :- بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ

ترجمہ :- بلکہ وہ بیچ شک کے ہیں پیدائش نئی سے .

پارہ - ٢٦ - رکوع - ١٥

مضمون یہ نقش دل میں کر دیتا مزید کا

کونین سے بھرے گا نہ دامن امید کا

دیوانِ حالی - الطاف حسین حالی

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ارشاد ہے :- لَهُمْ مَّا يَشَاۤءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ

ترجمہ :- واسطے ان کے ہے جو کچھ کہ چاہیں گے بیچ اس کے اور نزدیک ہمارے ہے زیادتی

پارہ - ٢٦ - رکوع - ١٧

خمِ کردۂ غضب و نوشش زلال

موج ضرا لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ

کلکِ موج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے کہ بَیْضَآءَ لَذَّۃٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ۔

ترجمہ:- سفید مزہ دینے والا واسطے پینے والوں کے۔

پارہ - ۲۳ - رکوع - ۶

لَعْنَۃُ اللّٰہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ

بیٹھ ہر ایک اس زباں پر سو

پیامِ امجد - سید امجد حسین امجد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ:- اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ

کُفَّارٌ اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔

ترجمہ:- تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور مرگئے اور وہ کافر رہے یہ لوگ

اوپر ان کے ہے لعنت خدا کی اور فرشتوں کی اور آدمیوں کی سب کی۔

پارہ - ۲ - رکوع - ۳

خودی سے علاقہ نہ فکرِ جہاں

لَفِیْ سَکْرَتِھِمْ یَعْمَھُوْنَ

مزدور میرِ عظمیٰ - عبد العزیز خالد

پوری آیت ہے :۔ لَفِی سَکْرَتِہِمْ یَعْمَہُوْنَ

ترجمہ :۔ البتہ بیچ مستی اپنی کے سرگرداں تھے

پارہ ۔ ۱۴ ۔ رکوع ۔ ۵

قرآن میں آیا ہے یعنی کَانَ لَہٗ قَلْبٌ

افسوس کہ سینوں میں کم دل کا اثر دیکھا

کلیاتِ اکبر ۔ اکبر الٰہ آبادی

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ارشاد ہے کہ :۔ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَذِکْرٰی لِمَنْ

کَانَ لَہٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَی السَّمْعَ وَھُوَ شَہِیْدٌ

ترجمہ :۔ تحقیق بیچ اس کے البتہ نصیحت ہے واسطے اس شخص کے کہ ہے واسطے

اس کے دل آجاوے یا ڈالا اس نے کان کو اور وہ حاضر ہے دل سے ۔

پارہ ۔ ۲۶ ۔ رکوع ۔ ۱۱

صدائے لَنْ تَرَانِیْ سن کے اے اقبالؔ میں چپ ہوں

تقاضوں کی کہاں طاقت ہے مجھ فرقت کے مارے میں

بانگِ درا ۔ علامہ اقبالؔ

پوری آیت یہ ہے :- قَالَ لَن تَرَانِي وَلَٰكِنِ انظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي ۔

ترجمہ :- کہا اللہ نے ہرگز نہ دیکھ سکے گا تو مجھ کو و لیکن نظر کر طرف پہاڑ کی پس اگر قائم رہے جگہ اپنی پھر پس البتہ دیکھ سکے گا تو مجھ کو۔

پارہ - ۹ - رکوع - ۷

اس آیت کو مختلف شعراء نے اپنے اپنے کلام میں یوں کیا ہے کہ

بعید روح کو خالق سے ہے یاری شوق
اگرچہ حق ہے اسے نار لن ترانی کا

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

لن ترانی کب تک اب جلوہ مجھے دکھلا ہی ے [1]
طالب دیدار ہوں مدت سے موسیٰ کی طرح

دیوانِ ہیکس - ہیکس جبل پوری

[1] کس کی آواز تھی وہ طور سے بالا کے شجر
لن ترانی کی جو موسیٰ نے سنی تھی آواز

امیر مینائی

خدا کا جدا تجھ سے طرزِ سخن

نہ ہو حرف، کیوں لَنْ ترانی سے کم

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسن

جس نے موسیٰ کو جھکایا طور پر

لن ترانی کا مزہ یہ کون تھا

اسی سے شیخی مارنا معنی بن گئے ہیں

باغِ کلامِ اکبر - اکبر وارثی

جیسے تمہاری لن ترانی کے کرشمے دیکھے بھالے ہیں

جلوہ سامنے آ جائے ہم بھی آنکھ والے ہیں

غزلیاتِ احسن - احسن مارہروی

کلیم اللہ کا دل روشن ہوا جس ضوفشانی سے

وہ جس کی آرزو بھڑکی جوابِ لن ترانی سے

شاہنامۂ اسلام - حفیظ جالندھری

بلند جو ہو جائیں تیرے عاشق دھری رہے سب یہ لَنْ تَرَانِیْ

پھر اپنے دیدار کے دکھانے میں تجھ کو کچھ قیل و قال ہو گا!

دیوانِ حلیم - مرتب حضور احمد سلیم

بالیدن و تپیدن تمرِ حیات و فن ہے

ہے خام وہ ترانہ ہو جس میں لَنْ تَرَانِیْ

فلکِ موج - عبد العزیز خالد

خاموش ہے عالمِ معانی

کہتا نہیں حرفِ لَنْ تَرَانِیْ

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

سن کر جبریلِ امیں کا یہ پیغام

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا

چمنستان - مولانا ظفر علی خاں

قرآن پاک میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ :- لَنْ تَنَالُوا

تُبِرّ حَتّٰی تُنفِقُوا۔

ترجمہ:۔ ہرگز نہ پہنچو گے تم بھلائی کو یہاں تک کہ خرچ کرو تم۔

پارہ - ۴ - رکوع - ۱

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ کی سیر کر تا رہا تو جس طرح

اپنا جمال دیکھئے - بزمِ مثال میں بھی آ

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

پوری آیت :۔ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔

ترجمہ:۔ نہیں مانند اس کی کوئی چیز اور وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

پارہ - ۲۵ - رکوع - ۳

سن کر حکم لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی

محنت و کاوش کو سمجھا وجہ اعزازِ بشر

غزلیاتِ احسن - احسن مارہروی

قرآن پاک میں اس آیت کے لیے ارشادِ باری ہے کہ

وَ اَن لَّیسَ للاِنسَانِ اِلّا مَا سَعیٰ

ترجمہ:۔ اور یہ کہ نہیں واسطے آدمی کے مگر جو کچھ سعی کی ہے

پارہ ۔ ۲۷ ۔ رکوع ۔ ۷

اس آیت کو اردو شعراء نے بھی اپنے کلام میں استعمال کیا ہے

لَیسَ للاِنسَانِ اِلّا مَا سَعیٰ کو بھول کر

آرزو میری بھی ہے کیسی بلا کی آوار

خیابستان ۔ مولانا ظفر علی خاں

حکمِ حق ہے لَیسَ للاِنسَانِ اِلّا مَا سَعیٰ

کھائے کیوں مزدور کی محنت کا پھل سرمایہ دار

بانگِ درا ۔ علامہ اقبال رح

---

زمین پر اسے ڈھونڈتے ہو عبث

ہے بالائے افلاک کا تو تو ٹھکانا

مزدور میرِ مصطفیٰ ۔ عبدالعزیز خالد

ع

قرآن پاک میں پوری آیت اس طرح ارشاد ہے کہ

اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ

ترجمہ:- تحقیق جو کچھ وعدہ دیے جاتے ہو تم البتہ آنے والا ہے

پارہ - ۸ - رکوع - ۳

محتاج عرض حال نہیں پیار کی جناب

پہچان لے گا عالم مَا فِی الصُّدُوْر آپ

دیوانِ رند معروف بہ گلدستۂ عشق - رند

پوری آیت ہے کہ:- وَ حُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۱

ترجمہ:- اور حاصل کیا جاوے گا جو کچھ بیچ سینوں کے ہے

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۲۸

میرا فرض میں نے ادا کر دیا

فیا ایُّها النّاس بما قائلون

مزدور میر صفدر - عبدالعزیز خالد

لہ شاید حضرت کا ہے تشدید ولام واللیل

آیت ہے مازاغ البصر وما طغی

صاد مازاغ بصر سرمہ چشم الکحل تمسک کا کرودی

ترجمہ - جیکی نہیں نگاہ اور نہ حد سے

پوری آیت قرآن پاک میں یوں آئی ہے کہ:۔ وَکَمْ مِّنْ قَرْیَۃٍ اَھْلَکْنٰھَا

فَجَآءَھَا بَاْسُنَا بَیَاتًا اَوْ ھُمْ قَآئِلُوْنَ.

ترجمہ:۔ اور بہت بستیاں ہیں کہ ہلاک کیا ہم نے ان کو پس آیا ان کے پاس

عذاب ہمارا رات کو سوتے یا وہ دوپہر کو سوتے تھے.

پارہ - ۸ - رکوع - ۸

اس قدرتِ خالق کی ہیں قدر ہمیں

ہے مَا قَدَرُوا اللّٰہَ سے ظاہر معقول

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

پوری آیت ہے کہ:۔ وَ مَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ

ترجمہ:۔ اور نہ قدر پہچانی انہوں نے اللہ کی حق قدر اس کے کا.

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۴

اسی آیت کو سید امجد حسین امجد کہتے ہیں کہ جب مَا قَدَرُوا اللّٰہ خدا کہتا ہے

کیا رہتے ہو اپنی قدر دانی کیلئے

پیامِ امجد

احد نے بخشی ہے ما ینطق کی جس کو سند

جو نکتہ سنج ہے رمز آشنائے کیف وکم

منہمنا - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ٥

ترجمہ :- اور نہیں بولتا خواہش اپنی سے

پارہ - ۲۷ - رکوع - ۵

یہ پوری آیت ایک اور شاعر اکس انداز میں طرح آئی ہے

ہے جس کی شگفتہ رنگ تقریر

ما ینطق عن ہوای کی تفسیر

کلیات نعت - مولوی محمد محسن

سہولت پسند و بیانہ آرائش

بشکل بجا لاویں ما یؤمرون

مزمور میر مطی - عبد العزیز خالد

پوری آیت ہے کہ:- یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَاَھْلِیْکُمْ نَارًا

وَّقُوْدُھَا النَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ عَلَیْھَا مَلٰٓئِکَۃٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰہَ

مَآ اَمَرَھُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ۔

ترجمہ:- اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ جانوں اپنی کو اور لوگوں اپنوں

کو آگ سے کہ ایندھن اس کا لوگ ہیں اور پتھر ہیں اوپر اس کے مقرر ہیں

فرشتے سخت دل زور آور نہیں نافرمانی کرتے اللہ کی جو حکم کرے ان کو

اور کرتے ہیں جو حکم کیے جاویں۔

پارہ - ۲۸ - رکوع - ۱۹

جہاں پناہ تیری درگہہ عدالت میں

کسی کو دیوے اذیت کوئی معاذاللہ

دیوان سودا - مرزا سودا

پوری آیت یوں ہے:- قَالَ مَعَاذَ اللّٰہِ اِنَّہٗ رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ،

ترجمہ:- کہا پناہ پکڑتا ہوں میں اللہ کی تحقیق وہ رب میرا ہے اچھی طرح

سے کیا اس نے اکٹھا میرا ،

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۱۳

اس آیت کو بہت سے شعراء اپنے کلام میں یوں کہتے ہیں کہ

بتوالہیی خودی ہم میں سمائی

فضاذ اللہ گویا ہم خدا ہیں

دیوانِ عاصل - عاصؔل دہلوی

یہ اس کے تیر ستم کی روش فعاذ اللہ

دلِ حزیں سے جو گذرا جگر کے پار ہوا

نوادرِ دل - ہادی مچھلی شہری والا

فعاذ اللہ مثیلِ اُمتِ موسٰی نہیں ہیں ہم

جہاں میں پیروانِ دینِ ختم المرسلین ہیں ہم

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

معاذ اللہ یہ لرزہ فگن تجویز مکّاری

یہ عصیاں کوشی زندیقی یہ ظلمات پوش عیاری

شاہنامہ اسلام جدید - عامر عثمانی

میری الفت تعجب ہوگئی توبہ معاذ اللہ

کہ منہ سے بھی نہ نکلے بات اور شرمندہ ہو جائے

سوز و ساز - حفیظ جالندھری

نگاہ یاس و آہ عاشقاں و نالۂ بلبل

معاذ اللہ کتنی صورتیں ہیں ان کے پیکاں کی

نشاطِ روح - اصغر حسین گونڈوی

تیرے جلوؤں کی حیرت آفرینی اے معاذ اللہ

نگاہوں نے جو دیکھا ہے زبانوں سے ادا کیوں ہے ۔ لمعاتِ ماہر - ماہر القادری

حریم تیرا خودی غیر کی معاذ اللہ

دوبارہ زندہ نہ کر کاروبارِ لات و منات

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

وزیر ہند کا سلف کین معاذ اللہ

اور اُن کی تازہ عنایات سے خدا کی پناہ

نگارستان - مولانا ظفر علی خاں

ہے انساں کے لیے اس دور میں انساں کا خون جائز

معاذ اللہ انسانی شرف کی یہ زبوں حالی

لوازمِ حیات - یحیٰی اعظمی

ہیں اس کے طریقے عجیب و غریب

وہ دے رزق مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ

مزدور ہیں مصطفیٰ - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں پوری آیت یوں ارشاد ہے کہ:- وَالَّذِينَ كَذَّبُوا

بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ۔

ترجمہ :- اور جنہوں نے جھٹلایا نشانیوں ہماری کو البتہ درجہ بدرجہ کھینچیں گے

ہم اُن کو گمراہی میں جس طرح سے کہ نہیں جانتے۔

پارہ - ۹ - رکوع - ۱۳

مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ہی پر ختم ہے قول نشست
کیوں عبث برپا ہے اتنا شور طغیاں ان دنوں

کلیاتِ اکبر - اکبر وارثی

پوری آیت ہے کہ :- کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ،
ترجمہ :- جو کوئی اوپر زمین کے ہے فنا ہونے والا ہے ۔
پارہ - ۲۷ - رکوع - ۱۱

مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلاً کو بھی دیکھو بعد اُوْتِیْتُمْ
نہ مانو گے تو اک دن بھاگے کھاؤ گے جوتی تم

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ
وَمَا اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلاً ،
ترجمہ :- کہہ جان حکم پروردگار میرے کے سے اور نہیں دیے گئے
تم علم سے مگر تھوڑا - پارہ - ۱۵ - رکوع - ۱۰

یہی وہ قوم ہے جس کے لیے نعمت کے منہ برسے

کہ اترے منّ و سلویٰ ان کی خاطر آسماں پر سے

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

پوری آیت ہے کہ :- وَ نَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ۔

ترجمہ :- اور اتارا ہے ہم نے اوپر تمہارے من اور سلویٰ ۔

پارہ - ۱۶ - رکوع - ۱۳

ابر پیوستہ ان پہ سایہ کرے

منّ و سلویٰ بہر شب تازہ

کلک موج - عبد العزیز خالد

# (ن)

ناشئة الليل آج سے دے گا میری روح کو نشو ونما

اقوم قیلا آج سے ہوگا میری انابت کا معمول

خیالستان - مولانا ظفر علی خاں

قرآن پاک میں یہ آیت یوں ارشاد ہے :- اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ

اَشَدُّ وَطْأً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ٥

ترجمہ :- تحقیق اٹھنا رات کا وہ بہت سخت ہے کچلنے نفس کے میں اور

بہت سیدھا کرنے والا ہے ۔

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱۴

نَحْنُ اَقْرَبُ کہہ کے گو مژدہ سنایا ہے تجھے

تو نگاہ رو میں لگا رہ یاد جاناں کو نہ چھوڑ

دیوانِ حلیم - مرتب حفیظ احمد سلیم

پوری آیت ہے :- وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۔

ترجمہ :- اور ہم بہت نزدیک ہیں طرف اس کی رگ جاں سے -

پارہ ۲۶ - رکوع - ۱۶

پیام نحن اقرب وصل مگر پیرده کا مژده ہے

[illegible] جائے تو پردہ اٹھے معشوق مقصود کا قلعی کھلا

اس آیت کے لیے ایک شاعر نے یہ شعر کہے ہیں

یہی نَحْنُ اَقْرَبُ کی سب گفتگو ہے

پھڑکتی ہوئی رگ میں درپردہ تو ہے

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

نَحْنُ اَقْرَبُ وَهُوَ محکم ہے جس نے کیا قرآں میں مجلا

واللہ وہی ہے پوشیدہ فِیْ اَنْفُسِکُمْ وَ فِیْ اَنْفُسِکُمْ

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

عَلِیٌّ و عَلیم و عزیز و عظیم

سلام اس کو نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

منظور میرِ مصطفیٰ - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَ نَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ .

ترجمہ :- یعنی جدائی ڈالتے ہم درمیان کسی کے ان میں سے اور ہم واسطے

ا وس کے مطیع ہیں ۔

پارہ - I - رکوع - ۱۶

یوں انائے حق ہے منصوری خودی

اور ہے نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ سہروردی

صوفیانہ نظمیں - دردؔ کاکوروی

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۔

ترجمہ :- جب آوے مدد خدا کی اور فتح ہو مکہ ۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۳۵

اسی آیت کو "شاہنامہ اسلام" میں یوں لایا گیا ہے ۔

یہی نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہ کا اصول جاودانی ہے

یہی اسلام کی شرطِ حصولِ کامرانی ہے

حفیظ جالندھری

کوئی حافظے ہیں - کوئی ناظرے ہیں

حدیث اور قرآن میں نعمۃ اللہ

صوفیانہ نظمیں - درود کا کورس

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس آیت کو یوں فرماتے ہیں کہ

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَا اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ .

ترجمہ :- اور یاد کرو اوپر اپنے اور جو کچھ اتارا ہے اوپر تمہارے

کتاب سے اور حکمت سے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھ اس کے ۔

پارہ - ۲ - رکوع - ۱۳

رکو نعمت سینہ میں رُوحی کو یاد

جب تلک اے درود دم میں دم رہے

سیر درود - مرتب ظہیر احمد صدیقی

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس آیت کو فرماتے ہیں کہ

فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ۔

ترجمہ :- پس جس وقت کہ درست کروں اس کو اور پھونکوں بیچ اس کے روح اپنی میں سے پس گر پڑو واسطے اس کے سجدہ کرتے ہوئے ۔

پارہ - ۲۳ - رکوع - ۱۲

امیر مینائی نے بھی اس آیت کو استعمال کیا ہے

نفخت فیہ من روحی کے معنی سے ہوا ثابت
خزانہ ہے محیط اس چشمہ روح مجرد کا

# و

ملک سجدہ نہ کرتے آدم خاکی کو گر اس کی
امانت دار نورِ احمدی ہوتی نہ پیشانی

دیوانِ ہمدرد - سودا

آیت ہے :- واذ قلنا للملٰئکۃ اسجدو لآدم فسجدو الا ابلیس -
ترجمہ :- اور جب ہم نے حکم دیا فرشتوں کو کہ سجدہ کرو آدم کو تو
سب سجدے میں گر پڑے - سوائے شیطان کے -
پارہ - ۱ - رکوع - ۷

چہرہ گل رنگ و زلف موج زن خوبی ہیں
آیت 'جنات تجری تحتھا الانہار

ولی دکھنی

پوری آیت ہے - واعد لھم جنت تجری تحتھا الانھار خالدین فیھا
ابدا - ترجمہ :- اور تیار کر رکھے ہیں واسطے ان کے باغ
کہ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں وہ انہی میں ہمیشہ رہا کریں گے -
پارہ - ۱۲ - رکوع - ۱

سہ اس جلوس سے ہوں گے بہشت میں داخل
سبھو نکو بخشیں گے جنات تحتہا الانہار
- منیر شکوہ آبادی

بحکم اعدوالہم مااستطعتم
بڑھے جس قدر اپنی طاقت بڑھاؤ
- ظفر علی خاں

آیت ہے - واعدوالہم مااستطعتم من قوۃ
ترجمہ :- اور تیار کرو ان کی لڑائی کے واسطے جو کچھ جمع کر سکو قوت سے -
پارہ - ۱۰ - رکوع - ۴

غنی ہے ذات تیری دونوں عالم سے ہے مستغنی
نہ ہو پھر کس طرح از بسکہ میں استغنا کی عبرت کا - علی
آیت ہے :- واللہ الغنی وانتم الفقراء -
ترجمہ :- اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج ہو - پارہ - ۲۶ - رکوع - ۸

۵ یاد کر بھولا ہوا والرجز فاھجر کا سبق
شرک کی رسموں سے باز آ کفر کی ریتوں کو چھوڑ

مولانا ظفر علی خان

پوری آیت قرآن پاک میں یوں ارشاد ہے

وثیابک فطھر والرجز فاھجر

ترجمہ :- اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور گندگی سے دور رہ

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱

ہے امید قوی بخشش کی ترے فضل سے ہم کو
ملا مژدہ غضب پر ہے تیری رحمت کی سبقت کا

حسن علی

آیت ہے :- ورحمتی وسعت کل شئی

ترجمہ :- اور میری رحمت ہر چیز میں شامل ہے

پارہ - ۹ - رکوع - ۹

ہے وہ افق بہ افق وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ

اسی کے جلوے کی شق حسینِ منظرِ عالم

منحمنا - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے کہ:- وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ

ترجمہ:- قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے کی۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۱

جمالِ صبح میں وَالشَّمس کی رعنائی ہے

سوادِ شب میں ہے وَاللَّیلِ اِذَا کی زیبائی

میکدہ معنی دیوان درد - درد کاکوروی

پوری آیات قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ:-

وَالشَّمسِ وَضُحٰھَا - وَاللَّیلِ اِذَا یَغشٰھَا۔

ترجمہ:- قسم ہے سورج کی اور دھوپ اس کی کی۔ اور رات کی جب ڈھانک لے اس کو۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۴

اسی آیت کو اور شعراء اپنے کلام میں یوں لائے ہیں۔

درود ان پر کہ ہے وَالشّمس جن کا عارضِ انور

سلام اُن پر کہ ہیں وَالنّجم جن کے خال مشکِ تاسر

صوفیانہ نظمیں ۔ درد کاکوروی

ہے چہرہ آپ کا وَالشّمس وَالضّحیٰ وَالفجر

درود پڑھ کے لی ہے خیالِ گویائی

دیوانِ درد ۔ درد کاکوروی

درود اُن پر کہ جن کا والضّحیٰ چہرہ ہے نورانی

سلام اُن پر کہ ہیں واللیل گیسو جن کے قرآنی

صوفیانہ نظمیں ۔ درد کاکوروی

پوری آیت ہے کہ :- وَالشّمسِ وَ ضُحٰھَا ۔ وَاللَّیلِ اِذَا یَغشٰھَا ۔

ترجمہ :- قسم ہے سورج کی اور دھوپ اس کی کی ۔ اور رات کی جب ڈھانک لے اس کو۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۶

اس آیت کو اور شعراء نے بھی اپنے کلام میں استعمال کیا ہے

دیکھے و الضحیٰ جمال اور اذا سجیٰ کمال

خال بخال خد لحظ نکتہ بہ نکتہ مو بہ مو

دیوانِ درد میکدہ معنیٰ۔ درد کاکوروی

دوسری پوری آیت یوں ہے :۔ وَ الَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۔

ترجمہ :۔ اور رات کی جب ڈھانک لیوے۔ پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۶

وَ الضحیٰ وصفِ رخِ حضرت ہے کیا کافی تھے

سیکڑوں مصحف بھی وصفِ حسن کی تفسیر ہیں

باغِ کلامِ اکبر ۔ اکبر وارثی

اندھیرے کی ہر ظلمت لازمی تھی حسن اجالے سے

ظہورِ و الضحیٰ تھا آج کملی والے سے

شاہنامہ اسلام ۔ حفیظ جالندھری

سفر میں جس کو شجر جھک کے سایہ کرتے ہیں
وہ وَالضُّحٰی رُخ و ریحاں نفس، نسیم نسیم

منحنا - عبد العزیز خالد

شمس وصفِ رخ و لیلین ہے وصفِ دو زلف
وَالضُّحٰی وصفِ جبینِ نور ہے وصفِ گردن

کلیات نعت - مولوی محمد محسن

جو حکم وَاعْتَصِمُوا ہم کو ہے بِحَبْلِ اللّٰہ
بتائیے کہ کہاں ہے وہ حبل عالم میں

کلیات اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ
وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

ترجمہ:- اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی اکٹھے اور مت متفرق ہو۔

پارہ - ۴ - رکوع - ۲

اسی آیت کو ایک اور شاعر نے اپنے کلام میں یوں استعمال کیا ہے

پیام جس کا ہے وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہ

کیا دماغ و دل منصقل کو جس نے بہم

منحمنا - عبدالعزیز خالد

وَالْعَصْرِ پکارا ہے خدا کی

اے ابن البشر نہ کر بھروسا

عکسِ موج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت قرآن پاک میں یوں ہے۔ وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ

ترجمہ۔ قسم ہے عصر کی تحقیق آدمی البتہ بیچ زیان کے ہے۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۲۸

اطراف بیاض مطلع صاف

وَالتَّکْبِیْر کے حاشیے پہ کشاف

کلیات نعت - مولوی محمد محسن

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ عَشْرٍ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ

ترجمہ :- اور قسم ہے فجر کی اور دس راتوں کی اور جفت کی اور طاق کی اور رات کی جب چلنے لگے ۔

پارہ ۔ ۳۰ ۔ رکوع ۔ ۱۳

اسی آیت کو ایک شاعر اپنے کلام میں یوں لائے ہیں

درود ان پر جنہیں لیلٰی سے خالق نے فرمایا

سلام اُن پر جنہیں والفجر سے حق کا خطاب آیا

حوضِ نادرِ منظمیں ۔ درد کاکوروی

زلف وَاللَّيْلِ ہے خم صفت گیسو ہیں

رخ پر نور یہ ان کے دونوں کو مل کھانا دو

دیوان درد ۔ درد کاکوروی

پوری آیت ہے ۔ ۔ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى

ترجمہ :- اور قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے ۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۷

نامِ خدا سوادِ تحریر

وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی کی تفسیر

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسنؒ

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۔

ترجمہ :- اور رات کی جب ڈھانک لیوے ۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۸

ایک اور شاعر نے اس آیت کو اپنے کلام میں یوں کہا ہے کہ

کریں تلاوت وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی زلفیں

سیاہ رات کے سائے میں حلقہ ہائے نجم

منضمنا - عبدالعزیز خالد

آج وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی کے معنی کھل گئے

کالی کالی زلف والے مصطفٰے ہم ہی تو ہو۔

ریاضِ اکبر - اکبر وارثی

اللہ تعالٰے قرآن پاک میں فرماتے ہیں کہ - وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۔

ترجمہ :- اور قسم ہے رات کی جب ڈھانک لے ۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۷

وَاللَّیْل کو ختم کر چکا ہے

آمادۂ دورِ وَالضُّحٰی ہے

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسنؒ

پوری آیت قرآن پاک میں اللہ تعالٰی یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

وَالضُّحٰی ۔ وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی

ترجمہ :- قسم ہے دن چڑھے کی اور رات کی جب ڈھانک لیوے ۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۸

خواہ ملحد ہے کہ ہجر ہو گیا میرا مسکین
اور فلک کی ہے صدا وَ اللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْن

کلیاتِ اکبر - اکبر الٰہ آبادی

پوری آیت ہے: وَ یَمْکُرُوْنَ وَ یَمْکُرُ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْن ۔

ترجمہ: - اور مکر کرتے تھے وہ اور مکر کرتا تھا اللہ تعالٰے اور اللہ تعالٰی
بہتر مکر کرنے والوں کا ہے ۔

پارہ - ۹ - رکوع - ۱۸

تو معنیٔ وَالنَّجْم نہ سمجھا تو عجب کیا ہے
ہے تیرا مد و جزر ابھی چاند کا محتاج

ضربِ کلیم - علامہ اقبالؒ

پوری آیت قرآن مبارک میں یوں ارشاد ہے کہ
وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوٰی

ترجمہ: - قسم ہے تارے کی جب گرے ۔ پارہ - ۲۷ - رکوع - ۵

نہاں یہ نکتہ ہے وَالنّٰشِطٰتِ نَشْطاً میں

ہو سیر چشم نہ زنہار طامع و منعم

منحمنا - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ وَالنّٰشِطٰتِ نَشْطاً

ترجمہ:- قسم ہے اُن فرشتوں کی کہ بند کھول دیتے ہیں جان کا بدن سے

بند کھول دینے کر۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۳

ملمع ہے آخر اتر جائے گا

وَ بِالْبَاطِلِ الْحَقَّ بِمَا تُلْبِسُوْنَ

مزمور میرِ مغنّی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے کہ - یَا اَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ

الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔

ترجمہ- اے اہلِ کتاب کیوں ملاتے ہو سچ کو ساتھ جھوٹ کے اور چھپاتے

جو حق کو تم جانتے ہو

پارہ - ۳ - رکوع - ۱۵

عرش پر کرسی بچھائے ہے مرا ذیشاں رسا

اس پہ بیاں آیۂ مضموں ہے کہ وحیٌ یوحیٰ

کلیاتِ نعت - مولوی محمد محسنؒ

پوری آیت قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں کہ

اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

ترجمہ :- نہیں وہ مگر وحی کہ بھیجی جاتی ہے ۔

پارہ - ۲۷ - رکوع - ۵

کہ اب حاصل دولت کیا ہے

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ

بیاضِ امجد - سید امجد حسین امجد

پوری آیت ہے کہ :- وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ

ترجمہ:- اور مہربانی پروردگار تیرے کی بہت بہتر ہے اُس چیز سے کہ جمع کرتے ہیں۔

پارہ - ۲۵ - رکوع - ۹

ہیں مشہور صحفؑ کی شہر میں دوال

وَالّذِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ

مرور میر سفتیؒ - عبدالعزیز خالد

پوری آیت یوں ہے کہ:- قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ۔

ترجمہ:- کہہ کیا یہ بہتر ہے یا جنت ہمیشہ رہنے کی کہ وعدہ دیے گئے ہیں پرہیزگار۔

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۱۷

تھے دنیا میں خوش بخت و اقبال مند

وَفِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ

مزید میر مصطفیٰ - عبد العزیز خالد

پوری آیت :- لَا جَرَمَ اَنَّھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ ھُمُ الْاَخْسَرُوْنَ

ترجمہ - بیشک یہ لوگ ہیں آخرت کے وہی ہیں ٹوٹا پانے والے .

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۲

نہیں ہے کسی شرح و تفصیل کی

وَلٰکِنَّ اَکْثَرَھُمْ یَجْھَلُوْنَ

مزید میر مصطفیٰ - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَیْھِمُ الْمَلٰٓئِکَۃَ

وَکَلَّمَھُمُ الْمَوْتٰی وَحَشَرْنَا عَلَیْھِمْ کُلَّ شَیْءٍ قُبُلًا مَّا کَانُوْا لِیُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ

یَّشَآءَ اللّٰہُ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَھُمْ یَجْھَلُوْنَ .

ترجمہ :- اور اگر ہم اتارتے طرف ان کی فرشتے اور بولتے ان سے مردے اور

اکٹھا کر دیتے ہم اوپر ان کے ہر چیز کو مقابل نہ ہوتا کہ ایمان لاویں مگر یہ کہ چاہیے

اللہ و لیکن اکثر لوگ جاہل ہیں

پارہ - ۸ - رکوع - ۱

ہر اک شے سے بڑھ رہا ابن بشر

مزید اس کو دیکھے ذرا لو یعلمون

مزبور مہیر مفتی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت یہ کہ :- كَذٰلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

ترجمہ :- ویسی طرح ہے عذاب اور البتہ عذاب آخرت کا بہت بڑا ہے

اگر یہ سمجھ جاتے۔

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۳

ضلالت میں ضائع کریں زندگی

وہ دیں خود کو دھوکا و ما یشعرون

مزبور مہیر مفتی - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- وَمَا يَخْدَعُونَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ

ترجمہ :- اور نہیں فریب دیتے مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے۔

پارہ - ۱ - رکوع - ۲

کریں ظالم انکار آیاتِ حق

نہ ہوں ہمسر بہ سجدہ و ھم سالمون

منظور میر مفتی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے :- و قد کانوا یدعون الی السجود و ھم سالمون ۔

ترجمہ :- اور تحقیق تھے بلائے جاتے طرف سجدے کی اور وہ سالم تھے

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۲

ہے جھوٹی و سہو کا عار لگ

کریں ادبدا اگر و ھم یعلمون

منظور میر مفتی - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :-

و یحلفون علی الکذب و ھم یعلمون ۔

ترجمہ :- اور قسم کھاتے ہیں اوپر جھوٹ کے اور وہ جانتے ہیں ۔

پارہ - ۲۸ - رکوع - ۳

تم ان کے لیے راح و ریحان و روح

یتضرعون و یتضرعون

منزہ ورد سیر مفتی - عبد العزیز خالد

پوری آیت یوں ہے کہ :- وَمَا اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَۃٍ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّا

اَخَذْنَا اَھْلَھَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّھُمْ یَضَّرَّعُوْنَ .

ترجمہ:- نہیں بھیجا ہم نے بیچ کسی بستی کے کوئی نبی مگر پکڑا ہم نے لوگوں اس کا کو

ساتھ فقر کے اور مرض کے تو کہ وہ عاجزی کرتے ہیں .

پارہ - ۹ - رکوع - ۲ ؎

نہ بھیجیں سنی عصمت و عدل کو

وَیَھْدُوْنَ بِالْحَقِّ بِہٖ یَعْدِلُوْنَ

منزہ ورد سیر مفتی - عبد العزیز خالد

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس آیت کو بیان فرماتے ہیں کہ

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓی اُمَّۃٌ یَّھْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِہٖ یَعْدِلُوْنَ .

؎ کہا یا لیتنی کنت ترابا عرش اعظم نے ۔ آیت ۔ و یقول الکافر یلیتنی کنت ترابا

قدم جب سید عالم کا ہر روئے زمیں آیا احمد حسین امجد ترجمہ اور کہے گا کافر میں مٹی ہوتا

ترجمہ:- اور قوم موسیٰ کی سے ایک جماعت ہے کہ ہدایت کرتی ہے ساتھ
حق کے اور ساتھ اُس کے عدل کرتے ہیں

پارہ - ۹ - رکوع - ۱۰

---

کس حجاب و قوسین کا راز کھولا
کس معنیٔ ہل اتیٰ بن کے آیا

لمعاتِ ماہر - ماہر القادری

پوری آیت ہے کہ:- ہَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّھْرِ لَمْ یَکُنْ شَیْئًا مَّذْکُوْرًا
ترجمہ:- تحقیق ہے آیا ہے اوپر آدمی کے ایک وقت زمانے میں سے کہ نہ تھا کچھ چیز ذکر کیا گیا

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱۹

مسلمت اندیشہ ہے باہر ہیں گو تیرے شہید
اُس پہ بھی ہے وردِ زباں ہر رات دن ھل من مزید

آب بقا - خان احمد حسین خان

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس آیت کریمہ میں فرماتے ہیں کہ
یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ۔
ترجمہ :- جس دن کہیں گے ہم دوزخ کو کیا بھر گئی تو اور کہے گی وہ کیا کچھ ہے زیادتی

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۱۷

ہیں اسلام کے داعی مدعی
مگر ہم بالآخرۃ یوقنون

مزدور میر سقی - عبدالصمد بزخالد

ارشاد باری قرآن پاک میں یوں ہے :- وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۔
ترجمہ :- اور ساتھ آخرت کے وہ یقین رکھتے ہیں

پارہ - ۱ - رکوع - ۱

سمجھنے میں شعروادب کا مقام

ہیں خوش فکر بالضمن عمم کارھون

مرسلہ میر مفتی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت یہ کہ - لقد ابتغوا الفتنۃ من قبل و قلبوا لک الامور

حتی جاء الحق و ظھر امر اللہ و ھم کارھون -

ترجمہ :- البتہ تحقیق چاہا تھا انہوں نے فتنہ پہلے اس سے اور یہاں تک

الٹ پلٹ کیا تھا واسطے تیرے کاموں کو یہاں تک کہ آیا حق اور ظاہر

ہوا حکم خدا کا اور وہ ناخوش رکھنے والے تھے

پارہ - ۱۰ - رکوع - ۱۳

گرفتار آزار اصحاب نار

اور اصحاب الجنۃ ھم الفائزون

مرسلہ میر مفتی - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ اس آیت کو یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

اصحاب الجنۃ ھم الفائزون

ترجمہ:- رہنے والے بہشت کے وہی ہیں مراد پانے والے۔

پارہ - ۲۸ - رکوع - ۶

خدا مست ہے خالد بے نوا

سمجھا نہیں ھم زدہ کا یحزنون

مزمور میر مغنّی - عبدالعزیز خالد

پوری آیت یہ ہے:- وحرمنا علیہ المراضع من قبل فقالت ھل

ادلکم علی اھل بیت یکفلونہ لکم وھم لہ ناصحون۔

ترجمہ:- اور حرام کر دیا ہم نے اوپر اس کے دودھ دائیوں کا پہلے اس سے

پس کہا اس نے کیا دلالت کروں میں تم کو اوپر ایک گھر والوں کے کہ پالیں

اس کو واسطے تمہارے اور وہ واسطے اس کے بہت خیر خواہ ہیں۔

پارہ - ۲۰ - رکوع - ۴

کریں نیکیوں کے لیے دوڑ دھوپ

یہ قول و عمل ھُم لَھَا سَابِقُوْنَ

منشورِ سپیدۂ سحری - عبدالعزیز خالد

پوری آیت یہ ہے کہ :- اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۔

ترجمہ :- یہ لوگ جلدی کرتے ہیں بھلائیوں کے اور وہ طرف اُن کی آگے نکل جانے والے ہیں ۔

پارہ - ۱۸ - رکوع - ۴

خدا کا نام لے کر مالوی جی بھی پکار اُٹھیں

ھُوَ الظَّاھِرُ ھُوَ الْبَاطِنُ ھُوَ الْآخِرُ ھُوَ الْاَوَّلُ

چمنستان - مولانا ظفر علی خاں

قرآن پاک میں ارشادِ باری ہے کہ :- ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔

ترجمہ :- وہ ہے سب سے پہلے اور سب سے پیچھے اور سب سے ظاہر اور سب سے

چھپا ہوا اور وہ سب کچھ جانتا ہے۔

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۱۷

بت سے سر اسلت ہے تو عنوان سادہ چھوڑ

ناخوش کہیں نہ ہوں وہ ھُوَ الْمُسْتَعَانُ لکھ

کلیات اکبر - اکبر آلہ آبادی

پوری آیت ہے کہ :- وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ،

ترجمہ :- اور اللہ سے مدد مانگی گئی ہے اوپر اس چیز کے کہ بیان کرتے ہو تم -

پارہ - ۱۲ - رکوع - ۱۲

کاے ذاکر و شاغل ھُوَ اللّٰہُ

از لفظ احد مگر فکر کن

پیامِ امجد - سید امجد حسین امجد

قرآن پاک میں ارشادِ مبارک ہے کہ :- قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ،

ترجمہ:- کہہ دے محمدؐ وہ اللہ ایک ہے

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۲۷

اس آیت کو اردو شعراء بھی اپنے کلام میں رکھ لائے ہیں۔ کہ:-

ھُوَ اللہ ایک ساغر ہے ترا دربار در پردہ
بدی مدہوشی مری عقل ہے دستار در پردہ

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

یہ گویا اب بلائیں لے رہا تھا گھر کے پھر پھر کر
ھُوَ اللہ اَحَدٌ کہتے تھے بت سجدے میں گر گر کر

شاہنامہ اسلام - حفیظ جالندھری

کس کی ہیبت سے صنم سہمے ہوئے رہتے تھے؟
منہ کے بل گر کے ھُوَ اللہ اَحَد کہتے تھے؟

بانگِ درا - علامہ اقبالؒ

# ی

مولانا اُن کا لختِ جگر

یا اَبَتِ افعل ما تؤمر

پیامِ امجد ۔ سید امجد حسین امجد

پوری آیت ہے کہ :- قال یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصبرین ۔

ترجمہ :- کہا اے باپ میرے کر جو کچھ حکم کیا جاتا ہے تو شتاب پاوے گا تو مجھ کو تو اگر چاہے اللہ تو صبر کرنے والوں سے ۔

پارہ - ۲۳ - رکوع - ۷

یہ معنی وحی جو یا ایہا المزمل ہے

قیامِ شب سے ہے جس کے ساتھ پاسِ حرم

منتہا - عبد العزیز خالد

ارشاد باری قرآن پاک میں ہے کہ : یا ایہا المزمل قم الیل الا قلیلا ۔

ترجمہ :- اے کپڑا اوڑھنے والے کھڑا رہ کر رات کو مگر تھوڑا ۔

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱۳

ایک محمل ہوتا ہیں سب کے ساتھ

تُحشرُ النّاسُ علیٰ نیاتھم

از پیامِ اعظم - سید احمد حسین امجد

پوری آیت یوں ہے کہ: قالَ موعدُکم یومُ الزینۃِ وانْ یُحشرَ النّاسُ ضحیٰ۔

ترجمہ:- کہا وعدہ گاہ تمہارا دن زینت کا ہے اور یہ کہ اکھٹے کیے جاویں گے لوگ دن چڑھے۔

پارہ - ۱۶ - رکوع - ۱۲

کیا اُس کے [illegible] کے حق میں خدا نے

یَدعو ثُبورًا و یَصلیٰ سعیرا

باغ کلام اکبر - اکبر وارثی

قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ:- فسوفَ یَدعوا ثُبورًا و یَصلیٰ سعیرا۔

ترجمہ:- پس البتہ پکارے گا ہلاکی کو اور داخل ہوگا دوزخ میں۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۹

يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ

حق پرست خدا کے ہاتھ کا رنگ

صوفیانہ نظمیں - درد کاکوروی

پوری آیت ہے کہ - يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۔

ترجمہ :- ہاتھ اللہ کا ہے اوپر ہاتھوں کے ان کے پس جس نے عہد توڑا پس سوائے اس کے نہیں کہ عہد توڑا اوپر جان اپنی کے۔

پارہ - ۲۶ - رکوع - ۹

حضرت رعد کا بیاں جوش و خروش دیکھ کر

سب نے کیا يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۔

کلیاتِ اکبر - اکبر الہ آبادی

پوری آیت ہے کہ :- وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۔

ترجمہ :- اور تسبیح کرتا ہے گرجنے والا ساتھ تعریف اس کی کے

اور فرشتے دلہا اس کے ہے۔

پارہ - ۱۳ - رکوع - ۸

جب لائے گاتی ہوئی حورِ عین

سلامٌ علیکم بکاسٍ معین

کلیاتِ نعت - محمد محسنؒ

پوری آیت ہے۔ وَ یُطَافُ عَلَیْھِمْ بِاٰنِیَۃٍ مِّنْ فِضَّۃٍ وَّ اَکْوَابٍ

کَانَتْ قَوَارِیْرَا ۔

ترجمہ:- اور پھرائے جاتے ہیں اوپر ان کے سامان چاندی کے اور

آب خورے بیچ شیشے کے۔

پارہ - ۲۹ - رکوع - ۱۹

قلعہ قاف قناعت پہ نشیمن میرا

ہارے دل عنقائے تخیل [illegible] تھا

کلکِ موج - عبدالعزیز خالد

پوری آیت ہے کہ :- وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۔

ترجمہ :- اور البتہ شتاب دیوے گا تجھ کو پروردگار تیرا پس راضی ہوگا۔

پارہ - ۳۰ - رکوع - ۱۸

یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ ہے مہر

بے جبر یدہ جہاں استر خدا

ھو طیا سا نظمیں - فرد کاکوروی

قرآن پاک میں ارشاد باری ہے کہ :- اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ ۔

ترجمہ :- تحقیق اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ۔

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۹

نہ ساز و ساب سے نہ تعداد میں

بایہا نہیں انہیں یُنْصَرُوْنَ

منزور سیر سفتی - عبدالعزیز خالد

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں یوں فرماتے ہیں کہ ۔

وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزٰی وَهُمْ لَا یُنْصَرُوْنَ

ترجمہ:- اور البتہ عذاب آخرت کا بہت رسوا کرنے والا ہے اور

وہ نہیں مدد کیے جائیں گے۔

پارہ - ۲۴ - رکوع - ۱۶

کھل گئے یاجوج اور ماجوج کے لشکر تمام

چشمِ مسلم دیکھ لے تفسیر حرفِ ینسلون

بانگ درا - علامہ اقبال رح

پوری آیت ہے کہ:- حَتّٰی اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ

كُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ -

ترجمہ:- یہاں تک کہ کھولیں جاویں یاجوج اور ماجوج اور وہ

ہر او نچان سے دوڑتے ہوں گے۔

پارہ - ۱۷ - رکوع - ۷

بھلائی کی مد میں جو دیتے ہو تم

یُوَفَّ اِلَیکُم وَ لَا تُظلَمُونَ

منظور میر مفتی - عبدالعزیز خالد

قرآن پاک میں ارشاد ہے کہ :- اَللّٰہُ یَعلَمُہُم وَ مَا تُنفِقُوا مِن شَیءٍ فِی سَبِیلِ اللّٰہِ یُوَفَّ اِلَیکُم وَ اَنتُم لَا تُظلَمُونَ .

ترجمہ :- اللہ تعالیٰ جانتا ہے ان کو اور جو کچھ خرچ کرو گے کسی چیز سے بیچ راہ خدا کے پورا پہنچایا جائے گا طرف تمہاری اور تم نہ ظلم کیے جاؤ گے

پارہ - ١٠ - رکوع - ٤

اٹھو رکھ لے اے مکاں ! دل سے تیرے کیا دھواں

جس کی صورت سے عیاں ہیں معنیٔ یوم الدخان

آپ بقلم - خان احمد حسین خان

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں اس آیت کو یوں ارشاد فرماتے ہیں کہ

فَارتَقِب یَومَ تَاتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِینٍ

ترجمہ: - پس منتظر رہ اُس دن کہ لاوے گا آسمان دھواں ظاہر۔

پارہ - ۲۵ - رکوع - ۱۴

فرمایا کہ یُؤمِنُونَ بِالْغَیْبِ کے تحت

ہم طاقت غیبی کو خدا کہتے ہیں

بیانِ امجد - سیّد امجد حسین امجد

ارشادِ باری قرآن پاک میں یوں ہے کہ : اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۔

ترجمہ: - وہ جو ایمان لاتے ہیں ساتھ غیب کے۔ اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور اس چیز سے کہ دی ہے ہم نے ان کو خرچ کرتے ہیں۔

پارہ - I - رکوع - I

اردو ادب میں مذہب
کے
اثرات

(ضمیمہ)

اردو ادب میں اسلام کا اثر بہت زیادہ ہے مسلمان
فاتحین کے سامنے فتوحات کے ساتھ ساتھ مذہب اور ادب
بھی تھا۔ اس لیے جتنے بھی مسلمان فاتحین اقصائے عالم میں
پھیلے قرآن و رسول ہی ان کا محور رہا۔ جو کچھ بھی کیا جاتا
قرآن اور حدیث کے حوالے سے کیا جاتا۔ اس لیے فارسی یا اردو
زبان میں جو کچھ بھی آیا وہ سب عربی کا فیض تھا اور اس
میں اسلامی قدریں جزو لاینفک تھیں۔

فارسی سے جتنے مذہبی معتقدات اردو کو
ملے ہیں اگر غور کیا جائے تو ان کی تہہ میں عربی کی روح
کارفرما نظر آئے گی یہ دوسری بات ہے کہ اردو بلحاظ فن
اور لسانی حیثیت سے فارسی کا اثر زیادہ قبول کر گئی۔
لیکن سرچشمہ عربی ہی رہا۔ اسلام نے اردو کو اس
قدر ذخیرہ فراہم کیا کہ اگر اردو بالکل جداگانہ

بنیادوں پر استوار ہوتی تو صدیوں تک اتنا ذخیرہ فراہم
نہیں کر سکتی تھی۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوۃ۔ توحید۔ قیامت
وغیرہ تمام اصطلاحات تبلیغ مذہب کے ساتھ ساتھ ادب
میں آگئیں۔ اس قسم کا بہت سا مواد اردو کا جزو بن گیا۔
ہندوستان کے رہنے والے عوام اس قدر عربی دان
نہ تھے کہ وہ زبان دانوں کی طرح عربی میں تمام احادیث
اور کلامِ پاک کے نکات سمجھ لیتے۔ اس لیے ان کو اپنی زبان
میں تفاسیر و اشارات کی ضرورت پڑی۔ چنانچہ ڈاکٹر اعجاز حسین
نے بڑا اچھا فیصلہ کیا ہے کہ "اعتقادات کی ترجمانی اپنی زبان
میں کرنا ایک مذہبی فریضہ تھا۔ اس کے ادق مسائل پر غور کرنا
اور لوگوں کے سامنے اس طرح پیش کرنا کہ مفہوم ذہن نشین
ہو جائے بجائے خود ذہنی ارتقاء کے لیے زبردست امداد کی
صورت تھی جو لوگ مذہبی امور پر قلم اٹھاتے تھے اوّل تو

خود دوسری زبانوں کے اور کم سے کم عربی کے عالم ہوتے تھے ادب کی لطافتوں اور نزاکتوں سے واقف ہوتے تھے۔ اور دوسرے موضوع پر بحث کرنے میں ایک وجدانی کیفیت محسوس کرتے تھے کیونکہ مذہب سے والہانہ وابستگی دنیا کی ہر لذت سے زیادہ مسرت پہنچاتی تھی۔ اس وجہ سے وہ نہایت فصیح و بلیغ عبارت اردو میں لانے کی کوشش کرتے تھے۔ اور مذہبی جذبات کو آسودہ کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ غور و فکر کے ساتھ سوچتے تھے اور آسان سے آسان طریقے پر لوگوں کے سامنے پیش کرتے تھے۔ ①

اردو کی پیدائش کے صدیوں پہلے سرور کائنات ؐ خلفائے راشدین اور ائمہ کا دور گزر چکا تھا ان کے متعلق جو کچھ معلوماتی ذخیرہ ملا وہ عربی سے اردو کو مل سکا۔

---

① مذہب اور شاعری از ڈاکٹر اعجاز حسین صاحب ص نمبر ۹۹-

ہم اپنی روزانہ گفتگو میں بلا تکلف بلا ارادہ بہت سے محاورات۔ تلمیحات و ضرب الامثال عربی کے بول جاتے ہیں اب تو یہ سب اردو کا ایک جزو بن گئے ہیں۔ مثلاً سبحان اللہ۔ معاذ اللہ۔ بسم اللہ۔ جزاک اللہ۔ لاحول ولاقوۃ وغیرہ اپنے اپنے موقع پر بول لیتے ہیں۔ اور اپنے کلام میں جوش و جمعیت پیدا کر دیتے ہیں۔

اسلام ایک ہمہ گیر مذہب ہے پوری حیات انسانی پر محیط ہے اس لیے اس میں معاشرت کے تمام آداب اور اصول و قواعد ملتے ہیں۔ چونکہ اسلامی احکام کی اصلی زبان عربی تھی۔ اس لیے ترجمہ کے باوجود اصل لفظ اردو میں ویسے ہی رہ گئے۔ مذہبی اصطلاحات کے طور پر جو الفاظ اردو میں داخل ہو گئے۔ وہ اتنے ہیں کہ اردو زبان آج ان ہی سے جگمگا رہی ہے۔

یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ اہل عرب نے بھی اپنی ادبی ترقی
کے دور میں طب۔ فلسفہ۔ منطق۔ تعبیر۔ نجوم۔ علم بیان،
وغیرہ وغیرہ علوم میں دنیا کے استاد ہونے کا شرف حاصل
کیا اور جب یہ علمی سرمایہ اردو کو ورثہ میں ملا تو لازمی طور پر
وہ اصطلاحات اردو میں ہر علم کو منتقل ہوگئیں۔ کیونکہ
ان اصطلاحات کے ترجمے کرنے میں وہ معنویت اور جامعیت باقی
نہیں رہتی تھی۔ جو عربی کے ایک لفظ میں سموئی ہوئی تھیں۔ پڑھنے
والے نے ایک ہی لفظ میں پورا مفہوم سمجھ لیا اور نفس مضمون
زیادہ سے زیادہ عام فہم اور دلنشیں بن گیا

پھر ایک بات یہ بھی ہے کہ زبان میں جامعیت اور
بلاغت بلکہ ابلاغ مضمون کا ایک ذریعہ بکثرت تلمیحات
کا وجود بھی ہے اس کے لیے اردو کو در بدر بھٹکنا نہ پڑا
دنیا کی قدیم ترین زبان عربی سے تلمیحات بآسانی میسر

آگٹیس۔ اردو کے مبلغین زیادہ تر مسلمان تھے جن کو روحانی طور پر عربی سے والہانہ لگاؤ اور موانست تھی۔ اس لیے تلمیحات کو پورا ذخیرہ اور مکمل خزینہ مل گیا۔ مختصراً ضروری تلمیحات ملاحظہ ہوں۔ جن سے اسلامی اقدار پر کماحقہ، روشنی پڑتی ہے۔ مثلاً۔ آدم و حوّا۔ ابلیس۔ اصحاب کہف اصحاب فیل۔ نوحؑ۔ زمزم۔ موسیٰؑ۔ حاتم۔ خضر۔ زلیخا۔ خندق۔ خیبر۔ ذوالفقار۔ سدرہ۔ حجر اسود۔ شدّاد۔ نمرود۔ فرعون۔ کن فیکون۔ ثمود۔ فاروقؓ۔ بلالؓ۔ شق القمر۔ ذکریاؑ۔ طوبیٰ۔ غار حرا۔ ہاروت ماروت۔ یزید، شمر۔ دجلہ۔ فرات۔ عیسیٰ۔ مُہر نبوت۔ اولی الابصار۔ پوری تلمیحات تحریر کی۔

اصل مقصد یہ ہے کہ یہ سب اسلامی قدریں اردو کو بلا محنت اور بلا تجسس مسٹر آگٹیس ان ہی کی بدولت اردو

میں کسی قدر وسعت پیدا ہوئی۔

اردو میں تمام حروف تہجی بھی عربی کے ہیں۔ چند حروف دوسری زبانوں کے آگئے ہیں ورنہ در اصل زبان کی بسم اللہ ہی عربی سے ہوئی۔ اس کے علاوہ قاعدہ ابجد خالص عربی کی ایجاد ہے جس کی بدولت اب تک ہزاروں قطعات تاریخ لکھے جا چکے ہیں اور جن سے مورخ فوراً پتا لگا لیتا ہے کہ یہ واقعہ کب کا ہے۔

# ماخذات

# ماخذات

اس مقالہ کی ترتیب میں مندرجہ ذیل کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔


| نام کتب | نام مصنف |
|---|---|
| ① قرآن حکیم | ترجمہ۔ شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی |
| ② احادیث سلیم | مولوی وحید الدین سلیم پانی پتی |
| ③ تلمیحات | محمد احمد صاحب |
| ④ مذہب اور شاعری | ڈاکٹر اعجاز حسین صاحب |
| ⑤ اردو غزل کی مختصر تاریخ | ڈاکٹر محمد اسلام صاحب |
| ⑥ سیارہ عبدالعزیز خالد نمبر | |
| ⑦ یادگارِ غالب | مولانا الطاف حسین حالی |
| ⑧ کلیات ولی | ولی دکھنی |
| ⑨ کلیاتِ سودا | مرزا محمد رفیع سودا |
| ⑩ کلیاتِ نظیر | نظیر اکبر آبادی |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ | کلیات مومن | مومن خاں مومن |
| ۱۲ | دیوانِ امجد | امجد حسین امجد |
| ۱۳ | پیامِ امجد | " " " |
| ۱۴ | دیوانِ آتش | خواجہ حیدر علی آتش |
| ۱۵ | دیوانِ درد | میر درد |
| ۱۶ | میکدہ معنی | میر نذر علی درد کاکوروی |
| ۱۷ | مرثیاتِ نظیر | " " " " |
| ۱۸ | دیوان بیکس | مرتبہ راحت مسعود |
| ۱۹ | دیوان عامل | مرتبہ حبیبہ حسن |
| ۲۰ | کیف بیاراں | آرزو اکبر آبادی |
| ۲۱ | آیاتِ جمال | ذہین شاہ تاجی |
| ۲۲ | دیوانِ بشیر | بشیر الدین احمد |
| ۲۳ | ارمغانِ سلیمان | سید سلیمان ندوی |

| | | |
|---|---|---|
| (٢٤) | بانگ درا | علامہ اقبالؒ |
| (٢٥) | بالِ جبریل | " " |
| (٢٦) | ضربِ کلیم | " " |
| (٢٧) | دیوانِ حالی | مولانا الطاف حسین حالی |
| (٢٨) | مسدس حالی | " " " |
| (٢٩) | برکھا رت | " " " |
| (٣٠) | جلوہ احسن | مولانا احسن مارہروی |
| (٣١) | نوائے دل | ہادی مچھلی شہری والا |
| (٣٢) | گردِ کارواں | حکیم احمد شجاع |
| (٣٣) | شاہنامہ اسلام حصہ اوّل | حفیظ جالندھری |
| (٣٤) | " " حصہ دوم | " " |
| (٣٥) | " " حصہ سوم | " " |
| (٣٦) | " " حصہ چہارم | " " |

| | | |
|---|---|---|
| (۳۷) | آب بقا | خان احمد حسین خاں |
| (۳۸) | ترتیل | سید اختر حسین اختر |
| (۳۹) | موج طہور | بہزاد لکھنوی |
| (۴۰) | کفر و ایمان | " " |
| (۴۱) | خواب و خیال | خواجہ سید محمد میر اثر |
| (۴۲) | دیوان حلیم | مرتبہ حفوظ احمد سلیم |
| (۴۳) | شاہنامہ اسلام جدید | عامر عثمانی |
| (۴۴) | باغ کلام اکبر | اکبر وارثی |
| (۴۵) | ریاض اکبر | " " |
| (۴۶) | کلیات حسرت | حسرت موہانی |
| (۴۷) | کلیات شبلی | مولانا شبلی |
| (۴۸) | نشاط روح | اصغر حسین گونڈوی |
| (۴۹) | چمنستان سخن | شاہ نصیر دہلوی |

| | | |
|---|---|---|
| ٥٠ | کلیاتِ اکبر حصہ اول | اکبر الٰہ آبادی |
| ٥١ | " " حصہ دوم | " " " |
| ٥٢ | " " حصہ سوم | " " " |
| ٥٣ | " " حصہ چہارم | " " " |
| ٥٤ | قطعات و رباعیات | " " " |
| ٥٥ | کلیاتِ نعت | مولوی محمد محسن |
| ٥٦ | چراغِ کعبہ | " " " |
| ٥٧ | صبحِ تجلی | " " " |
| ٥٨ | نغمۂ زار | حفیظ جالندھری |
| ٥٩ | سوز و ساز | " " |
| ٦٠ | لوائے حیات | تجلی اعظمی |
| ٦١ | دیوانِ رند مع ضمیمہ گلدستہ عشق | رند |
| ٦٢ | دیوانِ شہیدی | کرامت علی شہیدی |

| | | |
|---|---|---|
| ۶۳ | چمنستان | مولانا ظفر علی خاں |
| ۶۴ | خیالستان | " " " " |
| ۶۵ | نگارستان | " " " " |
| ۶۶ | ذکرِ جمیل | مولانا ماہر القادری |
| ۶۷ | نغماتِ ماہر | " " " |
| ۶۸ | شبستانِ عالمگیری | بے نظیر میاں عالمگیر محمد خاں |
| ۶۹ | روحِ انیس | مرتب سید مسعود حسن رضوی |
| ۷۰ | کلکِ موج | عبد العزیز خالد |
| ۷۱ | دشتِ شام | " " " |
| ۷۲ | منحمنا | " " " " |
| ۷۳ | مزمورِ میرِ مغنی | " " " " |
| ۷۴ | کلیاتِ میر | میر تقی میر |
| ۷۵ | کلیاتِ منیر | منیر شکوہ آبادی |

| | | |
|---|---|---|
| (۷۶) | حدائق بخشش | مولانا احمد رضا خاں رضاؔ |
| (۷۷) | دیوان صفی علی | سید احمد علی صفیؔ علی |
| (۷۸) | محامد خاتم النبیین | امیرؔ مینائی |
| (۷۹) | دیوانِ بیدم | بیدمؔ وارثی |
| (۸۰) | اقبال اور عشقِ رسول | رئیس احمد جعفری ندوی |
| (۸۱) | تذکرہ علماءِ ہند | مولوی رحمان علی خاں |
| (۸۲) | تذکرہ حضرت مجدد الف ثانیؒ | مرتب مولانا منظور احمد |
| (۸۳) | ہندوستان کے سلاطین علماء اور مشائخ کے تعلقات | سید صباح الدین عبدالرحمٰن |
| (۸۴) | مہتابِ داغ | داغؔ دہلوی |
| (۸۵) | آفتاب داغ | " |
| (۸۶) | کلیاتِ ذوق | شیخ محمدؒ ابراہیم ذوقؔ |
| (۸۷) | حجاز ستان | مولانا ظفرؔ علی خاں |
| (۸۸) | گاندھی نامہ | اکبرؔ الہ آبادی |

(۸۹) شعر الہند جلد دوم — عبد السلام ندوی

(۹۰) صریر خامہ قومی شاعری نمبر — شعبۂ اردو ـ جامعہ سندھ حیدرآباد